لغت عرب کے ابتدائی قواعد اور جدید عربی بول چال مع

قصص النّبیّین

(عربی، انگریزی، اُردو)

مرتب

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن

شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ افکارِ اسلامی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد آپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

﴿ إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ ﴾ (یوسف : 2/12)

لغت عرب کے ابتدائی قواعد

اور جدید عربی بول چال

مع

قصص النّبیین

(عربی، انگریزی، اُردو)

www.KitaboSunnat.com

مرتب

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن

شعبہ علوم اسلامیہ، انجینئرنگ یونیورسٹی



مکتبہ افکارِ اسلامی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب : لغت عرب کے ابتدائی قواعد اور جدید عربی بول چال
مع قصص النبیین

مرتب : ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن

اشاعت اول : دسمبر، ۲۰۱۴ء

صفحات : ۲۰۴

مطبع : مکتبہ اسلامیہ پرنٹنگ پریس، لاہور

ناشر مکتبہ افکارِ اسلامی

ملنے کا پتا

مکتبہ اسلامیہ

بالمقابل رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔ پاکستان فون: 042-37244973 - 37232369

بیسمنٹ سمٹ بینک بالمقابل شیل پٹرول پمپ کوتوالی روڈ، فیصل آباد۔ پاکستان فون: 041-2631204 - 2641204

E-mail:maktabaislamiapk@gmail.com www.facebook.com/maktabaislamiapk

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

- عرضِ مؤلف 9
- عربی زبان کی خصوصیات 11
- ذخیرۂ الفاظ 26
- قرآن مجید میں بار بار دہرائے جانے والے حروف اور الفاظ 30
- جدید عربی بول چال کے لیے ذخیرہ الفاظ 45
- اسم فاعل (Subject) 57
- اسم مفعول (Object) 58
- جمع مکسر (broken plural) 59
- نکرہ اور معرفہ (Common noun / Proper noun) 60
- اسمِ ضمیر (Pronoun) 62
- مرکبات (Compounds) 65
- مرکب جاری 66
- مرکب اشاری 67
- اسم اشارہ قریب 67
- اسم اشارہ بعید 67
- مرکب اضافی (Relative Compound) 68
- مرکب توصیفی (Adjective Compound) 69
- اقسامِ جملہ 71
- معرب ومبنی 73
- منصرف، غیر منصرف 74
- فعل (Verb) 75
- فعل ماضی 77

کتاب یم
مکتبہ دار العلوم المحمدیہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- گردان فعل ماضی 77
- مشق 78
- فعل مضارع 79
- مشق 80
- فعل مضارع کی اعرابی حالتیں 82
- فعل امر 83
- مشق 84
- فعل نہی 85
- مشق 85
- ابواب اور ان کی خصوصیات 86
- حرف 91
- مشق 91
- الاوقات (Times) 101
- اَيَّامُ الْأُسْبُوْعِ ہفتہ کے دن Days of the Week 102
- اَشْهُرُ السَّنَةِ سال کے مہینے Months of the Year 104
- حُكُوْمَاتٌ وَإِدَارَاتٌ حکومتیں اور شعبے Governments and Departments 107
- اَلْأَعْدَادُ گنتی Numbers 109
- اَلْأَلْوَانُ رنگ Colours 113
- اَلْعَالَمُ دنیا The World 114

قصص النّبيين (الجزء الاول)

- المقدمة .....
- من كسر الأصنام؟ 118
  - ١۔ بائع الأصنام 118
  - ٢۔ ولد آزر 118
  - ٣۔ نَصِيحَةُ إِبراهِيمَ 119

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٤۔ إِبْراهِيمُ يكْسِرُ الأَصْنَامَ 120
٥۔ مَنْ فَعَلَ هٰذا؟ 120
٦- نَارٌ بَارِدَةٌ 122
٧- مَن رَبُّى 122
٨- رَبِّىَ اللّٰه 123
٩- دَعْوَةُ إِبْرَاهِيْم 124
١٠- أمام الملك 125
١١- دعوةُ الوالِدِ 126
١٢- إلى مكه 127
١٣- بئر زمزم 128
١٤- رُؤْيا إبراهيمَ 129
١٥- اَلْكَعبةُ 130
١٦- بَيتُ المَقْدِسِ 131
❀ أَحْسَنُ الْقَصَصِ 133
١- رُؤْيا عَجِيبَةٌ 133
٢- حَسَدُ الإِخْوَةِ 134
٣- وَفْدٌ إِلَى يَعْقُوبَ 135
٤- إلى الغَابَةِ 136
٥- أَمامَ يَعقُوبَ 137
٦- يُوسفُ فِى الْبِئْرِ 138
٧- مِنَ الْبِئْرِ إِلَى القَصْرِ 139
٨- اَلْوفَاء وَالْأَمَانَةُ 140
٩- مَوعِظَةُ السِّجْنِ 141
١٠- حكمة يوسف 142
١١- مَوْعِظَةُ التَّوحِيْدِ 143

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

١٢- تَأْوِيْلُ الرُّؤْيَا 144
١٣- رُؤْيَا الْمَلِكِ 145
١٤-المَلِكُ يُرْسِلُ إِلَى يُوسُفَ 146
١٥-يُوسُفُ يَسْأَلُ التَّفْتِيش 147
١٦-عَلَى خَزَائِنِ الْأَرْضِ 148
١٧-جَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ 149
١٨-بَيْنَ يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ 151
١٩-بَيْنَ يَعْقُوبَ وَأَبْنَائِهِ 152
٢٠-بِنْيَامِيْنُ عِنْدَ يُوسُفَ 153
٢١- إِلَى يَعْقُوبَ 155
٢٢- يَظْهَرُ السِّرُّ 157
٢٣- يُوسُفُ يُرْسِلُ إِلَى يَعْقُوبَ 159
٢٤- يَعْقُوبُ عِنْدَ يُوسُفَ 159
٢٥- حُسْنُ الْعَاقِبَةِ 160

قصص النّبيين (الجزء الثاني)

❀ المقدمة 162
❀ سفينة نوح 164
(١) بعد آدم 164
(٢) حسد الشيطان 164
(٣) فكرة الشيطان 165
(٤) حيلة الشيطان 166
(٥) صور الصالحين 166
(٦) من الصور الى التماثيل 167
(٧) من التماثيل إلى الأصنام 168
(٨) غضب الله 168

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(٩) الرسول 169
(١٠) بشرٌ أم ملك 170
(١١) نوح الرسول 171
(١٢) ماذا أجابه القوم؟ 171
(١٣) بين نوح وقومه 172
(١٤) اتبعك الأرذلون 173
(١٥) حجة الأغنياء 174
(١٦) دعوة نوح 175
(١٧) دعاء نوح 176
(١٨) السفينة 177
(١٩) الطوفان 178
(٢٠) ابن نوحٍ 179
(٢١) ليسَ من أهلكَ 180
(٢٢) بعد الطوفان 181
❀ العاصفة 182
(١) بعد نوح 182
(٢) كفران عاد 182
(٣) عدوان عاد 183
(٤) قصور عاد 184
(٥) هود الرّسول 185
(٦) دعوة هود 185
(٧) جواب القوم 186
(٨) حكمة هود 187
(٩) إيمان هود 188
(١٠) عناد عاد 189
(١١) العذاب 190

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

❀ ناقة ثمود 192

(١) بعد عاد 192

(٢) كفران ثمود 193

(٣) عبادة الأصنام 193

(٤) صالح عليه الصلاة والسلام 194

(٥) دعوة صالح 195

(٦) دعاية الأغنياء 196

(٧) قد أخطأ ظنُّنا! 197

(٨) نصيحة صالح 198

(٩) ما أسألكم عليه من أجر 199

(١٠) ناقة الله 199

(١١) النوبة 200

(١٢) طغيان ثمود 201

(١٣) العذاب 202

❀ ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن کی تحریری کاوشیں 205

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مؤلف

عربی زبان اللہ تعالیٰ کی پسندیدہ زبان ہے۔ افضل ترین کتاب قرآن مجید اور افضل ترین پیغمبر سیدنا محمد ﷺ کی زبان ہے۔ کلمہ اور اذان و نماز کی یہی زبان ہے۔ بعض شعائر اسلام جیسے السلام علیکم کی ادائیگی بھی اسی زبان میں کی جاتی ہے۔ اس قدر عربی زبان سیکھنا کہ شہادتین اور نماز وغیرہ کی ادائیگی کی جاسکے، ہر مسلمان پر فرض عین ہے۔

مزید برآں یہ زبان دنیا کے بہت سے ممالک میں بولی اور سمجھی جاتی ہے، اس زبان کا سیکھنا باعث سعادت ہے۔ اسی لیے اس لغت کی تعلیم مسلمان اپنے بچوں کو دیتے ہیں۔ پاکستان کے ابتدائی تعلیمی اداروں میں یہ زبان لازمی مضمون کے طور پر شامل کی گئی ہے، تاہم اس کی تعلیم کی طرف خاطر خواہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ بالخصوص انگریزی زبان کی طرح اس کے لکھنے بولنے کی مشق کروائی جانی چاہیے اس لیے کہ لکھنا لکھنے سے اور بولنا بولنے سے آتا ہے۔ نہ صرف ملک کے سرکاری تعلیمی اداروں میں بلکہ نجی سطح پر انگریزی سیکھنے سکھانے کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے مگر عربی زبان کی تعلیم کے ادارے نہ ہونے کے برابر ہیں۔ تاہم کچھ احباب اپنی اپنی بساط کے مطابق لغۃ القرآن کی تعلیم میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔

زیر نظر کتاب ''لغت عرب کے ابتدائی قواعد اور جدید عربی بول چال'' اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس کے پہلے حصے میں عربی زبان کی اہم خصوصیات بیان کی گئی ہے۔ اس کے بعد ابتدائی عربی گرامر کے بعض اہم اسباق مع تمرینات پیش کیے گئے ہیں۔ مشقوں کے لیے دار الفلاح، لاہور کی تیار کردہ بعض کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ جدید عربی بول کے لیے مولانا مشتاق احمد چرتھاولی مرحوم کے کتابچے عربی گفتگو نامہ کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ عربی بان کے بہت سے جدید الفاظ کا انتخاب دار السلام کی شائع کردہ کتاب جدید عربی سے کیا گیا ہے۔ نیز گنتی، دنوں، مہینوں اور اہم اشارات کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ اس کتاب کا حصہ ہیں۔

کتاب کے دوسرے حصے میں مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کی بچوں کے لیے لکھی جانے والی کتاب قصص النّبیین کے ابتدائی دو حصوں کا اردو اور انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ اردو ترجمہ محترم محمد یونس انا اور جبکہ انگریزی ترجمہ سید احسان الحق ندوی ایم اے (علیگ) کا ہے۔ ان ترجموں میں بعض معمولی تغیر و تبدل بھی کیا گیا ہے۔ انگریزی ترجمے میں الفاظ کی پابندی کی بجائے ترجمانی کا انداز اختیار کیا گیا ہے۔ یہ ترجمہ اسلامک ریسرچ اینڈ پبلی کیشنز، لکھنو، (انڈیا) کی طرف سے شائع کردہ ہے۔

قصص النّبیین کے بارے میں الشیخ احمد الشرباصی، مدرس جامعہ ازہر (قاہرہ) لکھتے ہیں:

انبیاء کے قصوں کا یہ سلسلہ پہلے تو ہندوستان میں مسلمانوں کے بچوں کے لیے رکھا گیا تھا تاکہ وہ ان کی نشوونما کے دوران ان کے دین، اور قرآن کی زبان کے ساتھ انھیں مربوط کر دے۔ مگر یہ مفید سلسلہ اسی طرح عرب ممالک کے مسلمان بچوں کے لیے بھی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مفید ہے۔ تاکہ ان کو بھی دینی و روحانی غذا فراہم کر سکے۔ جس سے ان کے نفوس کی تہذیب اور اخلاق کی درستگی ہو سکے اور انھیں نہایت عمدہ سامان کا زادراہ مہیا کر سکے۔ فرمان الٰہی ہے:

''زادراہ لے لیا کرو۔ یقیناً بہترین زادراہ تقویٰ ہے۔ اور اے عقل والو! مجھ سے ہی ڈرو۔'' (البقرۃ)

اسلامی ممالک اور بلاد عربیہ کے ارباب اقتدار کو یہی زیب دیتا ہے کہ وہ اس عمدہ اور خالص کام کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں۔ اور اس کی حوصلہ افزائی کریں، اور تائید بھی۔ اور بچوں کی تہذیب و ثقافت اور مطالعہ کی کتب میں اسے شامل کر لیں۔ یقیناً اس میں مسلم نوجوانوں کو اسلامی ثقافت کے ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنے، اور ان کی جماعتوں کو قریب لا کر باہمی وحدت اسلامی پیدا کرنے کی پوری صلاحیت موجود ہے۔ وہ وحدت جس کی طرف قرآن نے دعوت دی، اور رحمٰن نے برکت عطا کی جب فرمایا:

﴿إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ﴾ (الحجرٰت)

''ایمان والے تو بھائی بھائی ہیں۔''

نیز فرمایا:

﴿وَ اعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا وَ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا﴾ (اٰل عمرٰن)

''تم سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑو اور تفریق پیدا نہ کرو اور اپنے اوپر اللہ کے احسانات یاد کرو، جب تم آپس میں دشمن تھے تو اس نے تمھارے دلوں میں محبت پیدا کی، تو تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی بن گئے۔''

ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن
انجینئرنگ یونیورسٹی، لاہور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی زبان کی خصوصیات

عربی زبان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآنِ کریم کے لیے منتخب کیا ہے۔ یہ ہمارے محترم رسول حضرت محمد ﷺ، آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، آئمہ اسلام اور مسلمان خلفاء کی زبان ہے۔ یہ ہمارے محبوب دینِ اسلام کی زبان ہے۔ ہماری عبادت، اذان، خطبات اور اذکار و اوراد سب اسی میں ہیں۔ دنیا کا ہر نمازی..خواہ اس کی مادری زبان کوئی بھی ہو..اپنی نماز میں شروع سے آخر تک عربی میں ہی اللہ تعالیٰ کی ثنا، تکبیر و تقدیس اور حمد کرتا ہے، اور اس کی بارگاہ میں اپنی ہر طرح کی التجائیں پیش کرتا ہے۔ اس لیے ہر مسلمان..تعلیم یافتہ ہو یا ناخواندہ..کسی نہ کسی حد تک عربی زبان ضرور سیکھتا ہے۔

عربی زبان کی کئی ایسی خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے یہ زبان باقی بے شمار زبانوں سے ممتاز ہو جاتی ہے۔ یہ قرآن کی زبان ہونے کی وجہ سے ایک زندہ زبان ہے۔ یہ افصح اللغات ہے۔ کثیر التعداد مترادفات اور لغاتِ اضداد اس کی فصاحت و بلاغت کے مظاہر ہیں۔ یہ زبان دقۃ التعبیر (باریک تعبیرات) کا اتم ملکہ رکھتی ہے۔ اعراب، نحو اور صرفی خصوصیات اشتقاق وغیرہ بھی اس زبان کی وسعت میں اضافہ کر دیتے ہیں، نیز ایجاز و اطناب اور تسہیل اس زبان کی گرانقدر خصوصیات ہیں۔ ذیل میں اہم خصوصیات کا مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے:

(۱) مسلمانوں کی مادری زبان

عربی زبان ایک اعتبار سے تمام مسلمانوں کی مادری زبان ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کی زبان ہے۔ قرآن نے ازواجِ مطہرات کو اہلِ ایمان کی مائیں کہا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ﴾ (الاحزاب ۳۳:۶)

''پیغمبر مومنوں پر ان کی جانوں سے بھی زیادہ حق رکھتے ہیں اور پیغمبر کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔''

عربی زبان چونکہ ازواجِ مطہرات رضی اللہ عنہن کی زبان ہے اس لئے اس اعتبار سے عربی تمام دنیا کے مسلمانوں کی مادری زبان قرار پاتی ہے۔

(۲) زندہ زبان

عربی ایک زندہ زبان ہے جبکہ باقی السنہ سامیہ مردہ زبانوں کی صف میں شامل ہو چکی ہیں۔

ویدکی زبان سنسکرت، دھمپد کی زبان پالی، استا کی زبان ژند، انگہ کی پراکرت، تورات کی زبان عبرانی زبور کی سریانی، صحیفہ صابئیت کی زبان کلدانی، صحیفہ ابراہیمی کی بابلی، انجیل کی یونانی اور تورات کی نزولی زبان آرامی سب مردہ ہو چکی ہیں۔ (فضل اکبر کاشمیری: علوم القرآن ص: ۸۲۔۸۳، ط: ۱، ۲۰۰۲ء مدرسہ ابوبکر کیماڑی، کراچی) قرآن کے علاوہ دیگر الہامی کتب جن زبانوں میں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نازل ہوئی تھیں وہ مردہ ہو چکی ہیں اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ وہ کتابیں بھی عارضی تھیں۔ محدود وقت، محدود علاقے اور محدود اقوام کے لئے تھیں۔ یہ اقوام زمانی و مکانی قیود سے بالاتر نہ تھیں۔ اس لئے جو زبانیں ان کے لئے منتخب کی گئیں وہ ان کے ساتھ ہی فنا کے گھاٹ اتر چکی ہیں جبکہ قرآن کی زبان فنا اور زوال سے ماوراء ہے۔

عربی لغت کیونکر محفوظ ہے، کیا قرآن کریم عربی لغت کی حفاظت کرتا ہے یا عربی زبان قرآن کی حفاظت کرتی ہے؟ اس سوال کا علمی جواب ڈاکٹر عبدالصبور شاہین کے بقول قرآن مجید کی اس آیت سے بڑھ کر اور کوئی نہیں ہو سکتا:

﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ إِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ﴾ (الحجر ۱۵:۹)

''بے شک یہ (کتاب) نصیحت ہم نے ہی نازل کی ہے اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔''

اس کا مطلب ہے کہ حفاظتِ قرآن وسائلِ انسانی کا محتاج نہیں۔ یہ صرف اللہ تعالیٰ کی ذمہ داری ہے، وَ إِنَّا لَهُ لَحٰفِظُوْنَ

(فی علم اللغة العام ص:۲۴۶)

اس کے بعد موصوف نے کئی صفحات (۲۴۶۔۲۵۴) میں اس پر روشنی ڈالی ہے اور خلاصۃ القول کے طور پر لکھتے ہیں:

"و خلاصة القول ان القرآن الكريم هو الذى يحفظ اللغة العربية و ليست اللغة العربية هى التى تحفظ القرآن" (ایضاً ص:۲۵٤)

''ساری بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ قرآن کریم ہی عربی زبان کا محافظ ہے نہ کہ عربی زبان قرآن کی حفاظت کرتی ہے۔''

عربی زبان کے لاتعداد الفاظ دیگر زبانوں میں رائج ہیں۔ ہماری قومی زبان اور دیگر علاقائی زبانوں میں عربی کے الفاظ بکثرت ملتے ہیں نیز فارسی، اردو اور ہماری علاقائی زبانوں کا رسم الخط اور کثیر التعداد اصطلاحات عربی زبان کی ہیں۔ اس چیز کو دیکھتے ہوئے عربی زبان کو ام الالسنة یا مجمع اللغات کہا جا سکتا ہے۔

عربی زبان اس اعتبار سے بھی زندہ زبان ہے کہ اس میں باقی زبانوں کے الفاظ شامل کرنے کے مؤثر قواعد موجود ہیں، جن کی روشنی میں باقی زبانوں کے الفاظ کو معرب کر لیا جاتا ہے جس سے وہ الفاظ بھی عربی زبان کے الفاظ بن جاتے ہیں۔ نحو و لغت کے امام خلیل اور سیبویہ کہتے ہیں:

ما قيس على كلام العرب فهو من كلامهم (عبدالغفار حامد ہلال: العربية، خصائصها و سماتها، ص:۳۵۹ (فصل: ۳، القياس والارتجال)، ط:۴، ۱۴۱۵ھ/۱۹۹۵ء، مؤلف)

''جس کو عرب کے کلام پر قیاس کیا جا سکے وہ ان کا کلام ہی ہے۔''

(۳) افصح اللغات

عربی زبان سب زبانوں سے فصیح اور وسیع زبان ہے۔ حافظ ابن کثیر سورۂ یوسف (۱۲:۲) ﴿إِنَّا أَنْزَلْنَاهُ قُرْآنًا عَرَبِيًّا﴾ کی تفسیر میں رقمطراز ہیں:

لغة العرب أفصح اللغات و أبينها و أوسعها و أكثرها تأدية للمعانى التى تقوم بالنفوس فلهذا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أنزل أشرف الكتب بأشرف اللغات على أشرف الرسل بسفارة أشرف الملائكة، و كان ذلك في أشرف بقاع الأرض؛ و ابتدئ انزاله في أشرف شهور السنة و هو رمضان، فكمل من كل الوجوه (حافظ عماد الدین ابوالفداء اسماعیل بن کثیر: تفسير القرآن العظيم (تفسير ابن كثير) ۲/ ٤٧٨، ط: دار مصر للطباعة، مصر)

''عربی زبان نہایت کامل اور مقصد کو پوری طرح واضح کر دینے والی اور وسعت و کثرت والی ہے۔ اس لئے یہ پاکیزہ تر کتاب، اس بہترین زبان میں افضل تر رسول پر فرشتوں کے سردار فرشتے کی سفارت میں تمام روئے زمین کے بہتر مقام میں وقتوں میں بہترین وقت میں نازل ہو کر ہر ہر طرح کمال کو پہنچی۔''

ابن فارس کہتے ہیں:

لغة العرب أفضل اللغات و أوسعها و قال تعالى: ﴿ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِينٍ﴾ فوصفه بأبلغ ما يوصف به الكلام و هو البيان (البلغة في أصول اللغة، ص: ٤١)

''لغتِ عرب سب سے افضل اور وسیع ترین زبان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ (قرآن) فصیح عربی میں ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے عربی کو بلیغ ترین الفاظ جن سے کلام کی خوبی بتائی جا سکتی ہے، سے متصف قرار دیا ہے اور وہ ہے صفتِ بیان۔''

بیان ایک ایسی صفت ہے کہ جس کی بنیاد پر کسی زبان کی خوبی و خامی کو پرکھا جا سکتا ہے۔ جو زبان مافی الضمیر کے اظہار و بیان پر زیادہ قادر ہو وہی اکمل اور برتر زبان کہلوانے کا حق رکھتی ہے۔

عربی زبان کی وسعت اور فصاحت کے بارے میں امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"و لسان العرب أوسع الألسنة مذهبا و أكثرها ألفاظا و لا نعلمه يحيط بجميع علمه انسان غير نبي" (الرسالة ص: ٤٢)

''عربی زبان تمام تر زبانوں میں وسیع تر زبان ہے۔ اس کے الفاظ بھی سب سے زیادہ ہیں اور جہاں تک ہمیں معلوم ہے اس کے تمام لغات کا احاطہ سوائے نبی کے اور کوئی انسان نہیں کر سکتا۔''

عربی زبان کی وسعت کا اندازہ کرنے کے لئے اس زبان کی کسی بھی ڈکشنری کو دیکھا جا سکتا ہے۔ عربی زبان کی ضخیم کتب میں لاکھوں الفاظ اور ان کے مادے (Roots) موجود ہیں۔

یہ حیران کن وسعت عربی کی ایک اہم خصوصیت ہے۔ یہ وسعت محض مترادفات کے سبب سے ہی نہیں بلکہ اس میں اس چیز کا بھی ہاتھ ہے کہ عربوں نے ہر چیز کی ہر ہر حالت کا مختلف نام رکھنے کی کوشش کی ہے جو اس کے عین مناسب بیٹھتا ہے، اگرچہ عربوں کی زندگی بڑی سادہ تھی اور گھوم پھر کر انہیں ایک سی چیزوں سے واسطہ پڑتا تھا، اور اس بدلنے والے ماحول کے لوگوں سے الفاظ کی کثرت کی توقع نہ کی جا سکتی تھی لیکن عرب یقیناً مستحقینِ داد و تحسین ہیں کہ انہوں نے اس سادہ زندگی کے ذرے ذرے کا الگ الگ نام رکھ کر ایک وسیع ذخیرہ الفاظ کو جنم دیا۔ عربی زبان کی وسعت میں بھدے اور گنوار الفاظ کی بھرمار نہیں بلکہ اس کے دامن میں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہایت اونچا ادب، بہت بڑی تہذیب کے آثار، علوم وفنون کے پلندے اور آج کی جدید سائنس اور کیمیاء کی اصطلاحات سبھی کچھ سما سکتا ہے۔ اپنی اس غیر معمولی وسعت کے سبب عربی زبان ہمیشہ ہمیشہ باقی تمام سامی زبانوں کے مبہم اسرار و رموز حل کرنے میں علمائے لسانیات کا بہت بڑا مرجع رہے گی۔

عربی زبان کی بے پایاں وسعت کا زندہ ثبوت دیکھنا ہو تو اکبر بادشاہ کے وزیر فیضی کی تفسیر القرآن "سواطع الالهام" (الہام کی پھیلتی ہوئی شعاعیں) اس کی نہایت روشن مثال ہے۔ ہزاروں صفحات پر پھیلی اس عربی تفسیر میں نقطوں والے حروف موجود نہیں۔ اس تفسیر کو عرفِ عام میں غیر منقوط تفسیر کہا جاتا ہے۔ ایک دو نمونے ملاحظہ کریں تاکہ عربی زبان کے ذخیرہ الفاظ اور وسعت دامانی کا اندازہ ہو۔ سورۃ الفاتحہ کے نام بیان کرتے ہوئے فیضی لکھتے ہیں:

" و لها أسماء أحصاها العلماء، أحدها الدعاء لما هو مدعو أهل الله و هم دعوه لحصول المعاصد، و الأساس لما هو أس الكلام و أصله، و الأم لما هو جامل لمدلول الكل و مولد لحصول ما أوحاه الله طرا، و الحمد لما هو أول كلمها كماحكموا لأسماء السور أهو حاو لمحامده، و الأصل لما رأوا عوام أهل الاسلام طرحوا كلام الله و مالوا للهو و داوموا كلام أهل الأهواء رسموا كلاما مادحا للسور كلها لاصلاح أحوالهم" (ابوالفیض فیضی: سواطع الالهام ۱/ ۲۱، ط: ۳، ۱۳۰۶ھ/ ۱۸۸۹ء نولکشور پریس لکھنو، انڈیا)

''سورہ فاتحہ کے بہت سے نام ہیں۔ ان سب کو علماء نے بیان کیا ہے۔ ایک نام سورۃ الدعاء ہے کیونکہ وہ اللہ والوں کی دعا ہے اور انہوں نے حصول مقاصد کے لئے اسے بطور دعا پڑھا ہے۔ سورۃ الاساس اس کا نام ہے کیونکہ وہ کلام اللہ کی بنیاد ہے اور اصل ہے۔ سورۃ الام اسے اس لئے کہتے ہیں کہ وہ قرآن کے تمام معانی کی حامل ہے اور اللہ کے وحی کردہ جملہ مطالب کا مولد ہے۔ سورۃ الحمد بھی اسے کہتے ہیں کیونکہ سورت کا پہلا کلمہ حمد ہے اور علماء نے تمام سورتوں کے ناموں کا فیصلہ اسی طرح کیا ہے۔ یہ سورت اللہ کی تعریفوں کو محیط ہے۔ اس کو الاصل کا نام دیا گیا کیونکہ علماء نے عام مسلمانوں کو دیکھا کہ وہ اللہ کے کلام کو پس پشت ڈال کر لہو ولعب کی طرف متوجہ ہو گئے ہیں اور بندگانِ ہوا و ہوس کے کلام پر وقت گنوا رہے ہیں تو علماء نے ان کی اصلاحِ حال کی خاطر تمام سورتوں کی ابتدا میں سورتوں کی تعریف میں کلام لکھ دیا ہے۔''

لغوی تحقیقات میں بھی فیضی نے غیر منقوط حروف استعمال کیے ہیں۔ لفظ اسم کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"الاسم أصله سِمْوٌ كعلم و مصدره السُّمُوُّ وهو العلو، و أحد سماء و ورد أُسُمٌّ و سِمٌّ و سُمٌّ أو وَسْمٌ أَسَمَهُ أعلمه و الْمَوْسِمُ الْمَعْلَمُ و الاسم العلم و الأول أصح لعدم ورود الأسام مكسرا" (ایضاً)

''اسم کی اصل عِلْمٌ کے وزن پر سِمْوٌ ہے۔ اس کا مصدر سُمُوٌّ بمعنی بلندی ہے۔ اسم کی جمع اسماء ہے۔ اسم کی جگہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُسْمٌ، سِمٌ، سُمٌ بھی بولا جاتا ہے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ اسم کی اصل وَسْمٌ ہے۔ أَسْمَهُ کے معنیٰ أَعْلَمَهُ ہے یعنی اس نے اسے آگاہ کیا۔ مَوْسَمٌ بمعنیٰ مَعْلَمٌ یعنی نشان کرنے کی جگہ ہے۔ اسم کے معنیٰ علامت ہیں۔ پہلا قول صحیح ترین ہے کیونکہ وَسْمٌ کی جمع مکسر أَوْسَامٌ نہیں آتی ہے۔ اوسم کی جمع مکسر وُسُوْمٌ اور أَوْسَمَةٌ ہیں۔" •

العربیۃ کے لغوی معنیٰ سے ہی اس زبان کی فصاحت و بلاغت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ابنِ منظور افریقی لکھتے ہیں:

"و تقول: رجل عربی اللسان اذا کان فصیحا" (لسان العرب ٤/ ٢٨٦٥)

"اہلِ لغت آدمی کو عربی زبان والا تب کہتے ہیں جب وہ فصیح ہو۔"

أعرب یعرب کا معنیٰ ہوتا ہے صاف صاف گفتگو کرنا۔ حدیثِ نبوی ہے:

"الثیب تعرب عن نفسها و البکر رضاها صمته" (امام احمد بن حنبل: مسند ٤/ ٢٤، ١٩٢، ٣/ ٣٥٣، ط: المکتب الاسلامی للطباعة و النشر، بیروت)

"ثیبہ اپنے دل کی بات صاف صاف بیان کرے اور کنواری عورت کا خاموش رہنا ہی رضامندی (اجازت) ہے۔"

عَرَبَ کی وضاحت میں راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

العربی: فصیح، وضاحت سے بیان کرنے والا۔ الأعراب: کسی بات کو واضح کر دینا۔ أعرب عن نفسه: اس نے بات کو وضاحت سے بیان کر دیا۔ حدیث میں ہے: الثیب تعرب عن نفسها کہ ثیب اپنے دل کی بات صاف صاف بیان کر سکتی ہے۔ اعراب الکلام: کلام کی فصاحت کو واضح کرنا۔ علمائے نحو کی اصطلاح میں اعراب کا لفظ ان حرکات و سکنات پر بولا جاتا ہے جو کلموں کے آخر میں یکے بعد دیگرے (حسب عوامل) بدلتے رہتے ہیں۔ العربی واضح اور فصیح کلام کو کہتے ہیں چنانچہ فرمایا: ﴿قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا﴾ واضح اور فصیح قرآن (نازل کیا) (٢:١٢)۔ ﴿بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ﴾ فصیح عربی زبان میں..... (١٩٥:٢٦)۔ ﴿فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا﴾ جس کی آیات کھول کھول کر بیان کر دی گئی ہیں یعنی واضح قرآن (٣:٤١)۔ ما بالدار عریب: گھر میں کوئی نہیں ہے۔ امرأة عروبة: وہ عورت جو اپنے خاوند سے محبت اور پاکبازی کو ظاہر کرنے والی ہو۔ اس کی جمع عُرُبٌ ہے۔ قرآن پاک میں ہے: ﴿عُرُبًا اَتْرَابًا﴾ (اور شوہروں کی) پیاریاں اور ہم عمر (٣٨:٥٦)۔ اور عربت علیہ کے معنیٰ کسی کو اس کی غلطی بتانے کے ہیں۔ حدیث میں ہے: عربوا علی الامام (امام قراءت میں غلطی کرے تو اسے بتا دو) .....اور آیتِ کریمہ: حُكْمًا عَرَبِيًّا کے معنیٰ واضح اور فصیح کتاب کے ہیں جو حق کو ثابت اور باطل کو غلط ثابت کر دکھائے۔

(المفردات فی غریب القرآن ص: ٦٠٧۔٦٠٨)

(۴) مشترک، مترادف اور متضاد الفاظ کی کثرت

یوں تو کوئی زبان بھی مشترک الفاظ، مترادفات اور متضادات سے یکسر خالی نہیں مگر عربی زبان کو اس ضمن میں تمام زبانوں پر فوقیت حاصل ہے۔ اس میں ان الفاظ کی فراوانی ہے۔ عربی میں بعض الفاظ کثیر المعانی ہوتے ہیں۔ بعض الفاظ کے دو دو، تین تین اور چار چار معانی ہوتے ہیں۔ بعض الفاظ کے پچیس پچیس، تیس تیس اور اس سے بھی زیادہ معانی ہوتے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ مشترکہ کی مثالیں عین، قدر، روح اور اس جیسے دیگر الفاظ ہیں۔

(سمیح عاطف الزین: الاسلام و ثقافة الانسان ص:۲۹۱، ط:۷، ۱۴۰۱ھ/۱۹۸۱ء، دار الکتاب اللبنانی، بیروت)

اسی طرح لفظ جبن پنیر کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے اور بزدلی کے لئے بھی، اسی طرح عین کا معنیٰ آنکھ، جاسوس اور چشمہ وغیرہ کیا جاتا ہے۔ آج کل ریڈیو میں استعمال کیے جانے والے الیکٹرک بلب کو بھی عین کہا جاتا ہے۔

(دیکھیے: علم اللغة العام ص:۲۵)

بیشمار الفاظ اس زبان کے ایسے ہیں کہ ایک ایک لفظ کے کئی کئی معانی ہیں اور بہت سے معانی ایسے ہیں جن کے لئے کئی کئی الفاظ ہیں۔ اور پھر ان الفاظ کے اندر کوئی نہ کوئی امتیازی بات اور کوئی نہ کوئی خصوصیت بھی موجود ہے۔ اگر آپ "عیـــن" کے لفظ کو دیکھیں تو لغت میں اس کے اکاون گنائے گئے ہیں اور اکاون معانی آفتاب، آنکھ اور چشمہ وغیرہ بے شمار ایسے معانی ہیں جن کے لئے الگ الگ الفاظ ہیں۔ (مولانا کوثر نیازی: عربی زبان کی اہمیت (کتابچہ) ص:۱۱، ط: پاکستان نیشنل سینٹر سرور روڈ راولپنڈی۔ نیز مشترک الفاظ کی بحث کے لئے دیکھیے: البلغة ص:۴۸)

اس سلسلے میں امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"و تسمّی الشیء الواحد بالأسماء الکثیرة و تسمی بالاسم الواحد المعانی الکثیرة"

(الرسالة ص: ۵۲)

"(عربی زبان میں) ایک چیز کے بکثرت نام رکھے جاتے ہیں اور ایک لفظ کئی کئی معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔"

عربی زبان میں ایک مفہوم سینکڑوں انداز سے مختلف الفاظ اور عنوانات سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ عربی زبان میں مترادفات کی کثرت کا اندازہ فیضی کی تفسیر سواطع الالهام اور صدیق حسن خان قنوجی کی کتاب مدارك الكلم سے کیا جا سکتا ہے۔ یہ دونوں کتب غیر منقوط ہیں۔ اگر عربی زبان میں مترادفات کی کثرت نہ ہوتی تو ایسا ممکن نہ تھا کہ انتیس حروفِ تہجی میں سے صرف تیرہ (غیر منقوط) حروف کو استعمال کر کے اتنی بڑی بڑی کتب مرتب کی جاتیں۔ مترادفات کی کثرت کی وجہ سے مقفیٰ اور مسجع عبارت لکھنا دیگر زبانوں کی بنسبت آسان ہے۔ عربی میں صنائع و بدائع کا استعمال جس قدر باآسانی ممکن ہے کسی اور زبان میں نہیں۔ مقامات بدیع الزمان، حریری اور مقامات زمخشری پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ صلاحیت عربی زبان میں کس قدر زیادہ ہے۔ کثرتِ مترادفات و متجانسات کی بنا پر عربی زبان فنِ خطابت کے لئے نہایت موزوں ہے۔

مترادفات کی کثرت جاننے کے لئے مندرجہ ذیل اعداد و شمار پر غور کیا جا سکتا ہے: عربی زبان میں تلوار کے ۱۰۰۰، شیر کے ۵۰۰، اونٹ کے ۵۰۰، مصائب کے ۴۰۰، سانپ کے ۲۰۰، پانی کے ۱۷۰، بستی کے ۱۲۰، درازی قد کے ۹۱، تاریکی کے ۵۲، کنویں کے ۲۸، سال کے ۲۴، اور روشنی کے ۲۱ نام ہیں۔ (دیکھیے: علوم القرآن، ص:۸۱۔۸۲)

گرنا، گرانا کے لئے (قرآن میں) ۱۹ الفاظ استعمال ہوئے ہیں، سامان کے لئے ۱۵ الفاظ، کم کرنا کے لئے ۱۳، ہلاک کرنا کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے ۱۳، کنارہ کے لئے ۱۳، مضبوط بنانے کے لئے ۱۲، زمین اور اس کی اقسام کے لئے ۲۰، ملانا کے لئے ۱۳، روکنا کے لئے ۱۵، ڈرنا کے لئے ۱۰، دوڑنا کے لئے ۱۱، چلنا کے لئے ۱۲، جھکنا کے لئے ۱۲، جماعت کے لئے ۱۴، بدلہ کے لئے ۱۲، خوش ہونا، اکٹھا کرنا، اٹھانا، دینا، دوست سب کے لئے دس دس الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

(مولانا عبدالرحمٰن کیلانی: مترادفات القرآن ص: ۸۔۹، ط: ۸، ۲۰۰۵ء، مکتبۃ السلام وسن پورہ، لاہور)

مگر ان الفاظ میں تھوڑا بہت فرق ضرور موجود ہوتا ہے۔ ذیل میں اس فرق کے تصور کو اجاگر کرنے کے لئے دو تین مثالیں دی جاتی ہیں:

آواز کے لئے قرآن میں چوبیس الفاظ استعمال ہوئے ہیں، ان الفاظ کی تفصیل یہ ہے:

(۱) صوت عام ہے، ہلکی ہو۔ بلند۔ جاندار کی ہو، بے جان کی ہو، بے معنیٰ ہو یا بامعنیٰ ہو۔

(۲) صدّ: چیخنا چلانا یا کراہنا۔

(۳) صرخ: فریاد کی صورت چلانے کی آواز۔

(۴) همس: انسان کی کسی بھی حرکت کی ہلکی سی آواز۔

(۵) حسیس: قدموں کی آہٹ کی طرح خفیف آواز۔

(۶) مکاء: سیٹی کی قسم کی آواز۔

(۷) تصدية: تالی کی آواز۔

(۸) ضبح: دوڑتے وقت ہانپنے کی آواز۔

(۹) خوار: بچھڑے کی آواز۔

(۱۰) زفير: گدھے کے رینگنے کی ابتدا۔

(۱۱) شهيق: گدھے کے رینگنے کی انتہا۔

(۱۲) لهث: کتے کے ہونکنے کی آواز۔

(۱۳) رکز: مکھی کی بھنبھناہٹ جیسی آواز۔

(۱۴) صيحة: بلند اور بے معنیٰ آواز۔

(۱۵) صاخة: کان پھوڑنے والی کرخت اور بلند آواز۔

(۱۶) تغيظ: غیظ وغضب میں جھنجھلاہٹ۔

(۱۷) هد: دھڑام کی آواز۔

(۱۸) غلي: ہنڈیا کے ابلنے کی آواز۔

(۱۹) صلصال: پختہ مٹی کے کھنکھنے کی آواز۔

(۲۰) قارعة: کھڑکھڑانے کی آواز۔ (ایضاً ص: ۱۰۳)

سامان کے لئے عربی میں بکثرت الفاظ ہیں۔ ان الفاظ میں مندرجہ ذیل قرآن میں استعمال ہوئے ہیں:

۱: عرض: دنیا اور اس کے سامان کی بے ثباتی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

۲: متاع: ہر وہ سامان جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔

۳: أثاث: گھر کا متفرق سامان۔

۴: رحل: سفر میں ساتھ رہنے والا سامان۔

۵: وعاء: ہر وہ سامان جو منہ بند یا مقفل ہو۔

۶: جهاز: ہر وہ سامان جو روانہ ہونے تک تیار کیا جائے خواہ زاد ہو یا رحل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷: زاد: دورانِ سفر خورد ونوش کا سامان۔

۸: أسلحة: آلاتِ حرب وضرب۔

۹: عدة: جنگی تیاری اور اس سے متعلقہ ہر قسم کا سامان اور تیاری۔

۱۰: نعمة: سامانِ تعیش۔

۱۱: ریش: فاخرانہ لباس اور اس کے متعلقات۔

۱۲: بضاعة: فروختنی سامان یا سرمایہ۔

۱۳: ماعون: عام استعمال کی چھوٹی گھریلو اشیاء۔

۱۴: حذر: اپنے بچاؤ کا سامان۔

۱۵: معایش: سامانِ زیست اور اس کے لوازماتِ زندگی۔ (ایضاً، ص:۵۷۶)

جماعت کے لئے قرآن پاک میں مندرجہ ذیل الفاظ استعمال ہوئے ہیں:

۱: جمیع(ج م ی ع) کسی بھی موقع پر جمع شدہ لوگ

۲: رهط(ر ہ ط) اس جماعت کا سردار جس میں ایک ہی خاندان کے دس تک نوجوان شامل ہوں

۳: شرزمة(ش ر ز م ة) کمزور لوگوں کی چھوٹی سی جماعت۔

۴: عصبة(ع ص ب ة) طاقتور لوگوں کی چھوٹی سی جماعت۔

۵: طائفة(ط ا ء ف ة) ایک رائے اور ایک مذہب کے لوگ

۶: فئة(ف ء ة) ایک دوسرے سے تعاون حاصل کرنے والی جماعت

۷: فرقة(ف ر ق ة) کسی بڑی جماعت سے الگ ہونے والی چھوٹی جماعت

۸: ثلة(ث ل ة) کثیر تعداد کے لئے آتا ہے۔

۹: زمرة(ز م ر ة) کسی بڑی جماعت کے بکھرے ہوئے ٹولے جو نقل وحرکت کر رہے ہوں۔

۱۰: عزین(ع ز ی ن) ایک ہی نسب کے لوگ۔

۱۱: حزب(ح ز ب) لشکر، سیاسی پارٹی۔

۱۲: معشر(م ع ش ر) کسی مخصوص مقصد کی حامل جماعت کے کل افراد۔

۱۳: ثقلان(ث ق ل ا ن) دو بڑی مخلوقات یعنی جن اور انسان۔

۱۴: أمة(أ م ة) ایک امام کے متبع ہم عقیدہ لوگ۔ (ایضاً ص:۱۰)

اضداد کی کثرت بھی عربی زبان کی ایک عجیب خصوصیت ہے۔ بعض الفاظ کے معانی ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں نَیْلٌ کا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنیٰ پیاسا اور سیراب ہونا ہے۔ ذاب کا معنیٰ پگھلنا اور جم جانا ہے۔ بیع کا معنیٰ خریدنا اور فروخت کرنا۔ وراء کا معنیٰ آگے اور پیچھے دونوں ہے۔ بَیْنٌ کا معنیٰ ملاقات اور فراق۔ ایسے الفاظ کی عربی زبان میں اس قدر بہتات ہے کہ علماء نے لغاتِ اضداد کو مستقل طور پر اپنی تصانیف کا موضوع بنایا ہے۔ چند سال پہلے علامہ ابن الانباری کی کتاب الاضداد بڑی آب وتاب کے ساتھ کویت سے شائع ہوئی ہے۔

ذیل میں اضداد کی چند نمایاں مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

(ا) بیع، باع بمعنیٰ خرید وفروخت کرنا۔ خریدنا بھی اور فروخت کرنا بھی۔ سودا بازی کرنا، اور بائع خواہ چیز لینے والا ہو یا دینے والا، کہتے ہیں: باع فلانا کتابا یعنی کسی کو کتاب دے کر قیمت لے لینا (بیچنا) أو من فلان کتاباً یعنی کسی سے کتاب لے کر قیمت دینا (خریدنا) (منجد)۔ قرآن کریم میں یہ لفظ سودا بازی کے معنوں میں تو آیا ہے لیکن خریدنے یا بیچنے کے الگ الگ معنوں میں استعمال نہیں ہوا (البتہ لغوی لحاظ سے ابتاع کا لفظ خریدنا کے معنوں میں آتا ہے۔ اور عرف عام میں بائع کا لفظ فروخت کنندہ لئے استعمال ہوا ہے) قرآن میں ہے: ﴿وَ اَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ﴾ (۲:۲۸۲) ''جب تم آپس میں خرید وفروخت کرو تو گواہ بنالیا کرو۔'' (ایضاً ص:۹۶۷)

(ب) شریٰ: جس طرح باع کا لفظ خرید وفرخت دونوں معنوں میں آتا ہے اسی طرح شریٰ کا لفظ دونوں معنوں میں آتا ہے (منجد) قرآن میں ہے: ﴿وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ﴾ (۱۲:۲۰) ''اور یوسف کو اس کے بھائیوں نے حقیری قیمت یعنی چند درہموں کے عوض بیچ ڈالا۔'' تو اس کا دوسرا معنیٰ یہ ہے کہ قافلہ والوں نے یوسف علیہ السلام کو حقیری قیمت کے عوض خرید لیا۔ اسی طرح دوسرے مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَ لَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ﴾ (۲:۱۰۲) ''اور جس چیز کے عوض انہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا وہ بری تھی۔'' بالفاظ دیگر جو چیز انہوں نے اپنی جانوں کے عوض خریدی تھی وہ بری تھی۔ البتہ جب یہ لفظ باب افتعال میں آئے تو اس کے معنیٰ ''خریدنا'' سے مخصوص ہو جاتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ﴾ (۹:۱۱۱) ''بے شک اللہ تعالیٰ نے مومنوں سے ان کے جان و مال خرید لئے ہیں اور ان کے عوض ان کے لئے جنت ہے۔'' (ایضاً ص:۹۶۹)

(ج) دین: دانه یدین دینا۔ بمعنیٰ اسے محکوم کیا۔ عبادت چاہی، ذلیل کیا، اس پر حکومت کی۔ دان الرجل بمعنیٰ عزت دی۔ ذلیل کیا۔ تابعداری کی۔ بے فرمانی کی (م۔منجد) گویا دین میں دو متضاد مفہوم پائے جاتے ہیں۔ مکمل حاکمیت بھی اور عبدیت: غلامی اور تذلل بھی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ﴾ (۳۹:۳) ''دیکھو! خالص عبادت اللہ ہی کے لیے (زیبا) ہے'' (جالندری) (فتح محمد) تو اس کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ پوری کی پوری حاکمیت اللہ ہی کے لئے سزاوار ہے۔ چنانچہ دوسرے مقام پر فرمایا: ﴿وَ قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ﴾ (۲:۱۹۳) ''اور ان (مشرکین) سے اس وقت تک لڑتے رہنا کہ فساد نابود ہو جائے اور حکم رہے اللہ کا'' (عثمانی) (مولانا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شبیر احمد) علاوہ ازیں دین کے معنیٰ جزا و سزا یا قانونِ تعزیرات بھی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ﴾ (۱۲:۷۶) ''بادشاہ کے قانون کے مطابق یوسف اپنے بھائی کو نہیں لے (رکھ) سکتے تھے۔'' اور قانونِ جزا و سزا پر عمل درآمد کی قوت بھی۔ ارشاد باری ہے: ﴿مَلِكِ يَوْمِ الدِّينِ﴾ (۱:۴) ''وہ (اللہ) جزا و سزا کے دن (قیامت کے دن) کا مالک ہے۔'' دوسرے مقام پر فرمایا: ﴿فَلَوْلَا إِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ تَرْجِعُونَهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ﴾ (۵۶:۸۶-۸۷) ''پھر اگر تم جزا و سزا سے آزاد ہو اور اپنی بات میں سچے ہو تو (مرتے وقت) روح کو واپس کیوں نہیں کر لیتے؟'' (مترادفات القرآن، ص: ۹۶۸-۹۶۹)

(۵) خصوصیتِ اعراب

عربی زبان میں اعراب (زبر، زیر، پیش) موجود ہیں جو عربی زبان کی خاص خصوصیت ہے۔ ان کی وجہ سے تلفظ درست اور آسانی سے ادا ہو جاتا ہے اور اس کے غلط ہونے کا امکان ہی نہیں رہتا۔ اگرچہ بابلی زبان میں بھی اعراب پائے جاتے ہیں مگر وہ زبان مردہ ہو چکی ہے۔ اعراب کے بدلنے سے معانی بدل جاتے ہیں۔ مثلاً لفظ ذهبت کے ت پر اعراب بدلنے سے مندرجہ ذیل قسم کے معنوی تغیرات پیدا ہوتے ہیں: ذَهَبَتُ (وہ ایک عورت گئی)، ذَهَبْتَ (تو ایک مرد گیا)، ذَهَبْتِ (تو ایک عورت گئی)، ذَهَبْتُ (میں گیا یا گئی)۔

عربی زبان کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ ''زیر، زبر اور پیش سے بھی یہ بہت سے مفہوم اجاگر کرتی ہے۔ بہت سے معانی پر روشنی ڈالتی ہے۔ اس کے ادب کو پڑھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ پیش اس کے ہاں قوی تر ہے۔ پھر زبر اس سے کم اور زیر اس سے بھی کم اور ان کے اختصاص سے حتیٰ کہ جزم کے اختصاص سے اس کے ہاں معانی کی دنیا زیر و زبر ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ''سبق'' (Sabaq) دوڑ میں آگے نکلنے کو کہیں گے۔ لیکن ''سبق'' (Sabaqa) وہ روپیہ ہے جو دوڑ پر لگایا جاتا ہے۔ اسی طرح ''حَمل'' (Hamal) بوجھ جو آسانی سے اٹھایا جا سکتا ہے۔ جو پھل درخت اٹھاتا ہے وہ بھی اسی سے تعبیر ہوتا ہے۔ لیکن اسی کو جب ''حِمل'' (Himal) کہیں گے تو وہ بوجھ جس کا اٹھانا دشوار ہوتا ہے۔ سورہ یوسف میں ہے: ﴿وَلِمَنْ جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ﴾ (۱۲:۷۲) ''اور جو شخص اس کے لا کر حاضر کرے گا اس کے ایک بارِ شتر ملے گا اور میں اس کے دلوانے کا ذمہ دار ہوں۔'' تو حِمل (Himal) اونٹ کا بوجھ ہوا۔ زیر سے حِمل کہہ کر یہ بات پیدا کر دی ہے۔'' (عربی زبان کی اہمیت، ص: ۱۰)

عربی زبان میں افعال کے عین کلمہ ☆ کی حرکت کے بدلنے سے معانی میں تبدیلیاں رونما ہو جاتی ہیں۔ مندرجہ ذیل چند مشہور افعال پر غور کرنے سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آ جاتی ہے:

۱۔ أَذِنَ يَأْذَنُ أَذَنًا: سننا	أَذِنَ يَأْذِنُ إِذْنًا: اجازت دینا
۲۔ بَلَغَ يَبْلُغُ بُلُوغًا: پہنچنا	بَلُغَ يَبْلُغُ بَلَاغَةً: فصیح زبان ہونا

☆۔ عربی زبان میں فعل کو وزن قرار دیا گیا ہے۔ جس کو میزانِ صرفی کہا جاتا ہے۔ ف کی جگہ پر آنے والا حرف فاء کلمہ، ع کی جگہ پر آنے والا عین کلمہ جبکہ ل کی جگہ پر آنے والا حرف لام کلمہ کہلاتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ جَنَّ یَجُنُّ: چھپانا، ڈھانپنا جُنَّ یَجُنُّ: دیوانہ ہونا، عقل زائل ہونا جَنَّ یَجِنُّ: جنین کا رحم میں چھپنا

۴۔ حَسَّ یَحُسُّ: جڑ سے اکھاڑنا حَسَّ یَحِسُّ: محسوس کرنا، معلوم کرنا

۵۔ شَعِرَ یَشْعُرُ: بال لمبے اور زیادہ ہونا شَعُرَ یَشْعُرُ: معلوم کرنا، شعور رکھنا، سمجھنا شَعَرَ یَشْعُرُ: شعر کہنا

۶۔ ظَلَمَ یَظْلِمُ: ظلم کرنا ظَلِمَ یَظْلَمُ: اندھیرا کرنا

۷۔ عَلِمَ یَعْلَمُ: جاننا، یقین کرنا عَلَمَ یَعْلُمُ: نشان لگانا

۸۔ لَبَسَ یَلْبِسُ: ملانا، مشکوک بنانا، خلط ملط کرنا لَبِسَ یَلْبَسُ: کپڑے پہننا

(ان الفاظ اور ان جیسے بیسیوں الفاظ کے لئے دیکھیے: مترادفات القرآن ص ۹۸۳۔۹۹۰)

(۶) دقتِ تعبیر

دقتِ تعبیر عربی کی نمایاں خصوصیت ہے۔ یعنی جن مفہومات کا اظہار دوسری زبانوں میں مرکب فقرات اور جملوں سے کیا جاتا ہے، مفہوم خواہ کتنا ہی جزوی یا فروعی کیوں نہ ہو، اس کے لئے عربی میں ایک خاص لفظ لیجیے مثلاً انسان کے ہاتھ کو ہی لیجئے اس کے مجموعی حیثیت سے یَدٌ کہتے ہیں پھر ہاتھ کے مختلف حصوں کے لئے مختلف نام ہیں۔ جیسے انگلی کو اِصْبَعٌ اور انگلی کے سرے کو اُنْمُلٌ کہتے ہیں، اور پانچوں انگلیوں کے لئے علیحدہ علیحدہ نام ہیں: اِبْهَامٌ (انگوٹھا)، سَبَّابَةٌ (شہادت کی انگلی)، وُسْطٰی (درمیانی انگلی)، بِنْصَرٌ (چوتھی انگلی)، خِنْصَرٌ (چھنگلیا)، شِبْرٌ (انگوٹھے اور چھنگلیا کا درمیانی فاصلہ)، فِتْرٌ (انگوٹھے اور سبابہ کا درمیانی فاصلہ)، رَتْبٌ (وسطی اور سبابۃ کا درمیانی فاصلہ)، عَتَبٌ (وسطی اور بنصر کا درمیانی فاصلہ)، وَضِیْمٌ (بنصر اور خنصر کا درمیانی فاصلہ)، ظُفْرٌ (ناخن)، زُنَّارٌ: نُقِیْرٌ (ناخن کا پختہ حصہ جو تراشا جاتا ہے)، کَدِبَةٌ وَ کَدَبَةٌ (ناخنوں پر ظاہر ہونے والی سفیدی)، اَلنَّتَشُ وَ النَّمَشُ وَالْحِقَافُ وَ الْهِلَالُ (ناخنوں کو دبانے سے ان کے نیچے ظاہر ہونے والی سفیدی جو چھوڑ دینے پر ختم ہو جاتی ہے) (دیکھیے: ابوالحسن علی بن اسماعیل المعروف ابن سیدہ: المخصص، السفر الثانی ۱/۲۔۱۰، ط: دارالآفاق الجدیدۃ، بیروت، لبنان)

عربی زبان کی دقتِ تعبیر کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ مشہور نحوی اور لغوی ابنِ سیدہ (م ۴۵۸ھ) نے اپنی کتاب المخصص کے پہلے دو حصے (السفر الأول اور السفر الثانی) انسانی جسم کے اعضاء کے اسماء اور ان کی مختلف خوبیوں اور خامیوں کے لئے مختص کر دیئے۔ یہ دو حصے بڑے سائز کے دو سو بیالیس صفحات پر مشتمل ہیں۔ اسی طرح ثعالبی کی کتاب فقہ اللغۃ بھی ایسی مثالوں سے بھری پڑی ہے۔

دن کے مختلف حصوں اور اوقات کے عربی زبان میں مختلف نام ہیں۔ ابن سیدہ نے صفة النهار و أسماءه (دن کی حالت اور اس کے نام) کے عنوان کے تحت دن کی کئی حالتوں کے مختلف نام ذکر کیے ہیں۔ مثلاً غدوة (نمازِ فجر سے طلوعِ آفتاب تک کا وقت)، الابکار، البکور، البکرة (صبح سویرے کا وقت)، سفر (طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک کا وقت)، شروق (سورج نکلنے کا وقت)، رأد (دن کو اگر پانچ حصوں میں تقسیم کیا جائے تو پہلا حصہ رأد الضحی کہلاتا ہے)، متوع (ضحیٰ کا وقت جب اپنی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلندی کو پہنچ جائے)، فوعة (دن کا ابتدائی حصہ)، نصف النهار، المَليساء (نصف النہار)، ضحوة (نصف النہار کے قریب والا وقت)، الهاجرة و الهجير (ظہر سے پہلے قریب والا وقت)، صكة (جب الہاجرۃ اور الہجیر کی گرمی سخت ہو)، القائلة و الغائرة (نصف النہار پر آرام کا وقت)، روحة (زوالِ آفتاب سے رات تک کا وقت)، الأصيل (مغرب سے کچھ پہلے کا وقت)، المساء (عصر سے غروبِ آفتاب تک کا وقت)، الصرعان (طلوع آفتاب سے ضحیٰ کے آخری وقت تک اور عصر سے رات تک کے اوقات)۔ (ایضاً، السفر التاسع ۲/۵۱-۶۰)

باریک تعبیر کی ایک مثال یہ ہے کہ کسی چیز کو انگلیوں سے پکڑنے کو قبص (بالصاد المهملة) اور پورے ہاتھ سے پکڑنے کو قبض (بالضاد المعجمة) کہتے ہیں۔ راغب اصفہانی لکھتے ہیں:

القبض کے معنیٰ چٹکی سے کوئی چیز لینے کے ہیں اور جو چیز چٹکی سے لی گئی ہو اسے قبص و قبیصة کہا جاتا ہے۔ اسی لئے قبیص حقیر چیز کے لئے استعمال ہوتا ہے؛ اور آیت: ﴿فَقَبَضْتُ قَبْضَةً﴾ (۲۰:۹۶) ''تو میں نے ایک مٹھی بھر لی'' میں ایک قراءت فَقَبَصْتُ قَبْصَةً (صاد مہملہ) کے ساتھ بھی ہے۔

قبوص سبک رفتار اور چست گھوڑا جو دوڑتے وقت صرف سم ہی زمین پر لگائے..... القبض کے معنیٰ کسی چیز کو پورے پنجے کے ساتھ پکڑنے کے ہیں جیسے قبض السيف وغیرہ تلوار کو پکڑنا۔ قرآن میں ہے: ﴿فَقَبَضْتُ قَبْضَةً مِّنْ أَثَرِ الرَّسُوْلِ﴾ ''تو میں نے فرشتے کے نقشِ پا سے ایک مٹھی بھر لی۔'' (۲۰:۹۶) قبض اليد على الشيء کے معنیٰ مٹھی میں لینے کے ہیں۔

(المفردات فی غریب القرآن، ص:۷۲۴)

(۷) ایجاز و اطناب

عربی زبان کی ایک حیران کن خصوصیت اور صنعت ایجاز و اطناب بھی ہے۔ اگر عرب کسی بات کو طول دینا چاہیں تو مختصر سے مختصر بات کو ایک خطبہ اور مقالہ بنا دیں اور اگر ایجاز چاہیں تو طویل سے طویل کلام کو ایک دو لفظوں ایک دو حرفوں سے ادا کر دیں۔

عربی زبان میں اختصار تو حد درجہ کا ہے۔ دو زبانوں میں ہم کسی مطلب کو متعدد الفاظ یا بے شمار جملوں میں ادا کرتے ہیں اور اس سے کم الفاظ میں ان مطالب کو ادا کرنے کی کوئی صورت نہیں ہوتی لیکن عربی زبان میں ایک حیرت انگیز خصوصیت ہے کہ بے شمار الفاظ میں ادا ہونے والا مفہوم ایک مختصر سے لفظ میں ادا کر دیتی ہے۔ مثلاً ایک شخص نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اس سارے مفہوم کو عربی میں ایک لفظ اِسْتَرْجَعَ سے ادا کرتے ہیں۔ ایک شخص نے حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کہا، یہ ساری بات عربی میں صرف ایک لفظ حَيْعَلَ سے ادا ہو جاتی ہے۔ اونٹ اپنا سینہ زمین پر لگا کر بیٹھا، اس سارے مطلب کو ادا کرنے کے لئے عربی میں ایک لفظ بَرَكَ ہے۔

خاصیاتِ ابواب میں سے بعض ابواب کا خاصہ قصر ہوتا ہے۔ قصر کا مطلب ہے اختصار کے لئے مرکب سے کوئی کلمہ مشتق کرنا جیسے هَلَّلَ اس نے لا اله الا الله پڑھا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح سَبَّحَ کا معنیٰ اس نے سبحان الله کہا، تَعَوَّذَ اس نے أعوذ بالله من الشيطان الرجيم پڑھا، بَسْمَلَ اس نے بسم الله الرحمن الرحيم پڑھی، حَوْقَلَ اس نے لا حول و لا قوة الا بالله پڑھا۔

(۸) صرفی و اشتقاقی خصوصیات

عربی زبان کا ایک ایک لفظ بے شمار صورتیں اختیار کرتا ہے نیز مختلف اور متعدد معانی کے لحاظ سے ایسا پھیلتا ہے جیسے کوئی قطرہ پھیل کر سمندر ہو جائے۔ لفظ کو مختلف صورتوں میں ڈھالنے کے لئے عربی قواعد میں بیسیوں ابواب ہیں، اور پھر ہر باب میں مختلف نوعیتوں کے معانی سرانجام دینے کے لئے لفظ جن اصولی اور فروعی تبدیلیوں کی راہوں میں گھومتا ہے انہیں صرف صغیر اور صرف کبیر کا نام دیا جاتا ہے۔ ایک لفظ مختلف ابواب اور گردان کی مختلف راہیں گھوم کر کئی کئی سو بامعنیٰ شکلیں اختیار کرتا ہے، اور پھر مختلف صلوں کے ساتھ مختلف معنوں میں استعمال ہو کر اس قدر پھیلتا ہے کہ عقلِ انسانی متحیر ہو جاتی ہے۔

عربی زبان کے سہ حرفی لفظ کے حروف کی ترتیب کسی صورت میں بھی بدل دی جائے لفظ عموماً بے معنیٰ نہیں ہوتا بلکہ اس کا کوئی نہ کوئی معنیٰ ضرور بن جاتا ہے۔ ہر سہ حرفی لفظ کے حروف چھ طرزوں میں بدلے جا سکتے ہیں۔ مثلاً لفظ حمل کے تین حرفوں کی ترتیب بدلنے سے چھ لفظ بنتے ہیں: حمل: پیٹ کا بچہ، درخت کا پھل؛ حلم: بردباری؛ لحم: گوشت؛ ملح: نمک؛ لمح: چشم زدن؛ محل: دھوکہ، مکر، غبار وغیرہ۔ خلیل بن احمد مشہور نحوی نے صوتی ترتیب سے مرتب کردہ اپنی کتاب کتاب العین میں تقلیبات کا منہج اختیار کیا ہے۔ ایک لفظ کی الٹ پلٹ کر بننے والی تمام صورتوں کو ایک ہی جگہ پر ذکر کرتے ہیں۔ اگر لفظ ثلاثی ہو تو دو شکلیں بنتی ہیں۔ مثلاً عق اور قع، ثلاثی کی چھ شکلیں بنتی ہیں مثلاً ع ب د سے عبد، عدب، دعب، دبع، بعد اور بدع، رباعی لفظ کی چوبیس جبکہ خماسی کی ایک سو بیس شکلیں بنتی ہیں۔ (الدکتور طلبہ ابوحدیمہ: المكتبة اللغوية (قبس من وحي اللغة)، ص:۹۴-۹۶، ط:۱۴۱۶ھ/۱۹۹۵ء، كلية الدراسات العربية و الاسلامية، جامعة القاهرة، مصر)

نوٹ: ..... کتاب العین کو حرف عین سے شروع کیا گیا ہے اس لئے اس کا نام یہ رکھا گیا ہے، عین سے شروع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس معجم کی ترتیب مخارجِ حروف کے اعتبار سے ہے۔

عربی زبان کا ہر لفظ مادہ رکھتا ہے جو عموماً سہ حرفی ہوتا ہے۔ اس سے بے شمار مشتقات نکلتے ہیں، مثلاً ق ب ل ایک سہ حرفی مادہ ہے اس سے مندرجہ ذیل الفاظ بنتے ہیں:

قَبْلٌ: بمعنیٰ پیش، پہلے

قِبْلَةٌ: بالكسر ہر وہ چیز جس کو سامنے رکھیں۔

قُبُلٌ: بضمتين سامنے (ضد دُبر)

قُبُلٌ: ظاہر، سامنے

قَبَلٌ: بفتحتين زمین کی بلندی جو سامنے آئے

قَبْلَةٌ: بالفتح ایک قسم مہرہ جسے جادوگر استعمال کرتے ہیں۔

قُبَلٌ: بالضم پہاڑ کی چوٹی، چہرہ، کسی چیز کی ابتدا۔

قِبَلٌ: اول كسره بعده فتحه طاقت

قُبْلَةٌ: بالضم بوسہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں تک تو خود مادہ ہی باختلاف حرکات مختلف معانی دیتا رہا ہے۔ اب حرف زائد کی زیادتی سے جو الفاظ پیدا ہوتے ہیں انہیں دیکھیے:

قَبِیلٌ: ضامن، کفیل، اللہ تعالیٰ کی اطاعت، قوم — قَبِیلَۃٌ: قوم، قبیلہ

قَبُولٌ: عافیت ونعمت کا آنا — قُبَالٌ: پیشانی

قِبَالٌ: جوتے کا تسمہ — قُبَالَۃٌ: سامنے

قَبَالَۃٌ: وہ کام یا فرض جس کو انسان اپنے اوپر لازم کرلے — قَابِلٌ: آئندہ سال

قَابِلَۃٌ: آنے والی رات — قَابِلَۃٌ: دایہ

مُقْبِلٌ: آنے والا، آئندہ — اِقْبَالٌ: سامنے آنا، متوجہ ہونا

اِسْتِقْبَالٌ: کسی کی طرف منہ کرنا — مُقَابَلَۃٌ: آمنے سامنے ہونا

تَقَابُلٌ: ایک دوسرے کے سامنے ہونا — تَقْبِیلٌ: چومنا

اِقْتِبَالٌ: احمق ہونے کے بعد عقلمند بن جانا، نئے سرے سے شروع کرنا

تَقَبُّلٌ: دعا کا قبول کرنا۔ (لسان العرب: مادہ: ق ب ل، ۳۵۱۶/۵_۳۵۲۲)

ق ب ل سے بننے والے افعال اس کے علاوہ ہیں۔

اسی طرح (Root) میں ایک حرف کی تبدیلی سے مقید یا مخالف معانی پیدا ہو جاتے ہیں۔ چند مثالیں درج ذیل ہیں:

۱: بَتَرَ: دم کٹنا، جبکہ بَتَكَ: دیگر اعضاء کا کٹنا (مفردات)

۲: بَرَزَ: سامنے آنا، کھلے میدان میں نکل آنا (مفردات) جبکہ بَرِحَ: کھلے میدان کو چھوڑ دینا، جدا ہونا، ہٹنا (منجد)

۳: تَرِبَ: مفلسی کی وجہ سے خاک میں رُل جانا جبکہ تَرِفَ: بدمست کر دینے والی خوشحالی کی زندگی

۴: جَسَّسَ: کسی چیز کے اندرونی حالات معلوم کرنے کے لئے جستجو کرنا جبکہ حَسَّسَ: بیرونی حالت معلوم کرنے کے لئے جستجو کرنا

۵: دَرَجٌ: سیڑھی کے ڈنڈے یا اڈے سے جب اوپر چڑھا جائے تو یہ دَرَجٌ (ج: دَرَجَاتٌ) کہلائیں گے اور جب اوپر سے نیچے اتریں گے تو یہ دَرَكٌ (ج: دَرَكَاتٌ) کہلائیں گے۔ (مترادفات القرآن، ص: ۹۷۲_۹۷۴)

(۹) تسہیل

عربی زبان میں تکلم اور تلفظ کی آسانی کا بہت لحاظ رکھا گیا ہے۔ ادغام، قلب، ابدال اور تخفیف کے اصول بھی تسہیل کے لئے ہیں کہ جہاں ایک سے زیادہ ساکن حروف جمع ہو جائیں جن کی ادائیگی زبان پر مشکل ہوتی ہے تو اس کو کسی دوسرے حرف سے بدل دیا جاتا ہے، یا پھر اجتماع ساکنین میں ایک ساکن کو گرا دیا جاتا ہے۔

ہفت اقسام میں تسہیل کے لئے کئی قسم کے تغیرات ہوتے ہیں۔ علم الصرف کے موضوع پر لکھی گئی مشہور ومعروف کتاب علم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصیغۃ سے چند قواعد اور مثالیں درج کی جاتی ہیں تاکہ سہولت کا قاعدہ نمایاں ہو۔

یائے ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد ہو تو واؤ سے بدل جاتی ہے جیسے مُوْسِرٌ جو اصل میں مُیْسِرٌ تھا..... ضمہ کے بعد الف واقع ہو تو واؤ سے بدل جاتا ہے جیسے قُوْتِلَ ماضی مجہول کو قَاتَلَ ماضی معروف سے بنایا، پہلے حرف کو ضمہ دیا، اس کے بعد چونکہ الف تھا تو اسے واؤ سے بدل دیا اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیا۔

(مفتی عنایت احمد کاکوری: علم الصیغۃ (مترجم) ص: ۸۰، ط: ۱۴۱۳ھ/۱۹۹۲ء تنظیم المدارس، لوہاری دروازہ، لاہور)

فتحہ کے بعد واؤ اور یاء (چند شرائط کے ساتھ) الف سے بدل جاتے ہیں۔ مثلاً قَالَ اصل میں قَوَلَ تھا، بَاعَ اصل میں بَیَعَ، دَعَا اصل میں دَعَوَ، رَمٰی اصل میں رَمَیَ تھا، بَابٌ اصل میں بَوَبٌ اور نَابٌ اصل میں نَیَبٌ تھا۔ (ایضاً ص: ۸۱۔۸۲)

اگر واؤ یا یاء کا ماقبل ساکن ہو تو ان کی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں اور اگر یہ حرکت فتحہ ہو تو واؤ اور یاء کو (چند شرائط کے ساتھ) الف سے بدلتے ہیں جیسے یَقُوْلُ، یَبِیْعُ : یُقَالُ، یُبَاعُ۔ اصل میں یَقْوُلُ، یَبْیِعُ، یُقْوَلُ اور یُبْیَعُ تھا۔ (ایضاً ص: ۸۳)

اسی طرح دُلِیٌّ کی تعلیل دیکھی جاسکتی ہے۔ یہ اصل میں دُلُوْوٌ تھا (جس کی ادائیگی زبان پر ثقیل تھی) کلمہ کے آخر میں دو واؤ جمع ہوئیں، دونوں کو یاء سے بدل کر ادغام کیا اور ماقبل کے ضمہ کو کسرہ سے بدلا۔ (ایضاً ص: ۱۱۸ (حاشیہ)

تَحِیَّۃٌ اصل میں تَحْیِیَۃٌ تھا (بروزن تَقْوِیَۃٌ) یاء کی حرکت حاء کو دے کر ادغام کیا تَحِیَّۃٌ ہوگیا۔ (ایضاً، ص: ۱۲۵ (حاشیہ)

أَئِمَّۃٌ اصل میں أُءِمَّۃٌ تھا، پہلے میم کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی، پھر میم کا میم میں ادغام کیا أَئِمَّۃٌ ہوگیا۔

(ایضاً ص: ۱۲۹)

فصیح عربی زبان میں ساکن حرف سے ابتدا نہیں کی جاتی اور نہ متحرک پر وقف کیا جاتا ہے تو متحرک اور ساکن کے درمیان کم از کم ایک حرف لایا جاتا ہے۔ (الأساتذۃ: مذکرات فی النحو و الصرف، ط: ۱۴۱۶ھ، کلیۃ اللغۃ العربیۃ، الجامعۃ الاسلامیۃ، المدینۃ المنورۃ)

یہ بھی درحقیقت سہولتِ نطق کا ایک پہلو ہے۔

الغرض یہ حرفی و حرکاتی خوبیاں، صرفی و نحوی کاملیت، یہ اختصار و جامعیت، یہ وسعت و ندرت اور سہولت دیگر زبانوں میں بہت کم پائی جاتی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذخیرۂ الفاظ

یہ الفاظ قرآن مجید سے لیے گئے ہیں، ان میں سے بہت سے الفاظ اردو میں بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ ان پر غور کرنے اور انھیں یاد کر لینے سے قرآن کریم کے معانی و ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو جائے گی۔

۱

اَللّٰهُ	اللہ کا نام ہے	رَسُوْلٌ	اللہ کا بھیجا ہوا
نَبِيٌّ	اللہ کی خبر دینے والا	إِمَامٌ	راہ نمائی کرنے والا
رُوْحُ الْقُدُسِ	پاکیزہ روح (جبریل)	مُؤْمِنٌ	ایمان دار
جَنَّةٌ	جنت / بہشت	فِرْدَوْسٌ	جنت کا سب سے بلند مقام
طَاغُوْتٌ	سرکش شیطان	مُسْلِمٌ	مسلمان
إِبْلِيْسُ	ابلیس	شَيْطٰنٌ	شیطان
يَهُوْدِيٌّ	موسیٰ علیہ السلام کو ماننے کا دعویٰ کرنے والا	نَصْرَانِيٌّ	عیسیٰ علیہ السلام کو ماننے کا دعویٰ کرنے والا
جَهَنَّمُ ، سَعِيْرٌ جَحِيْمٌ		دوزخ کے مختلف نام	

۲

قُرْآنٌ	اللہ کی طرف سے بندوں کی ہدایت کے لیے آخری کتاب جو سیدنا محمد ﷺ پر نازل ہوئی۔
فُرْقَانٌ	قرآن مجید کا دوسرا نام، یعنی صحیح اور غلط میں فرق کرنے والا
سُوْرَةٌ	قرآن حکیم کا ایک حصہ / سورت۔
اٰيَةٌ	قرآن حکیم کا ایک فقرہ جس کے پورا ہونے پر اس طرح کا گول نشان (o) دیتے ہیں۔

التَّوْرَاةُ	موسیٰ علیہ السلام پر اُتاری ہوئی کتاب	اَلْإِنْجِيْلُ	عیسیٰ علیہ السلام پر اُتاری ہوئی کتاب
إِسْلَامٌ	اسلام..... ہمارا دین	كُفْرٌ	کفر.....انکار
شِرْكٌ	شرک	قِيَامَةٌ	قیامت..... جزا کا دن

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَجَاتٌ	رہائی.....نجات	مَغْفِرَةٌ	بخشش.....مغفرت
عَذَابٌ	عذاب	نفاق	دل میں ایمان نہ ہونا

۳

مُحَمَّدٌ	نبی اکرم ﷺ کا نام	أَحْمَدُ	نبی اکرم ﷺ کا دوسرا نام
آدَمُ ، نُوحٌ ، اِبْرَاهِيمُ ، مُوسٰى ، عِيسٰى ، اِسْمٰعِيلُ ، اِسْحٰقُ ، هَارُوْنُ ، يَعْقُوْبُ ، يَحْيٰى ، زَكَرِيَّا ، يُوْنُسُ ، يُوْسُفُ ، سُلَيْمَانُ ، دَاوٗدُ ، اَيُّوْبُ ، شُعَيْبٌ ، اِلْيَاسُ ، عُزَيْرٌ ، هُوْدٌ ، لُوْطٌ			یہ سب بزرگ اور پاک نبیوں (رسولوں) کے نام ہیں۔

۴

صَلٰوةٌ	نماز	زَكٰوةٌ	زکوٰۃ
صَوْمٌ	روزہ	حَجٌّ	حج
تَكْبِيْرٌ	تکبیر	تِلَاوَةٌ	قرآن مجید پڑھنا
عِبَادَةٌ	عبادت کرنا	رُكُوْعٌ	رکوع
سُجُوْدٌ	سجدہ	تَسْبِيْحٌ	تسبیح
نَذْرٌ	کسی کام کے مکمل ہونے کے لیے پیشگی کوئی منت ماننا		

۵

أَبٌ	باپ	أُمٌّ	ماں	أَخٌ	بھائی
أُخْتٌ	بہن	اِبْنٌ	بیٹا	بِنْتٌ	بیٹی
عَمٌّ	چچا	عَمَّةٌ	پھوپھی	جَدٌّ	دادا/نانا
جَدَّةٌ	دادی/نانی	خَالٌ	ماموں	خَالَةٌ	خالہ
زَوْجٌ	جوڑا	أَهْلٌ	بیوی	وَلَدٌ	لڑکا
يَتِيْمٌ	یتیم	أَيِّمٌ	رنڈوا	طِفْلٌ	بچہ
شَابٌّ	جوان	شَيْخٌ	بوڑھا	عَجُوْزٌ	بڑھیا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٦

رَأْسٌ	سر	عَيْنٌ	آنکھ	أُذُنٌ	کان
أَنْفٌ	ناک	سِنٌّ	دانت	شَفَةٌ	ہونٹ
وَجْهٌ	چہرہ	فَمٌ	منہ	نَاصِيَةٌ	پیشانی
حُلْقُومٌ	گلا	صَدْرٌ	سینہ	ضِلْعٌ	پسلی
مِرْفَقٌ	کہنی	عُنُقٌ / رَقَبَةٌ	گردن	تَرْقُوَةٌ	ہنسلی
قَدَمٌ	قدم	يَدٌ	ہاتھ	ظُفْرَةٌ	ناخن
أَنْمِلَةٌ / إِصْبَعٌ	اُنگلی	كَفٌّ	ہتھیلی	كَعْبٌ	ٹخنہ
لِسَانٌ	زبان	بَطْنٌ	پیٹ	ظَهْرٌ	پیٹھ
قَفَا	گردن کا پچھلا حصہ	شَعْرٌ	بال	جِلْدٌ	چمڑہ

٧

لَحْمٌ	گوشت	شَحْمٌ	چربی	دَمٌ	خون
كَبِدٌ	جگر	نَفَسٌ	سانس	كَلَامٌ	کلام، گفتگو
نُعَاسٌ / سِنَةٌ	اُونگھ	نَوْمٌ	نیند		

٨

أُفُقٌ	بلندی	أَرْضٌ	زمین	سَمَاءٌ / فَلَكٌ	آسمان
بَرٌّ	خشکی	بَحْرٌ	سمندر	تُرَابٌ	مٹی
طِينٌ	گارا	جَبَلٌ	پہاڑ	حَجَرٌ	پتھر
شَمْسٌ	سورج	قَمَرٌ	چاند	نَجْمٌ / كَوْكَبٌ	ستارہ
جَوٌّ	فضا	كَهْفٌ	غار	يَمٌّ	دریا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۹

بَرْقٌ	چمکنے والی بجلی	رَعْدٌ	کڑکنے والی بجلی	نُوْرٌ	روشنی
ضَوْءٌ	روشنی	دُخَانٌ	دھواں	رَمْلٌ	ریت
رَمَادٌ	راکھ	سَحَابٌ	بادل	مَطَرٌ	بارش
وَابِلٌ	تیز بارش	غَيْثٌ	تیز بارش	طَلٌّ	شبنم
لَهَبٌ	شعلہ	نَارٌ	آگ	رِيْحٌ	ہوا
صَرْصَرٌ	سخت ٹھنڈی ہوا	عَاصِفٌ	طوفانی ہوا	شِتَاءٌ	موسم سرما
ظِلٌّ	سایہ	ظُلْمَةٌ	اندھیرا	صَيْفٌ	موسم گرما
شَفَقٌ	سورج کے نکلتے اور ڈوبتے وقت آسمان پر ظاہر ہونے والی سرخی				

۱۰

يَوْمٌ	دن	نَهَارٌ	دن کا وقت	لَيْلَةٌ	رات
لَيْلٌ	رات/رات کا وقت	أُسْبُوْعٌ	ہفتہ (سات دن)	شَهْرٌ	مہینا
سَنَةٌ / عَامٌ	سال	سَحَرٌ	سحری کا وقت	صَبَاحٌ	صبح کا وقت
ظَهِيْرَةٌ	دوپہر	مَسَاءٌ	شام	اَلْيَوْمَ	آج
أَمْسِ	کل، گزرا ہوا دن	غَدٌ	کل (آنے والا)	ضُحًى	چاشت کا وقت
عَصْرٌ	عصر	عَشِيٌّ / أَصِيْلٌ	پچھلا پہر/رات کا وقت	مَغْرِبٌ	شام/غروبِ آفتاب کا وقت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن مجید میں

بار بار دہرائے جانے والے حروف اور الفاظ

یہ وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بار بار دہرائے جاتے ہیں۔ ان کو ان کی اصل شکل وصورت میں معنوں کے ساتھ یاد کریں قرآنِ مجید اور احادیث مبارکہ سمجھنے میں ان سے بہت مدد ملے گی۔

اِنَّ: بے شک

- اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ (البقرہ۲:۱۵۳)

"بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔"

- اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ (البروج ۸۵:۱۲)

"بے شک تیرے رب کی پکڑ بہت ہی سخت ہے۔"

اَنَّ: کہ بے شک، یقیناً

ﷺ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (محمد ۴۷:۱۹)

"پس تو جان لے کہ بے شک اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔"

- يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ (الھمزۃ ۱۰۴:۳)

"وہ سمجھتا ہے کہ بے شک اس کے مال نے زندہ و جاوید کر دیا ہے اسے۔"

اِنْ: اگر

- هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (البقرہ۲:۱۱۱)

"لاؤ اپنی دلیل اگر تم سچے ہو۔"

- وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (ال عمران۳:۱۳۹)

"اور تم ہی اعلیٰ/سربلند (جیتنے والے) ہو اگر تم ایمان والے ہو۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَنْ کے

- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا (البقرہ ۲:۲۶)

"بے شک اللہ نہیں شرماتا کہ وہ کوئی مثال بیان کرے۔"

- اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (التکویر ۸۱:۲۹)

"مگر یہ کہ چاہے اللہ رب (العالمین) جہانوں کا۔"

کَ: کی مانند، کی طرح، جیسا کہ (تشبیہ کے لیے استعمال ہوتا ہے)

- ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ (ابراہیم ۱۴:۲۴)

"بیان کی اللہ نے ایک مثال پاکیزہ کلمے کی (کہ وہ) پاکیزہ درخت کی طرح (ہے)۔"

- يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ (القارعۃ ۱۰۱:۴)

"وہ دن جب ہوں گے انسان بکھرے ہوئے پتنگوں کی مانند۔"

كَاَنَّ: گویا، جیسا کہ

- كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ (المدثر ۷۴:۵۰)

"گویا وہ گدھے ہیں سخت بدکنے والے۔"

- كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ (البقرہ ۲:۱۰۱)

"گویا وہ نہیں جانتے۔"

مَا: نہیں

- مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى (الضحیٰ ۹۳:۳)

"تیرے رب نے تجھے نہیں چھوڑا اور نہ وہ ناراض ہوا۔"

- وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ (ال عمران ۳:۶۲)

"اور اللہ کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں ہے۔"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَا: جو

o يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ (البقرہ ۲:۴)

''وہ ایمان رکھتے ہیں اُس کے ساتھ جو اتارا گیا تمھاری طرف۔''

o يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى (النّٰزعٰت ۷۹:۳۵)

''اس دن یاد کرے گا انسان جو اُس نے کوشش کی۔''

مَا: کیا چیز / کس چیز نے؟

o يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ (انفطار ۸۲:۶)

''اے انسان! کس چیز نے دھوکا دیا ہے تجھ کو تیرے رب کے بارے میں جو بڑے کرم والا ہے۔''

o وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى (طٰہٰ ۲۰:۱۷)

''اور وہ کیا ہے تیرے دائیں ہاتھ میں اے موسیٰ؟''

كَمَا: جیسا کہ

o فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ (الاحقاف ۴۶:۳۵)

''پس (اے نبی ﷺ) صبر کرو جس طرح صبر کیا بڑے عزم (ہمت) والے رسولوں نے۔''

o وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ (الجن ۷۲:۷)

''اور یہ کہ بلاشبہ انہوں نے گمان کیا جس طرح تم نے گمان کیا۔''

كُلَّمَا: جب بھی، جب بھی

o كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ (المؤمنون ۲۳:۴۴)

''جب بھی آیا کسی امت کے پاس اس کا رسول تو انہوں نے جھٹلایا اُسے۔''

o كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا (السجدہ ۳۲:۲۰)

''جب بھی وہ ارادہ کریں گے اس میں سے نکلنے کا دھکیل دیے جائیں گے وہ پھر اُسی میں۔''

مَنْ: جو کوئی، جس نے

o وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى (النّٰزعٰت ۷۹:۴۰)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور رہا وہ شخص جو ڈرا اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے اور اس نے روکا اپنے نفس کو خواہشات سے۔''

o اِلَّا مَنْ تَوَلّٰی وَکَفَرَ (الغاشیۃ:۲۳)

''مگر جس نے منہ موڑا اور انکار کیا۔''

مِنْ: سے، کی طرف سے

o یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْہِ (عبس ۸۸:۳۴)

''اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے۔''

o قَالَتْ ھُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ (آل عمران ۳:۳۷)

''اُس نے کہا یہ اللہ کی طرف سے ہے۔''

ھٰذَا: یہ، اِس (مذکر)

o وَھٰذَا ذِکْرٌ مُّبٰرَکٌ اَنْزَلْنٰہُ (الانبیاء ۲۱:۵۰)

''اور یہ ذکر ہے برکت والا اِسے ہم نے اُتارا ہے۔''

o فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ (قریش ۱۰۶:۳)

''پس چاہیے کہ عبادت کریں وہ اس گھر کے رب کی۔''

ھٰذِہٖ: یہ، اِس (مؤنث)

o اِنَّمَا تَقْضِیْ ھٰذِہِ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا (طٰہٰ ۲۰:۸۲)

''اور تو تو بس فیصلہ کر سکتا ہے اس دنیاوی زندگی کا۔''

o وَمَا ھٰذِہِ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا لَھْوٌ وَّلَعِبٌ ط (العنکبوت ۲۹:۶۴)

''اور نہیں ہے یہ دنیاوی زندگی مگر دل لگی اور کھیل۔''

ھٰٓؤُلَآءِ: یہ سب (جمع)

o اِنَّ ھٰٓؤُلَآءِ یُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَۃَ (الانسان ۷۶:۲۷)

''یقیناً یہ لوگ محبت رکھتے ہیں جلدی حاصل ہو جانے والی (دنیا) سے۔''

o اَنَّ ھٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ (الدخان ۴۴:۳۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''بے شک یہ سب مجرم لوگ ہیں۔''

ذٰلِکَ : وہ (مذکر)

- ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ج (النبا ۷۸:۳۹)
''(یہی ہے) وہ دن برحق۔''
- ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ (البروج ۸۵:۱۱)
''(یہی ہے) وہ کامیابی بہت بڑی۔''

تِلْکَ : وہ (مؤنث)

- تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ (البقرہ ۲ : ۲۵۳)
''(یہ ہیں) وہ رسول، ہم نے فضیلت دی ان میں سے بعض کو بعض پر۔''
- تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ (الجاثیہ ۴۵ : ۶)
''(یہ ہیں) وہ اللہ کی آیات۔''

اُولٰٓئِکَ : وہ سب لوگ (جمع)

- اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ (البلد ۹۰ : ۱۸)
''وہ لوگ دائیں بازو والے ہیں۔''
- اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ (البینۃ ۹۸ : ۷)
''وہی لوگ مخلوق میں سب سے بہتر ہیں۔''

کَذٰلِکَ : اسی طرح

- اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ (المرسلت ۷۷ : ۴۴)
''یقیناً ہم ایسی ہی جزا دیتے ہیں اچھا کام کرنے والوں کو۔''
- كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ (المرسلت ۷۷ : ۱۸)
''اسی طرح ہم کیا کرتے ہیں مجرموں کے ساتھ۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلَّذِیْ: جو، جس نے (مذکر)

o اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ (العلق ٩٦ : ١)
''پڑھو اپنے رب کے نام کے ساتھ جس نے پیدا کیا۔''

o اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ (الناس ١١٤ : ٥)
''جو وسوسہ ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں میں۔''

اَلَّتِیْ: جو، جس نے (مؤنث)

o وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِیْنَ (آل عمران ٣ : ١٣١)
''اور تم بچو اُس آگ سے جو تیار کی گئی ہے کافروں کے لیے۔''

o هٰذِهِ النَّارُ الَّتِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ (الطور ٥٢ : ١٤)
''یہی ہے وہ آگ جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔''

اَلَّذِیْنَ: جو لوگ، جن کو، جنہوں نے (جمع مذکر)

o اَلَّذِیْنَ یُكَذِّبُوْنَ بِیَوْمِ الدِّیْنِ (المطففین ٨٣ : ١١)
''(یہ وہ لوگ ہیں) جو جھٹلاتے ہیں جزاء وسزا کے دن کو۔''

o اَلَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (الماعون ١٠٧ : ٥)
''وہ جو اپنی نماز سے غافل ہیں۔''

لَا: نہیں، مت کرو

o لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ (البلد ٩٠ : ١)
''نہیں، میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی۔''

o لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ (الکفرون ١٠٩ : ٢)
''نہیں عبادت کرتا میں جن کی عبادت کرتے ہو تم۔''

لَمْ: نہیں (مضارع سے پہلے آکر ماضی میں نفی کرتا ہے)

o لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ (الاخلاص ١١٢ : ٣)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''نہ اس نے جنا، اور نہ وہ جنا گیا۔''

o عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ (العلق ٩٦ : ٥)

''اس نے سکھایا انسان کو جو وہ نہیں جانتا تھا۔''

لَمَّا: ابھی تک نہیں، جب

o وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط (الحجرات ٤٩ : ١٤)

''اور ابھی تک نہیں داخل ہوا ہے ایمان تمہارے دلوں میں۔''

o فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ (البقرہ ٢ : ١٧)

''پس جب اس (آگ) نے روشن کر دیا اُس کا اردگرد۔''

لَنْ: ہرگز نہیں (مضارع سے پہلے آ کر مستقبل میں تاکیدی نفی کرتا ہے)

o وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا (الجن ٧٢ : ٢)

''اور ہرگز نہ شریک بنائیں گے ہم (اب) اپنے رب کے ساتھ کسی کو۔''

o لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (اٰلِ عمران ٣ : ٩٢)

''ہرگز نہیں تم حاصل کر سکتے نیکی یہاں تک کہ تم خرچ کرو اُس میں سے جسے تم پسند کرتے ہو۔''

لَيْسَ: نہیں

o اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ (التین ٩٥ : ٨)

''کیا نہیں ہے اللہ سب حاکموں سے بڑا حاکم؟''

o لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ (اٰل عمران ٣ : ١٢٨)

''نہیں ہے تمہارے اختیار میں اس معاملے میں سے کچھ بھی۔''

لِ: کے لیے، واسطے، وجہ سے، کو

o اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (الفاتحہ ١ : ١)

''سب خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے سب جہانوں کا۔''

o وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا (الجن ٧٢ : ١٨)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

''اور یہ کہ مساجد یقیناً اللہ کے لیے ہیں پس تم نہ پکارو اللہ کے ساتھ کسی اور کو۔''

☆.....ضمیروں کے ساتھ یہ لفظ ''لِ'' کی بجائے ''لَ'' (زبر کے ساتھ) آتا ہے۔

لَ: یقیناً (حرف تاکید)

o لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ (التین ۹۵ : ٤)

''یقیناً بلاشبہ ہم نے پیدا کیا انسان کو احسن (بہترین) بناوٹ میں۔''

o اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ (العصر ۱۰۳ : ۲)

''بے شک ہر انسان یقیناً خسارے (گھاٹے) میں ہے۔''

قَدْ: یقیناً، تحقیق

o قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ (المؤمنون ۲۳ : ۱)

''یقیناً فلاح پا گئے ایمان والے۔''

o قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی (الاعلی ۸۷ : ۱٤)

''یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے پاکیزگی اختیار کی۔''

اِنَّمَا: صرف ایسا ہی ہے، حقیقت تو بس یہی ہے

o فَذَکِّرْ ق اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَکِّرٌ (الغاشیة ۸۸ : ۲۱)

''پس تم نصیحت کرتے رہو۔ تم تو بس نصیحت کرنے والے ہو۔''

o اِنَّمَآ اَمْوَالُکُمْ وَاَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ ط (التغابن ٦٤ : ۱۵)

''حقیقت یہی ہے کہ تمہارا مال اور تمہاری اولاد تو ایک آزمائش ہے۔''

کَیْفَ: کیسے، کیسا، کس طرح (حالت و کیفیت کے لیے آتا ہے)

o اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ (الفیل ۱۰۵ : ۱)

''کیا نہیں دیکھا تم نے کیسے کیا تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ۔''

o اَلَمْ تَرَ کَیْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ (الفجر ۸۹ : ٦)

''کیا نہیں دیکھا تو نے کہ کیسا برتاؤ کیا تمہارے ربّ نے عاد کے ساتھ؟''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِمَ : کیوں

o لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ (الصف ٦١ : ٢)
''تم وہ بات کیوں کہتے ہو جو تم (خود) نہیں کرتے۔''
o فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ (ال عمران ٣ : ٦٦)
''پس تم کیوں جھگڑتے ہو ان باتوں میں جن کا تمہیں علم نہیں؟''

اَيْنَ : کہاں؟

o يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ (القيامة ٧٥ : ١٠)
''کہے گا انسان اس دن، کہاں ہے (کوئی) جائے پناہ۔''
o وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ اَيْنَ شُرَكَآءِيْ (حم السجده ٤١ : ٤٧)
''اور جس دن وہ پکارے گا انہیں کہ کہاں ہیں میرے شریک؟''

اَيْنَمَا : جہاں کہیں، کہاں

o اَيْنَمَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ (النساء ٤ : ٧٨)
''تم جہاں کہیں بھی ہو گے موت تمہیں پالے گی۔''
o وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ (الشعرآء ٢٦ : ٩٢)
''اور کہا جائے گا ان سے کہاں ہیں وہ جنہیں تم پوجا کرتے تھے۔''

مَتٰى : کب؟

o وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (النمل ٢٧ : ٧١)
''اور کہتے ہیں یہ لوگ کہ کب پوری ہو گی یہ (وعدے کی) دھمکی، اگر ہو تم سچے۔''
o مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ (البقره ٢ : ٢١٤)
''اللہ کی مدد کب آئے گی۔''

كَمْ : کتنا، کتنی، کتنے؟ (کثرت ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے)

o كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ (الدخان ٤٤ : ٢٥)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

''کتنے ہی چھوڑے ہیں انہوں نے باغات اور چشمے۔''

o وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ (الزخرف ٤٣ : ٦)

''اور کتنے ہی بھیجے ہیں ہم نے نبی پہلی قوموں میں۔''

كَانَ : ہے، ہوگیا

o اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا (النبا ٧٨ : ١٧)

''بے شک فیصلے کا دن ہے ایک وقت مقرر۔''

o اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا (النصر ١١٠ : ٣)

''بے شک وہ ہے بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا۔''

بِ : ساتھ، میں، پر، کے سبب، وجہ سے وغیرہ وغیرہ

o بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

''اللہ کے نام کے ساتھ (جو) نہایت رحم کرنے والا اور رحیم ہے۔''

o اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ (البقرہ ٢ : ٢)

''جو ایمان رکھتے ہیں غیب کے ساتھ۔''

فِيْ : میں/اندر

o اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ (الانفطار ٨٢ : ١٣)

''بے شک نیکوکار یقیناً نعمتوں میں ہوں گے۔''

o فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ (البروج ٨٥ : ٢٢)

''لوح محفوظ میں (لکھا ہوا) ہے۔''

عَنْ : سے، کے متعلق، کے بارے میں

o اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (الاعراف ٧ : ٤٥)

''جو روکتے ہیں اللہ کی راہ سے''

o اَلَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ (الماعون ١٠٧ : ٥)

''جو اپنی نماز سے غفلت برتتے ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلٰی : پر/اُوپر

o لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ (آل عمران ٣ : ٦١)
''اللہ کی لعنت جھوٹوں پر۔''

o اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (البقرة ٢ : ٢٠)
''بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔''

اِلٰی: کی طرف، تک

o فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا (النبأ ٧٨ : ٣٩)
''اب جس کا جی چاہے بنا لے اپنے رب کی طرف ٹھکانہ۔''

o وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ (الم نشرح ١٤ : ٨)
''اور اپنے ربّ کی طرف دل لگائے رکھو۔''

عِنْدَ : پاس/قریب

o وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ (التغابن ٦٤ : ١٥)
''اور اللہ وہ ہے جس کے پاس ہے اجر عظیم۔''

o اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (القلم : ٣٤)
''یقیناً متقیوں ہی کے لیے ہیں ان کے رب کے پاس نعمت بھری جنتیں۔''

لَدُنْ: پاس، نزدیک/کی طرف سے

o ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ (هود ١١ : ١)
''پھر کھول کھول کر بیان کر دی گئی ہیں حکیم وخبیر کی طرف سے۔''

o وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا (مریم ١٩ : ٥)
''پس تو عطا کر مجھے اپنے پاس سے وارث۔''

اِذَا: جب (ماضی کو مضارع میں لے جاتا ہے، خاص طور پر مستقبل میں)

o اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ (التكوير ٨١ : ١)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''جب سورج لپیٹ دیا جائے گا۔''

o اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ (الانفطار ۸۲ : ۱)

''جب آسمان پھٹ جائے گا۔''

اِذْ : جب (مضارع کو بھی ماضی میں لے جاتا ہے)

o وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ (الصف ٦١ : ٥)

''اور (یاد کرو) جب کہا تھا موسیٰ نے اپنی قوم سے۔''

o وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ (البقرة ٢ : ٣٠)

''اور (یاد کرو) جب کہا تیرے رب نے فرشتوں سے۔''

لَعَلَّ : تاکہ، شاید، امید ہے (ایسی خواہش کے لیے جو ممکن ہو)

o وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ (آل عمران ٣ : ١٣٢)

''اور تم اطاعت کرو اللہ کی اور (اس) رسول ﷺ کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔''

o فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ (الكهف ١٨ : ٦)

''پس شاید تم اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہو اُن کے پیچھے لگ کر۔''

لَيْتَ : کاش (ایسی آرزو کے لیے جو پوری نہ ہو سکتی ہو)

o يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا (الاحزاب ٣٣ : ٦٦)

''وہ کہیں گے ہائے کاش ہم نے اطاعت کی ہوتی اللہ کی اور ہم نے اطاعت کی ہوتی (اس) رسولؐ کی۔''

o يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِيْ (الفجر ٨٩ : ٢٤)

''وہ کہے گا کاش! میں آگے بھیج چکا ہوتا (کوئی نیک عمل) اپنی اس زندگی کی خاطر۔''

عَسٰى : ممکن ہے، شاید

o عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ (التحريم ٦٦ : ٨)

''ممکن ہے کہ تمہارا رب مٹا دے تم سے تمہاری برائیاں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

o عَسٰى اَنْ لَّآ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّىْ شَقِيًّا (مریم ۱۹ : ٤٨)

''امید ہے کہ میں نہیں ہوں گا اپنے رب سے دعا کی وجہ سے نامراد۔''

بَلٰى : کیوں نہیں!، جی ہاں

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِىْ (الزمر ۳۹ : ۵۹)

''(اسے یہ جواب ملے گا) کیوں نہیں یقیناً آئی تھیں تیرے پاس میری آیات۔''

o بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّىَ بَنَانَهٗ (القيامة ۷۵ : ٤)

''کیوں نہیں ہم تو قادر ہیں اس پر بھی کہ ٹھیک ٹھیک بنا دیں اس کے پورے۔''

حَتّٰى : جب تک، حتیٰ کہ، یہاں تک کہ

o حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ (البينة ۹۸ : ۱)

''جب تک کہ (نہ) آتی ان کے پاس روشن دلیل۔''

o حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ (التكاثر ۱۰۲ : ۲)

''یہاں تک کہ جا دیکھیں تم نے قبریں۔''

اَلَا : سن رکھو، آگاہ ہو جاؤ، خبردار

o اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (هود ۱۱ : ۱۸)

''خبردار! اللہ کی لعنت ہے (ایسے) ظالموں پر۔''

o اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ (النحل ۱۰٦ : ۵۹)

''آگاہ ہو جاؤ برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔''

اِلَّا : مگر، سوائے

o قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (يٰس ۳٦ : ۱۵)

''انہوں نے کہا نہیں ہو تم مگر ایک بشر ہماری ہی طرح کے۔''

o مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (يٰس ۳٦ : ۳۰)

''نہیں آیا ان کے پاس کوئی رسول مگر وہ اس کا مذاق ہی اڑاتے رہے ہیں۔''

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَیْنَ : درمیان، مابین

o فَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِکُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا (آل عمران ۳ : ۱۰۳)
''پھر الفت پیدا کر دی اس نے تمہارے دلوں میں سو ہو گئے تم اُس کی نعمت سے بھائی بھائی۔''

o فَاَصْلِحُوْا بَیْنَ اَخَوَیْکُمْ ج (الحجرات ۴۹ : ۱۰)
''لہٰذا صلح کرا دیا کرو اپنے بھائیوں کے درمیان۔''

تَحْتَ : نیچے

o اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ (الفتح ۴۸ : ۱۸)
''جب وہ بیعت کر رہے تھے آپ (ﷺ) سے درخت کے نیچے۔''

o لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ . (البروج ۸۵ : ۱۱)
''اُنھی کے لیے ہیں بہشت کے باغ، بہہ رہی ہوں گی جن کے نیچے نہریں۔''

فَوْقَ : اوپر

o وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ط (الانعام ۶ : ۱۸)
''اور وہی غالب ہے اپنے بندوں کے اوپر۔''

o لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَکُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ (الحجرات ۴۹ : ۲)
''نہ بلند کرو تم اپنی آوازیں اُوپر نبی ﷺ کی آواز کے۔''

بَلْ : بلکہ / لیکن

o بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ (البروج ۸۵ : ۲۱)
''بلکہ وہ قرآنِ مجید (بڑی عظمت و شان والا) ہے۔''

o بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا (الاعلیٰ ۸۷ : ۱۶)
''لیکن تم تو ترجیح دیتے ہو دنیاوی زندگانی کو۔''

لٰکِنْ : لیکن / بلکہ

o قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا (الحجرات ۴۹ : ۱۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ان سے کہیے! نہیں ایمان لائے تم بلکہ تم یوں کہو کہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں۔''

o وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ (ق ٥٠ : ٢٧)

''اور بلکہ یہ خود ہی پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا تھا۔''

اِيَّا: صرف، ہی

(اگر یہ لفظ فعل سے پہلے آئے تو معنی میں تخصیص پیدا ہو جاتی ہے اور ترجمہ ''صرف'' یا ''ہی'' کیا جاتا ہے۔)

o اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ (الفاتحة ١ : ٤)

''تیری ہی ہم عبادت کرتے ہیں، اور تجھ ہی سے ہم مدد مانگتے ہیں۔''

o وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ (البقرة ٢ : ٤٠)

''اور تم صرف اور صرف مجھ ہی سے ڈرو۔''

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جدید عربی بول چال کے لیے

ذخیرہ الفاظ

اتعرف اللغة العربية؟	کیا آپ عربی زبان جانتے ہیں؟
نعم،اعرف اللغة العربية	ہاں، میں عربی زبان جانتا ہوں۔
انا مهندس	میں انجینئر ہوں۔
تعلمت اللغة العربية فی جامعة الهندسة	میں نے انجینئرنگ یونیورسٹی سے عربی زبان سیکھی ہے۔
فاليك بعض الالفاظ المهمة الجديدة	تو لیجیے بعض اہم جدید الفاظ

الدراسة فی المعهد

ادارے میں پڑھائی

اريد ان التحق بالجامعة (میں یونیورسٹی میں داخلہ لینا چاہتا ہوں)،الطلب (درخواست)،اَتَقَدَّمُ بهذا الطلب (میں یہ درخواست پیش کر رہا ہوں۔)، بياناتی (میرے کوائف)،اوراق (ڈاکیومنٹس)، شهادة طبية (میڈیکل سرٹیفکیٹ)،صورة (فوٹو کاپی)،مبنى السفارة السعودية (سعودی سفارت خانہ کی عمارت)، المؤهل الدراسی (تعلیمی قابلیت)، الجنسية (شہریت)، العنوان (ایڈریس)، التحوُّل (گھومنا پھرنا)،النزهة (سیر وتفریح)، زميل (رفیق/کلاس فیلو)، فصل (موسم)،بداية (آغاز)،مستوى متقدم (آخری مرحلہ)، مواعيد (اوقاتِ کار)، حجرة الدراسة (کلاس روم)، التدخين ممنوع (سگریٹ نوشی منع ہے)، محاضَرة (لیکچر)،محاضِر (لیکچرر)،الاستاذ المُساعد (اسسٹنٹ پروفیسر)،الاستاذ المشارك (ایسوسی ایٹ پروفیسر)، الاستاذ (پروفیسر)، عَمِيد (ڈین، پرنسپل)،الدَّورة (اجلاس)، فی الطابق الاول (پہلے منزل پر)،الشُبَّاك (کھڑکی)، المَقْعد (سیٹ)، مُسْتَوْدَع الكتب (بک بینک)، رسوم (واجبات،dues)،الدُّولار (ڈالر)، المُحَادَثَة (بول چال)، فِعْلا (واقعی)، امر مُهم (اہم کام)، مجلات (رسالے)، صُحُف (اخبارات)، سِعر (ریٹ)، رخِيص (سستا)،الحِصة (پیریڈ)، دَرَجات عالية (اچھے نمبر)، المواد/المُقرر (نصاب،سلیبس)، جَدول (شیڈول)، تَقْوِيم (کیلنڈر)، الدَّوام (ڈیوٹی)، المادة (مضمون/سبجیکٹ)، النتيجة (رزلٹ)،لوحة الاعلانات (نوٹس بورڈ)، كلية (شعبہ/کالج)،حفل (تقریب)، الدرجة الاولى (پہلی پوزیشن)، تفوق (برتری)،النظام (نظم وضبط/ڈسپلن)،العطلة السنوية (سالانہ چھٹیاں)،الاستجمام (دل بہلانا)، الأندِية (کلب/clubs)، المُساعدة (تعاون کرنا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المنزل و المَطعَم (گھر اور ریسٹورنٹ)

الاسرة (خاندان)، الجد (دادا)، الجدة (دادی)، الام الحنونة (مہربان ماں)، الاب الحنون (مہربان باپ)، العمة (چچی/پھوپھی)، العم (چچا/پھوپھا)، الاخت (بہن)، الاخ (بھائی)، الابن (بیٹا)، البنت (بیٹی)، الحفید (پوتا)، السبط (نواسا)، الازمة (ضروری چیز)، الغرفة المکیفة (ایئر کنڈیشنڈ کمرہ)، غرفة الضیافة (مہمان خانہ)، الضیف (مہمان)، المشروب الغازی (ٹھنڈا مشروب/کولڈ ڈرنک/کوک)، السفن اب (7up)، قارورة (بوتل)، الماء البارد (ٹھنڈا پانی)، العصیر (نچوڑ/جوس)، معجون الطماطم (ٹماٹو کیچپ)، الطبق (ٹرے)، الصحن (پلیٹ)، الطازج (تازہ/فریش)، لبن زبادی (دہی)، الارز (چاول)، الحلیب (دودھ)، المطبخ (باورچی خانہ، کچن)، الشای (چائے)، السُّکر (چینی)، الزُّبدة (مکھن)، القِشدة (بالائی)، سمن نباتی (بناسپتی گھی)، عُلبة (ڈبہ)، شُرفة (بالکنی)، حجرة الطعام (کھانے کا کمرہ، ڈائینگ روم)، ثلاجة (فریج)، الموقد (چولہا)، الرَّف (الماری)، سلَّة (ٹوکری)، شوکة (کانٹا)، مِلعَقَة (چمچہ)، سِکِّین (چھری)، اِبریق (جگ)، الکُوب (گلاس)، الخبز (روٹی)، خل (سرکہ، اچار)، المُخَلَّل المُشَکَّل (مکس اچار)، الفُطور (ناشتہ)، الغَداء (دوپہر کا کھانا)، العَشاء (شام کا کھانا)، مَطعَم باکستانی (پاکستانی ریسٹورنٹ)، الایجار (کرایہ)، لحم الغنم (بکری کا گوشت، مٹن)، لحم الدجاج (مرغ کا گوشت، چکن)، لحم العجل (بچھڑے کا گوشت، بیف)، لحم مفروم (قیمہ)، مشوی (بھنا ہوا)، مفلفل (مرچ والا)، الفلفل (مرچ)، الملح (نمک)، بهارات (مسالہ جات)، شطیرة (سینڈوچ)، ربع الکیلو (ایک پاؤ)، تمیس (نان)، صامولیّ (برگر)، الوجبات السریعة (فاسٹ فوڈ)، مِندیل ورقی (ٹشو پیپر)، نادِل (بیرا، ویٹر)، ناموسیة (مچھردانی)، محجوز (ریزرو)، معطل (خراب)، المِصعد (لفٹ)

دکان الخضروات و الفواکه (سبزیوں اور پھلوں کی دکان)

بطاطس (آلو)، یقطین (پیٹھا کدو)، الباميا (بھنڈی)، الباذنجان (بینگن)، قرنبیط (پھول گوبھی)، ملفوف (بند گوبھی)، فاصُولیا (لوبیا)، فِجل (مولی)، جَزر (گاجر)، خِیار (کھیرا)، زنجبیل (ادرک)، الکُزبُرة (دھنیا)

تفاح (سیب)، بُرتقال (مالٹا)، العِنب (انگور)، خَوخ (آڑو)، جَوزهندی (ناریل)، مِشمِش (خوبانی)، کمَّثرٰی (ناشپاتی)، مانجو (آم)، جَوَافة (امرود)، الرُّطب (تازہ کھجور)، التمر الهندی (املی)، لوز (بادام)، فستق (پستہ)، الحلویات (مٹھائیاں، سویٹس)، المکسَّرات (ڈرائی فروٹ)

محطة الباصات (بس اسٹینڈ)

برنامج (پروگرام)، تکلِفة السفر (سفری اخراجات)، الحافلة (بس)، سیارة المانیة (جرمن کار)، صالة الانتظار (انتظار گاہ)، تذاکِر الرُّکّاب (ٹکٹ گھر)، جواز (پاسپورٹ)، رقم المقعد (سیٹ نمبر)، سائق (ڈرائیور)، محطة بنزین (پٹرول پمپ)،

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شَنطة (بیگ)،الازدحام(رش)

المُستشفى و الصَّيدلية (ہسپتال اور میڈیکل سٹور)

الم (درد)،صُداع (سر درد)،سُعال (کھانسی)،اِسهال (دست آنا،پیچش،موشن)،حُمّى (بخار)،لا بأس طَهور ان شآء الله (گھبرایئے نہیں، یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے۔)،الشِفاء العاجل (جلد صحت یابی)، شراب (سیرپ)، اقراص/ حبوب (گولیاں)، منوّم (نیند آور)، حقن (ٹیکہ،انجکشن)،شريط لاصق (پٹی چپکانے والی ٹیپ)، مسحوق (پاؤڈر)،معجون اسنان (ٹوتھ پیسٹ)،فرشاة (برش)،سائل (لوشن)،مِحَرّ/مقياس الحرارة (تھرمامیٹر)، السماعة (سٹیتھوسکوپ)، الطبيب العام (جنرل فزیشن)،قسم الطوارئ (ایمرجنسی وارڈ)،الحِمية (پرہیز)، الوصفة الطبية (طبی نسخہ)

دكان الاحْذِية (جوتوں کی دکان)

الزبون (گاہک)، العينات (نمونے)،الحذاء الجلدي (چمڑے کا جوتا)،رخيص (سستا)،غال (مہنگا)،السعر المحدد (فکس ریٹ)،كيف هذا؟ (یہ کیسا ہے؟)، شِبشِب (چپل)،نعل (سینڈل)،ناعم (ملائم)،مريح (آرام دہ)، قوي (مضبوط)، النوع (ورائٹی)

دكان الملابس و الاقمشة (کپڑوں کی دکان)

لون ابيض (سفید رنگ)،رمادي (خاکستری)،اصفر (زرد)، احمر (سرخ)،اخضر (سبز)،ازرق (نیلا)،عباءة (چوغہ)، منديل الرقبة (اسکارف)، كوفيّة (مفلر)،جوارب (جرابیں)،ملابس رجالية (مردانہ سوٹ)،ملابس نسائية (زنانہ سوٹ)،فستان (فراک)،صُدرة (واسکٹ)،فَنيلة (بنیان)، بدْلة (جوڑا/سوٹ)، محلية (مقامی)، صيني (چینی)، ياباني (جاپانی)،جاهزة (ریڈی میڈ)،الكِيس (شاپنگ بیگ)

دكان الخياط (درزی کی دکان)

خذ القياس (ناپ لیجیے)، الطِراز الحديث (نیا فیشن)،التطريز (کڑھائی)، كم الخِياطة؟ (سلائی کتنی ہے؟)،متى تخِيط لي (آپ مجھے کب سی کر دیں گے؟)،على الرأس و العين (سر آنکھوں پر)،عفوا (کوئی بات نہیں)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دکان المُجَوهرات (جیولری کی دکان)

الخاتم (انگوٹھی)،قرط الذهب (سونے کی بالی)،العِقد (ہار)، قِلادة الفضة (چاندی کا ہار)، سلسلة (زنجیر)، اسورة (کنگن)، نفیس (عمدہ)،ثقیل (بھاری)، خفیف (ہلکی)،الحجر الکریم (قیمتی پتھر)

المصرِف (بینک)

کوبون الارقام (ٹوکن نمبر)، الحساب الجاری (کرنٹ اکاؤنٹ)،حساب التوفیر (سیونگ اکاؤنٹ)،البطاقة الشخصیة (شناختی کارڈ)، جوازالسفر (پاسپورٹ)،شرِکة (فرم/کمپنی)، رقم الحساب (اکاؤنٹ نمبر)،المبلغ (رقم)، دفتر شِیکاتٍ (چیک بک)، الرصِید (بیلنس)،بطاقة الصَّرّاف الآلی (ATM Card)،مندوب (نمائندہ)،التاشِیرة (ویزا)

حدیقة الحیوانات (چڑیا گھر)

الحیوانات الاهلیة (پالتو جانور)،الحیوانات المفترسة (درندے)،حیوانات الغابة (جنگلی جانور)، الطیور (پرندے)، الحیات (سانپ)، التذکرة/تذاکِر (ٹکٹ)،بوّابة (مرکزی دروازہ/مین گیٹ)،قسم الزواحف و الثعابین، (رینگنے والے جانوروں اور اژدہوں کا حصہ/پورشن)، الغَزال (ہرن)، الزرافة (زرافہ)، النّعامة (شترمرغ)،بقر وحشی (جنگلی گائے)، السُلحفاة (کچھوا)، تِمسَاح (مگرمچھ)، الاسد (شیر)، النمر/القِرد (چیتا)، الذئب (بھیڑیا)، الثعلب (لومڑ)، قفص (پنجرہ)، طاؤوس (مور)

المطار الدُّوَلی (بین الاقوامی ہوائی اڈہ/انٹرنیشنل ایئرپورٹ)

اِقلاع الطائرة (جہاز کی روانگی)، کابتَن الطائرة (جہاز کا کپتان)،الخُطُوط الجوّیة (ایئرلائن)،ماکِینة الفَحص (چیکنگ مشین)، الصف/الطابور (قطار)، محظور (ممنوع)،شیء حاد (تیز دھار والی چیز)،سکین (چھری)، انابیب الغاز (گیس سلنڈر)، المخدّرات (منشیات)، الاستمارة (فارم)، بطاقة الرکوب (بورڈنگ کارڈ)،صالة الانتظار (انتظارگاہ)، حمامات (طہارت خانے/واش روم)،التلفزیون (ٹیلی ویژن)،المِصعد (لفٹ)، السُّلم (سیڑھی)، سَلَالِم مُتَحرکة (الیکٹرانک سیڑھیاں)، حزام الامان (حفاظتی بیلٹ)، المِهبَطة (پیراشوٹ)، هَول (گھبراہٹ)،الامتعة (سامان)، الصالة (ہال)، العُملة (کرنسی)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العمرة و الحج

المیقات (جہاں سے حج وعمرہ کی نیت کی جاتی ہے)، ملابس الاحرام (احرام کا لباس)، تلبیة (لبیك اللهم لبیك ..... پکارنا)، طواف القدوم (آمد کے وقت پہلا طواف)، ابتداء الطواف من الحجر الاسود (طواف کا آغاز حجرِ اسود سے)، یُقال: بسم اللہ و اللہ اکبر (بسم اللہ و اللہ اکبر کہا جاتا ہے)، تقبیل الحجر الاسود (حجر اسود کو بوسہ دینا)، الاستلام بالید او العصا (ہاتھ یا لاٹھی سے چھونا)، الشَّوط (طواف کا ایک چکر)، سبعة (سات)، الرمل فی ثلاثة اشواط (رمل، اکڑ کر اور تیز چال چلنا، تین چکروں میں ہوتا ہے)، الاضطباع فی جمیع الاشواط (اضطباع (دائیں بغل سے چادر نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا) تمام چکروں میں ہوتا ہے)، رکعتین خلف مقام ابراهیم (مقام ابراہیم سے پیچھے دو رکعت)، شُرب ماء زمزم (آبِ زم زم پینا)، الی الصفا (صفا کی جانب)، علی الصفا (صفا پر)، المسعی بین الصفا و المروة (صفا و مروہ کے درمیان سعی کی جگہ)، الحلق افضل (بال منڈوانا زیادہ بہتر ہے)، القصر (بال کٹوانا)

البیتوتة فی منی (منیٰ میں رات بسر کرنا)، یوم عرفة (نو ذوالحج، جس دن حجاج کرام عرفات میں جمع ہوتے ہیں)، الظهر و العصر قصرا و جمعا (ظہر وعصر کی نماز قصر اور جمع کرنا)، صلاة المغرب و العِشاء فی المزدلفة (مغرب اور عشاء کی نماز مزدلفہ میں جمع اور قصر کے ساتھ)، یوم النحر (قربانی والا دن، دس ذوالحجہ)، رمی الجمرة الکُبریٰ (جمرۃ کبریٰ کو رمی کرنا)، الهَدی (قربانی کا جانور)، حلق الرأس (سر منڈانا)، طواف الإفاضة (طواف زیارت)، طواف الوِداع (طوافِ وداع)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم (Noun)

اسم کا معنٰی ہوتا ہے "نام"۔ گرامر میں اس سے مراد ایسا کلمہ ہے جو اپنا معنٰی خود بتائے اور اُس میں کسی زمانے (ماضی، حال یا مستقبل) کا مفہوم شامل نہ ہو۔ مثلاً: اَللّٰہُ، مُحَمَّدٌ، رَسُوْلٌ، اِلٰہٌ، جَنَّۃٌ۔

یہ تمام کلمات اپنے معنوں کو بخوبی ظاہر کرتے ہیں اور ان میں زمانہ قطعاً نہیں پایا جاتا۔ اسی طرح انسانوں، حیوانوں، جگہوں اور دوسری چیزوں کے نام ہیں تو ان میں زمانے (وقت) کا مفہوم بالکل نہیں پایا جاتا۔ جیسے: اَلْمُؤْمِنُ، مُسْلِمٌ، فَاسِقٌ، بَقَرَۃٌ، مِصْرُ، قُرَیْشٌ، جَھَنَّمُ وغیرہ۔

❑ اسم کی علامتیں

تین علامات ایسی ہیں جو صرف اسم میں پائی جاتی ہیں، وہ درج ذیل ہیں:

1: الف لام (اَلْ): یہ جس لفظ کے شروع میں ہوگا وہ اسم ہی ہوگا۔ جیسے: اَلْحَمْدُ (ہر قسم کی حمد وستائش)، اَلصِّرَاطُ (خاص رستہ) اَلرَّسُوْلُ (خاص رسول)۔

2: تنوین (یعنی دو زبر، دو زیر، دو پیش): یہ جس لفظ کے آخر میں آئے گی وہ لازماً اسم ہوگا۔ جیسے: جَزَآءً (بدلہ)، اِحْسَانٌ (احسان، نیکی)، کَوْکَبٌ (کوئی ستارہ)۔

3: گول تا (ۃ / ة): یہ جس لفظ کے آخر میں آئے گی وہ بھی اسم ہی ہوگا۔ جیسے: جَنَّۃٌ (جنت / بہشت) حَیٰوۃٌ (حیات، زندگی) جُمُعَۃٌ (جمعہ)۔

❑ نوٹ:

1: مذکورہ علامتوں میں سے پہلی اور دوسری علامت کبھی کسی اسم میں اکٹھی نہیں ہوسکتیں، یعنی اَلْجَنَّۃٌ نہیں کہہ سکتے۔

2: مذکورہ علامات کی مدد سے آپ قرآن وحدیث کے کم از کم ساٹھ فی صد اسم پہچان سکیں گے۔

مشق

(ا).....اردو میں ترجمہ کیجیے!

اَلْکِتَابُ		اَلرَّسُوْلُ		اَلْقَلَمُ	
اَلْمَسْجِدُ		اَلنَّبِیُّ		اَلْجَمَاعَۃُ	

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَلِمَةٌ		اَلْوَزْنُ		اَلدِّيْنُ	
اَلْأُسْتَاذُ		اَلطَّالِبُ		جَوَابٌ	
هَوَاءٌ		حِسَابٌ		اُمَّةٌ	
اِحْسَانٌ		جَمَاعَةٌ		عَالِمٌ	
جَاهِلٌ		كَاتِبٌ		كَلَامٌ	
سُؤَالٌ		طِفْلٌ		شَمْسٌ	
قَمَرٌ		وَلَدٌ		اَرْضٌ	
سَمَآءٌ		بَرٌّ		لَيْلٌ	
نَهَارٌ		فُلْكٌ		اَلْجَبَلُ	

(۱).....عربی بنایئے!

زمین		کچھ کھانا		ایک غلام	
کمرہ (خاص)		آسمان		کوئی ایک سورت	
دل		نیا		درخت	
پھل		کوئی دن		رات	
بیٹا		بیٹی		کرسی	

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکر اور مؤنث

عربی میں نر چیز کو مذکر اور مادہ کو مؤنث کہتے ہیں نیز مذکر و مؤنث کے لیے جو الفاظ بولے جاتے ہیں وہ اسم ہی ہوتے ہیں۔
عربی میں مؤنث اسموں کی علامات درج ذیل ہیں، اور یہ اسموں کے آخر میں آتی ہیں:

۱۔ گول تا: جیسے: مُسْلِمَةٌ ، جَنَّةٌ ، اَلصَّلٰوةُ ۔

ایسا مذکر اسم جو کسی صفت (خوبی یا خامی) کا معنٰی دے رہا ہو تو اُسے مؤنث بنانے کے لیے عام طور پر اُس کے آخر میں یہی گول تا [ـة / ـة] لگا دیتے ہیں، جیسے: اردو میں قاری سے قاریہ، عالم سے عالمہ اور عابد سے عابدہ۔ بولتے وقت یہ ة ہ میں بدل جاتی ہے۔ اسی طرح عربی میں یوں ہوگا:

مذکر		مؤنث
سَاجِدٌ (سجدہ کرنے والا)	سے	سَاجِدَةٌ
شَاهِدٌ (گواہی دینے والا)	سے	شَاهِدَةٌ
تَائِبٌ (توبہ کرنے والا)	سے	تَائِبَةٌ

۲۔ الفِ مقصورہ یعنی یہ شکل (ـــٰـی) جیسے: حُسْنٰى ، عُقْبٰى ۔

۳۔ الفِ ممدودہ یعنی یہ شکل (ـــ آءُ) جیسے: بَيْضَاءُ ، صَفْرَاءُ ۔

❑ مؤنث کے طور پر استعمال ہونے والے چند دیگر الفاظ

عربی میں مندرجہ ذیل الفاظ بھی مؤنث ہیں، اگرچہ ان کے آخر میں علامات نہیں ہیں۔

☆..... چند قدرتی اشیاء کے نام۔ مثلاً: شَمْسٌ (سورج)، أَرْضٌ (زمین)، سَمَاءٌ (آسمان)، رِيْحٌ (ہوا)، نَارٌ (آگ)، ذَهَبٌ (سونا)، عَسَلٌ (شہد)، عَيْنٌ (چشمہ)، نَفْسٌ (جان)، مِسْكٌ (کستوری)

☆..... بعض مصنوعی چیزوں کے نام۔ مثلاً: دَارٌ / بَيْتٌ (گھر)، دَلْوٌ (ڈول)، عَصًا (لاٹھی)، فُلْكٌ (کشتی)، كَأْسٌ (پیالہ)، خَمْرٌ (شراب)

☆..... دوزخ کے نام: جَهَنَّمُ ، سَعِيْرٌ، سَقَرُ ، جَحِيْمٌ۔

☆..... جسم کے اکثر جوڑا جوڑا اعضاء، مثلاً: يَدٌ (ہاتھ)، رِجْلٌ (ٹانگ)، قَدَمٌ (پاؤں)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَيْنٌ (آنکھ)، أُذُنٌ (کان)، سَاقٌ (پنڈلی)۔

☆.....ملکوں، شہروں، قوموں اور قبیلوں کے نام، مثلاً: مِصْرُ، مَدْيَنُ، قُرَيْشٌ، عَادٌ۔

❑ نوٹ: جو الفاظ جان داروں میں سے مادہ کے لیے بولے جاتے ہیں ظاہر ہے کہ وہ بھی مؤنث ہی ہیں، مثلاً: أُمٌّ (ماں)، أُخْتٌ (بہن)، اِمْرَأَةٌ (عورت/بیوی)، بَقَرَةٌ (گائے)۔

❑ نیچے دیے ہوئے تمام الفاظ مؤنث ہیں، انھیں یاد کرلیں!

صِدِّيقَةٌ، حَدِيقَةٌ، مُسْلِمَةٌ، مُؤْمِنَةٌ، عَالِمَةٌ، خَالَةٌ، وَالِدَةٌ، حَرَكَةٌ، ظُلْمَةٌ، قُدْرَةٌ، سُوْرَةٌ، صَخْرَةٌ رَقَبَةٌ، عَمَّةٌ، بِنْتٌ، زَوْجَةٌ، بَقَرَةٌ، شَجَرَةٌ، غُرْفَةٌ، فَاطِمَةُ، عَطِيَّةُ، أُسْرَةٌ، نَاقَةٌ

❑ نوٹ: خليفةٌ، علامةٌ وغیرہ مذکر ہیں کیوں کہ یہ الفاظ صرف مردوں کے لیے بولے جاتے ہیں، یہ [-ة] کی وجہ سے مؤنث نہ سمجھے جائیں۔ ظاہراً یہ اسم مؤنث ہیں جب کہ مسمّٰی مذکر ہیں۔

مشق

1.....عربی میں ترجمہ کریں!

ایک مسلمان مرد اور ایک مسلمان عورت.....

مومن مرد (خاص) اور مومن عورت (خاص).....

ایک کافر مرد اور ایک کافر عورت.....

ایک بہت بڑا عالم.....

خلیفہ (خاص).....

ایک درخت اور ایک باغ.....

فاطمہ اور عطیہ.....

2.....مندرجہ ذیل لفظوں سے مؤنث بنائیں!

مُسْلِمٌ		كَافِرٌ		جَاهِلٌ	
مَلِكٌ		مُحْتَرَمٌ		مُكَرَّمٌ	
مُعَظَّمٌ		فَاضِلٌ		عَالِمٌ	
شَاهِدٌ		خَالِدٌ		مَرْحُومٌ	
مَغْفُورٌ		مَسْتُورٌ		مُؤْمِنٌ	

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تثنیہ اور جمع

(Dual / Plural)

تثنیہ (Dual)

دو چیزوں کو عربی میں تثنیہ (یا مُثنّٰی) کہتے ہیں، جیسے: دو کتابیں ، دو قلمیں ، دو آدمی

تثنیہ کا قاعدہ: عربی میں "دو" کے لیے اسم کے آخر میں [انِ] یا [یْنِ] لگاتے ہیں، واحد لفظ چاہے مذکر ہو یا مؤنث ،

ے:

واحد		تثنیہ
کِتَابٌ (ایک کتاب)	سے	کِتَابَانِ یا کِتَابَیْنِ (دو کتابیں)
قَلَمٌ (ایک قلم)	سے	قَلَمَانِ یا قَلَمَیْنِ (دو قلم)
قَمِیْصٌ (ایک قمیص)	سے	قَمِیْصَانِ یا قَمِیْصَیْنِ (دو قمیصیں)
مُصِیْبَۃٌ (ایک مصیبت)	سے	مُصِیْبَتَانِ یا مُصِیْبَتَیْنِ (دو مصیبتیں)

جمع (Plural)

دو سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں، جیسے: کتاب سے کتابیں، قلم سے قلمیں، گھر سے گھروں۔

مذکر کی جمع: عربی میں مذکر کی جمع بنانے کے لیے اسم کے آخر میں [وْنَ] یا [یْنَ] لگا دیتے ہیں، جیسے:

واحد		جمع
مُسْلِمٌ	سے	مُسْلِمُوْنَ یا مُسْلِمِیْنَ (بہت سے مسلمان)
کَافِرٌ	سے	کَافِرُوْنَ یا کَافِرِیْنَ (بہت سے کافر)
جَاھِلٌ	سے	جَاھِلُوْنَ یا جَاھِلِیْنَ (بہت سے جاہل)
عَالِمٌ	سے	عَالِمُوْنَ یا عَالِمِیْنَ (سب عالم)

مؤنث کی جمع : عربی زبان میں مؤنث کی جمع بنانے کے لیے (مؤنث کی علامت گول تا ہٹا کر) آخر میں اتٌ یا اٰتٌ

تے ہیں، جیسے:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ / اَلْمُسْلِمَاتُ	عَالِمَةٌ سے عَالِمَاتٌ / اَلْعَالِمَاتُ
مُؤْمِنَةٌ سے مُؤْمِنَاتٌ / اَلْمُؤْمِنَاتُ	كَاتِبٌ سے كَاتِبَاتٌ / اَلْكَاتِبَاتُ

تین مذکر اور تین مؤنث کے الفاظ یوں ہوں گے:

واحد	تثنیہ	جمع
نَاصِرٌ (مددگار ایک مرد)	نَاصِرَانِ (مددگار دو مرد)	نَاصِرُوْنَ (مددگار سب مرد)
نَاصِرَةٌ (مددگار ایک عورت)	نَاصِرَتَانِ (مددگار دو عورتیں)	نَاصِرَاتٌ (مددگار سب عورتیں)

مشق

1..... نیچے دیے ہوئے لفظوں کا عربی میں تثنیہ بنایے!

مومن		مشرک		کافر	
جاہل		عالم		قمیص	
قلم		کتاب		مشرق	
مغرب		سورت		آیت	
رکوع		سجدہ		امام	

2.....اردو میں ترجمہ کریں!

كِتَابَانِ		قَلَمَانِ		شَجَرَتَانِ	
أُخْتَانِ		أَخَوَانِ		أُمَّتَانِ	
كَلِمَتَانِ		رَسُوْلَانِ		غُلَامَيْنِ	
يَتِيْمَيْنِ		أَخَوَيْنِ		ظَالِمٌ	
ظَالِمَانِ		ظَالِمُوْنَ		جَاهِلٌ	
جَاهِلَانِ		جَاهِلُوْنَ		عَامِلٌ	
عَامِلَانِ		عَامِلُوْنَ		حَافِظٌ	
حَافِظَانِ		حَافِظُوْنَ			

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3.....سبق نمبر 11 کے دیے ہوئے ذخیرۂ الفاظ کی مدد سے عربی بنائیں:

دو ستارے		دو چچے		دو چہرے	
دو ہاتھ		دو کہنیاں		دو مہینے	
دو گھٹنے		دو سجدے		دو دروازے	

4.....عربی میں ترجمہ کریں:

ایک کاتب..... دو کاتب..... سب کاتب.....

ایک مومن..... دو مومن..... سب مومن.....

ایک فاسق..... دو فاسق..... سب فاسق.....

سب غافل..... دو غافل..... کوئی ایک غافل.....

ایک مریض..... دو مریض..... سب مریض.....

ایک جاہل مرد..... دو جاہل عورتیں.....

ایک دن اور دو راتیں.....

ایک مرد اور دو عورتیں.....

دو روٹیاں اور کچھ پانی.....

دو نیک مرد اور دو نیک عورتیں.....

دو اونٹنیاں اور ایک اونٹ.....

ایک چاند اور دو ستارے.....

ایک مسلمان مرد اور دو مسلمان عورتیں.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم مفعول (Object)

(ا).....اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہو جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا گیا) یعنی مدد کا فعل اس کی ذات پر واقع ہوا ہے۔ اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مادہ (مصدر کے حروف اصلی) سے پہلے مِیْم مَفْتُوْح (میم زبر والا) داخل کیا جائے اور دوسرے حرف کے بعد واؤ بڑھا دیا جائے جیسے: فَتْحٌ (کھولنا) سے مَفْتُوْحٌ

(ب).....ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کا صیغہ مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے: مَضْرُوْبٌ، مَنْصُوْرٌ، مَشْرُوْبٌ، مَسْمُوْعٌ، مَقْتُوْلٌ وغیرہ۔

(ج).....اس کے بھی چھ صیغے ہوتے ہیں۔ تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے گردان یوں آئے گی:

مَعْلُوْمٌ	جانا ہوا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مَعْلُوْمَانِ	جانے ہوئے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مَعْلُوْمُوْنَ	جانے ہوئے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مَعْلُوْمَةٌ	جانی ہوئی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
مَعْلُوْمَتَانِ	جانی ہوئی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
مَعْلُوْمَاتٌ	جانی ہوئی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

مثالیں:.....منصور، مطلوب، محفوظ، مکتوب، مسموع، مشروب، مفتوح، معروف، ممنوع

(د).....غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا وہی طریقہ ہے جو اسم فاعل کا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اسم فاعل میں ماقبل آخر (آخری سے پہلا حرف) مَکْسُوْر ہوتا ہے اور اسم مفعول میں مفتوح جیسے:

یُدْخِلُ سے مُدْخَلٌ (داخل کیا گیا) یُصَدِّقُ سے مُصَدَّقٌ (تصدیق کیا ہوا) یَتَکَلَّمُ سے مُتَکَلَّمٌ (گفتگو کیا ہوا) یُدَحْرِجُ مُدَحْرَجٌ (لڑھکایا ہوا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسم مفعول (Object)

(ا).....اسم مفعول وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس پر فعل واقع ہو جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا گیا) یعنی مدد کا فعل اس کی ذات پر واقع ہوا ہے۔ اس کے بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مادہ (مصدر کے حروف اصلی) سے پہلے مِیْم مَفْتُوْح (میم زبر والا) داخل کیا جائے اور دوسرے حرف کے بعد واؤ بڑھا دیا جائے جیسے: فَتْحٌ (کھولنا) سے مَفْتُوْحٌ

(ب).....ثلاثی مجرد سے اسم مفعول کا صیغہ مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے: مَضْرُوْبٌ، مَنْصُوْرٌ، مَشْرُوْبٌ، مَسْمُوْعٌ، مَقْتُوْلٌ وغیرہ۔

(ج).....اس کے بھی چھ صیغے ہوتے ہیں۔ تین مذکر کے لیے اور تین مؤنث کے لیے گردان یوں آئے گی:

مَعْلُوْمٌ	جانا ہوا ایک مرد	صیغہ واحد مذکر
مَعْلُوْمَانِ	جانے ہوئے دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر
مَعْلُوْمُوْنَ	جانے ہوئے سب مرد	صیغہ جمع مذکر
مَعْلُوْمَةٌ	جانی ہوئی ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث
مَعْلُوْمَتَانِ	جانی ہوئی دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث
مَعْلُوْمَاتٌ	جانی ہوئی سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث

مثالیں:.....منصور، مطلوب، محفوظ، مکتوب، مسموع، مشروب، مفتوح، معروف، ممنوع

(د).....غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول بنانے کا وہی طریقہ ہے جو اسم فاعل کا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اسم فاعل میں ماقبل آخر (آخری سے پہلا حرف) مَکْسُوْر ہوتا ہے اور اسم مفعول میں مفتوح جیسے:

یُدْخِلُ سے مُدْخَلٌ (داخل کیا گیا) یُصَدِّقُ سے مُصَدَّقٌ (تصدیق کیا ہوا) یَتَکَلَّمُ سے مُتَکَلَّمٌ (گفتگو کیا ہوا) یُدَحْرِجُ مُدَحْرَجٌ (لڑھکایا ہوا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع مکسر (broken plural)

وہ واحد لفظ جو جمع میں اپنے حروف کی ترتیب برقرار نہ رکھ سکے اس کی جمع کو جمع مکسّر کہتے ہیں۔جس کے چند مشہور اوزان یہ ہیں:

(۱) **افعال**: جیسے طفل کی جمع اطفال۔اسی طرح وقت، عمل، باب، موت، فوج، صاحب، دین، قلم وغیرہ الفاظ کی جمع

(۲) **فُعُول**: جیسے ملك کی جمع مُلوك۔اسی طرح شاهد، قلب، برج، بطن، ضدر، غیب، بیت، علم، وجه، قبر وغیرہ الفاظ کی جمع

(۳) **فِعال**: جیسے کریم کی جمع کرام۔اسی طرح رجل، جبل، قائم، عظم، عظیم، عبد، حسن وغیرہ الفاظ کی جمع

(۴) **فُعُل**: جیسے رسول کی جمع رسل۔اسی طرح عماد، کتاب، سبیل، مدینة، اسد، حمار، خشب وغیرہ الفاظ کی جمع

(۵) **افعُلٌ**: جیسے رِجل کی جمع ارجل۔اسی طرح بحر، شهر، عین، نفس، نهَر وغیرہ الفاظ کی جمع

(۶) **فُعّال**: جیسے کافر کی جمع کفار۔اسی طرح جاهل، فاسق، فاجر، عاشق، کاتب، خادم وغیرہ الفاظ کی جمع

(۷) **فُعَلاءُ**: جیسے شهید کی جمع شهداء۔اسی طرح شریف، ضعیف، شاعر، عالم، شریك، فقیر، نبیل، رحیم، بلیغ، فصیح، کبیر، قدیم، سفیر، طالب، امیر، شفیع وغیرہ الفاظ کی جمع

(۸) **افعِلةٌ**: جیسے طعام کی جمع اطعمة۔اسی طرح شراب، فؤاد، لسان، سنام، اله وغیرہ الفاظ کی جمع

(۹) **افعِلاءُ**: جیسے نبی کی جمع انبیاء۔اسی طرح ولی، صفیّ، تقیّ، شفیّ، غنی وغیرہ الفاظ کی جمع

(۱۰، ۱۱) **مَفاعِلُ** اور **مفاعیلُ**: جیسے مسجد کی جمع مساجد اور مکتوب کی جمع مکاتیب۔اسی طرح مقعد، مکتب، موعظة، موعد، مشرق، مغرب، مبحث، منقبة، مظلمة، مقبرة، مرفق، مسکن اور مفتاح (مفاتح/ مفاتیح)، مسکین، مصباح وغیرہ الفاظ کی جمع

(۱۲، ۱۳) **فعالِلُ** اور **فعالِیلُ**: جیسے درهم کی جمع دراهم اور سلطان کی جمع سلاطین۔اسی طرح کوکب، حادثة، صومعة اور قندیل، بستان وغیرہ الفاظ کی جمع

(۱۴) **فِعلة**: جیسے فتی کی جمع فتیة۔اسی طرح صبی، ولد، غلام وغیرہ الفاظ کی جمع

(۱۵) **فِعَلٌ**: جیسے فرقة کی جمع فِرق، قصة کی جمع قصص

(۱۶) **فِعلانٌ**: جیسے غلام کی جمع غلمان اور صبی کی جمع صبیان

(۱۷) **فعلٰی**: جیسے مریض کی جمع مرضٰی، احمق کی جمع حمقٰی

(۱۸) **فَعَلَة**: جیسے کافر کی جمع کفرة، فاجر کی جمع فجرة، طالب کی جمع طلبة اور عابد کی جمع عبدة

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نکرہ اور معرفہ

(Common noun / Proper noun)

معنوی وسعت (گنجائش) کے لحاظ سے ہر اسم ایک جیسا نہیں ہوتا بلکہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتا ہے۔ کسی میں معنوی گنجائش زیادہ ہوتی ہے اور کسی میں کم۔ جیسے: رَجُلٌ (ایک مرد) یہ لفظ معنوی لحاظ سے بہت وسیع ہے کہ ہر مرد پر بولا جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس خَالِدٌ ہے تو یہ ہر شخص کی بجائے اُسی آدمی کے لیے بولا جائے گا جس کا نام خالد ہے اس لیے اس میں معنوی گنجائش کم ہے۔ چناں چہ وسعت کے لحاظ سے اسم دو طرح کا ہے:

اسم بہ لحاظِ وُسعت

نکرہ (Common noun)، معرفہ (Proper noun)

(۱).....اسمِ نکرہ: (Common noun)

جس اسم سے کوئی مخصوص فرد یا متعین چیز اور جگہ کا مفہوم سمجھ میں نہ آئے، یا یہ کہ جو اسم کسی عام شخص، جگہ یا چیز کے لیے بولا جائے وہ ''اسمِ نکرہ'' کہلاتا ہے۔ جیسے: کِتَابٌ (کوئی کتاب) قَلَمٌ (کوئی قلم) بَابٌ (ایک دروازہ)۔

نوٹ: .....اسمِ نکرہ کے آخر میں زیادہ تر تنوین آتی ہے۔ یعنی دو زبر، دو زیر اور دو پیش

(۲).....اسمِ معرفہ: (Proper noun)

جو اسم کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کے لیے بولا جائے اُسے اسمِ معرفہ کہتے ہیں۔ اسمِ معرفہ کی چند قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں:

اسم معرفہ

اسمِ عَلَم مُعَرَّف بِاللّام اسمِ اشارہ اسمِ موصول اسمِ ضمیر

1.....اسمِ عَلَم (Proper Name)

مختلف افراد، جگہوں اور چیزوں کے رکھے ہوئے نام کو ''اسمِ عَلَم'' کہتے ہیں۔ جیسے: مُحَمَّدٌ، قُرَیْشٌ، مَکَّۃُ، مِصْرُ۔

2..... مُعَرَّف بِاللّام (Noun with definite Articale)

وہ اسمِ نکرہ جسے اَلْ (الف، لام) لگا کر معرفہ بنایا گیا ہو۔ یاد رہے کہ اَلْ لگانے کے بعد تنوین نہیں آئے گی۔ مثلاً: کِتَابٌ سے اَلْکِتٰبُ اور مَدِیْنَۃٌ سے اَلْمَدِیْنَۃُ۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3.....اسمِ اشارہ (Demonstrative Noun)

جو الفاظ اشارے کے لیے استعمال ہوتے ہیں وہ ''اسم اشارہ'' کہلاتے ہیں۔ جیسے: هٰذَا (یہ)، ذٰلِكَ (وہ)

4.....اسمِ موصول (Relative Pronoun)

اسم موصول اُس نامکمل اسم کو کہتے ہیں جو اکیلا کسی بھی جملے کا مکمل جزو نہیں بن سکتا جب تک اس کے ساتھ کوئی دوسرا کلمہ یا جملہ نہ ملایا جائے۔ اسم موصول کے بعد جو لفظ یا جملہ آتا ہے وہ اس کا صلہ کہلاتا ہے۔ اَلَّذِی (جو شخص) مَن (جو آدمی)۔

5.....اسمِ ضمیر (Pronoun)

کسی نام کی جگہ بولے جانے والے کلمے کو اسمِ ضمیر کہتے ہیں۔ مثلاً: هُوَ (وہ) اَنْتَ (تو) اَنَا (میں)۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسمِ ضمیر

(Pronoun)

''ضمیر'' کے معنٰی ہیں پوشیدہ یا چھپا ہوا۔ اسمِ ضمیر سے مراد وہ مختصر سا نام ہے جو غائب، حاضر یا متکلم پر دلالت کرے۔ یعنی جس شخص یا چیز کا گفتگو میں ایک دفعہ نام لیا جا چکا ہو تو دوبارہ اُس کا نام لینے کی بجائے اسمِ ضمیر بولا جائے۔ جیسے: ''خالد مسجد میں آیا اور اُس نے باجماعت نماز ادا کی، پھر وہ تلاوتِ قرآن مجید میں مشغول ہوگیا۔'' بعد والے دو فقروں میں ''اُس نے'' اور ''وہ'' کے الفاظ اسمِ ضمیر ہیں جو خالد کی جگہ بولے گئے ہیں۔ چناں چہ ایسے الفاظ جو کسی اسم کی جگہ استعمال کیے جائیں ''اسمِ ضمیر'' کہلاتے ہیں۔ بعض ضمیریں فاعلی ہوتی ہیں بعض مفعولی اور بعض اِضافی۔ فاعلی ضمیریں درج ذیل ہیں:

ضمیروں کے فاعلی صیغے

صیغے		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُوَ وہ ایک مرد/اس ایک مرد نے	هُمَا وہ دو مرد/ان دو مردوں نے	هُمْ وہ سب مرد/ان سب مردوں نے
غائب	مؤنث	هِيَ وہ ایک عورت/اس ایک عورت نے	هُمَا وہ دو عورتیں/ان دو عورتوں نے	هُنَّ وہ سب عورتیں/ان سب عورتوں نے
حاضر	مذکر	أَنْتَ تو ایک مرد/تو ایک مرد نے	أَنْتُمَا تم دو مرد/تم دو مردوں نے	أَنْتُمْ تم سب مرد/تم سب مردوں نے
حاضر	مؤنث	أَنْتِ تو ایک عورت/تو ایک عورت نے	أَنْتُمَا تم دو عورتیں/تم دو عورتوں نے	أَنْتُنَّ تم سب عورتیں/تم سب عورتوں نے
متکلم	مذکر و مؤنث	أَنَا میں/ میں نے	نَحْنُ ہم/ ہم نے	نَحْنُ ہم/ ہم نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضمیروں کے مفعولی یا اضافی صیغے

صیغے		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	هُ هِ هَ اُسے، اُس کو/ اس کا	هُمَا اُنھیں، اُن کو/ ان دو کا	هُمْ اُنھیں، اُن کو/ ان سب کا
	مؤنث	هَا اُس عورت کو، اُسے/ اُس عورت کا	هُمَا اُنھیں، اُن کو/ اُن عورتوں کا	هُنَّ اُنھیں، اُن کو/ اُن سب عورتوں کا
حاضر	مذکر	كَ تجھے، تجھ کو/ تجھ ایک مرد کا	كُمَا تمھیں، تم کو/ تم دو مردوں کا	كُمْ تمھیں، تم کو/ تم سب مردوں کا
حاضر	مؤنث	كِ تجھے، تجھ کو/ تجھ ایک عورت کا	كُمَا تمھیں، تم کو/ تم دو عورتوں کا	كُنَّ تمھیں، تم کو/ تم سب عورتوں کا
متکلم	مذکر و مؤنث	يَ، يْ مجھے، مجھ کو/ میرا، میری، میرے	نَا ہمیں، ہم کو/ ہمارا، ہماری، ہمارے	نَا ہمیں، ہم کو/ ہمارا، ہماری، ہمارے

☆..... ضمیروں کے مذکورہ بالا الفاظ اگر کسی فعل کے آخر میں متصل ہو کر آئیں تو انہیں مفعولی ضمیریں کہیں گے۔ مثلاً: خَلَقَكَ ''اُس (اللہ) نے تجھے پیدا کیا۔'' اس مثال میں ''كَ'' مفعولی ضمیر ہے، کیوں کہ فعل (خلق) کے آخر میں آئی ہے۔

☆..... اگر کسی اسم کے آخر میں متصل ہو کر آئیں تو انہیں اِضافی ضمیریں کہیں گے۔ مثلاً رَبُّكَ ''آپ کا رب'' میں ''كَ'' اِضافی ضمیر ہے کیوں کہ اسم (رَبُّ) کے آخر میں آئی ہے۔

مشق

1..... درجِ ذیل دو دو کلمات کو آپس میں اس طرح ملائیں جس طرح مثال میں ہے اور ترجمہ کریں:

مثال: شَجَرَةٌ، نَهْرٌ سے شَجَرَةٌ وَ نَهْرٌ درخت اور نہر

اِيْمَانٌ، شِرْكٌ	.....	ثَوَابٌ، عَذَابٌ	.....
لَيْلٌ، نَهَارٌ	.....	جَنَّةٌ، جَهَنَّمُ	.....
اَلدُّنْيَا، اَلْاٰخِرَةُ	.....	شَمْسٌ، قَمَرٌ	.....
اَرْضٌ، سَمَآءٌ	.....	اَلْبَرُّ، اَلْبَحْرُ	.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2..... اُردو میں ترجمہ کیجیے!

بِهِ		عَلَيْكُمْ	
إِلَيْنَا		فِيهِمَا	
مِنِّي		عَلَيْهَا	
إِلَيْكَ		إِلَيْهِمْ	
عَلَيْهِنَّ		مِنْهُمَا	
إِلَيْهِمَا		مِنْهُنَّ	
فِيهِ		عَلَيَّ	
فِي آذَانِهِمْ		مِنْ ذُرِّيَّتِي	

وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ .....

أَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ .....

لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ .....

رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ .....

إِلَهَكَ وَإِلَهَ آبَائِكَ .....

لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى .....

لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ .....

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ .....

أَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ .....

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ .....

فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ .....

فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ .....

وَ لِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ .....

لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ .....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکبات (Compounds)

کلمہ اگر تنہا استعمال ہو تو وہ مفرد کہلاتا ہے اور اگر دوسرے کلمے کے ساتھ مل کر استعمال ہو تو دونوں کے مجموعے کو مرکب کہتے ہیں، مثلاً: کتاب اور اللہ، الگ الگ دونوں کلمات مفرد ہیں، مگر اگر دونوں کو ملا کر کتاب اللہ کہنے سے ایک مرکب بن جائے گا۔

مرکبات کئی قسم کے ہیں۔ اگر الفاظ کے مجموعے سے مکمل بات سمجھ میں آ جائے یا اگر مفہوم مکمل ہو تو اسے مرکب مفید/مرکب تام یا جملہ (sentence) کہتے ہیں، جیسے اللہ اکبر۔

اگر پوری بات سمجھ نہ آئے یا اس کا مفہوم مکمل نہ ہو تو اسے مرکب غیر مفید یا مرکب ناقص کہتے ہیں، جیسے صراط مستقیم۔

مرکب ناقص کی چار اقسام ہیں: مرکب جاری، مرکب اشاری، مرکب اضافی، مرکب توصیفی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکب جاری

عربی زبان کے بعض حروف کو حرف جار (Prepositon) کہا جاتا ہے۔ان کی تعداد سترہ ہے۔یہ حروف درج ذیل ہیں:

باؤ تاؤ کاف و لام و واؤ منذ و مذ۔خلا

رُبّ۔حاشا۔من۔عدا۔فی۔عن۔علی۔حتیٰ۔الیٰ

مثالیں:۱۔ب: ساتھ (with) جیسے باللہ.....

۲۔ت: قسم سے (by) جیسے تاللہ.....

۳۔ك: مانند، کی طرح (such as) جیسے کالحجارۃ.....

۴۔ل: کے لیے/واسطے (for) جیسے للہ.....

۵۔و: قسم سے (by) جیسے واللہ.....

۶۔منذ: سے (since) جیسے منذ الجمعۃ.....

۷۔مذ: سے (since) جیسے مذ خمسۃ ایام.....

۸۔خلا: سوائے (except) جیسے خلا اسد.....

۹۔رُبّ: چند ایک/بہت سے (many/few) جیسے رُبَّ عالم، رُبَّ کاسیۃ رُبَّ مبلغ أوعی من سامع.....

۱۰۔حاشا: سوائے (except) جیسے حاشا راشد.....

۱۱۔مِن: سے (from) جیسے من اللہ.....

۱۲۔عدا: سوائے (except) جیسے عدا زاھد.....

۱۳۔فی: میں (in) جیسے فی الدین.....

۱۴۔عن: کے بارے میں، کی طرف سے (about) جیسے عن النعیم.....

۱۵۔علی: پر (on) جیسے علی الانسان.....

۱۶۔حتّٰی: تک، یہاں تک کہ (untill.till) جیسے حتّٰی حین.....

۱۷۔الی: کی طرف، تک (to) جیسے الی النور.....

یہ حروف اپنے بعد آنے والے اسم کو زیر دیتے ہیں، ایسے اسم کو مجرور کہا جاتا ہے۔حرف جار اور اسم مجرور سے مل کر بننے والے مرکب کو مرکب جاری کہتے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکبِ اشاری

جس اسم کے ذریعے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے اسے اسم اشارہ کہتے ہیں اور جس کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشار الیہ کہا جاتا ہے۔ اسم اشارہ اور مشار الیہ سے مل کر بننے والا مرکب مرکبِ اشاری کہلاتا ہے۔ جیسے ھـذا الکتاب۔ یہ 'اشارہ قریب' ہے، دوسری قسم 'اشارہ بعید' کی ہے۔

اسم اشارہ قریب

مذکر	هذا (یہ ایک مرد)	هذان/هذين (یہ دو مرد)	هؤلاء (یہ سب مرد)
مؤنث	هذه (یہ ایک عورت)	هاتان/هاتين (یہ دو عورتیں)	هؤلاء (یہ سب عورتیں)

مثالیں: رجل، رجال، امرأة، نساء

اسم اشارہ بعید

مذکر	ذٰلك (وہ ایک مرد)	ذانك/ذينك (وہ دو مرد)	اولئك (وہ سب مرد)
مؤنث	تلك (وہ ایک عورت)	تانك/تينك (وہ دو عورتیں)	اولئك (وہ سب عورتیں)

مثالیں: عالم، علماء، عالمة، عالمات

کچھ مزید قواعد

۱۔ درمیانی مسافت کے لیے عام طور پر ذاك استعمال ہوتا ہے، جیسے ذاك يا رسول الله ﷺ۔

۲۔ مشار الیہ مفرد ہو تو اسم اشارہ پہلے آئے گا، جیسے هذا البيت ، تاہم مرکبِ اضافی میں اسم اشارہ بعد میں لایا جاتا ہے، ورنہ وہ جملہ بن جاتا ہے، جیسے بيت الله هذا۔

۳۔ اشارہ جب جگہ کی طرف ہو تو اس کے لیے هنا يا هٰهنا (یہاں) هنالك يا هناك (وہاں) اور ثَمّ (وہاں) الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے ههنا قاعدون، هنالك دعا زكريا ربه، و ازلفنا ثم الاخرين وغیرہ

۴۔ اگر اسم اشارہ کو تنہا (بغیر مشار الیہ کے) مبتدا بنانا ہو تو خبر کو نکرہ لائیں گے۔ هذا بيت۔

۵۔ اگر خبر معرفہ لانی ہو تو اسم اشارہ اور خبر کے درمیان ایک ضمیر منفصل لانا پڑے گی، جس کا صیغہ اسم اشارہ کے مطابق ہوگا، جیسے اولئك هم المفلحون، هذه هی المرأة۔

۶۔ تذکیر و تانیث، وحدت و جمع اور اعرابی حالت میں اسم اشارہ اور مشار الیہ میں مطابقت (co-ordination) پائی جاتی ہے۔

۷۔ مشار الیہ جمع مکسر ہو تو اسم اشارہ واحد مؤنث لایا جاتا ہے۔ جیسے تلك الرسل، هذه الأنهار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکب اضافی (Relative Compound)

ایسا مرکب جس میں ایک اسم کی اضافت (نسبت:relation) دوسرے اسم کی طرف کی جائے، مثلاً کتاب اللہ، حدود اللہ۔ پہلے جز کو مضاف جبکہ دوسرے کو مضاف الیہ کہتے ہیں۔

قواعد

۱۔ مضاف کے شروع میں عموماً نہ تو ال آتا ہے اور نہ آخر میں تنوین۔ مثلاً الکتاب اللہ درست نہیں، اسی طرح لیلۃٌ القدر غلط ہے۔

۲۔ مضاف الیہ ہمیشہ حالتِ جر میں ہوتا ہے، مثلاً قول شاعرٍ، تاہم اگر غیر منصرف ہو تو اس کی ظاہری حالت برقرار رہتی ہے۔ جیسے قول ابراھیمَ

۳۔ اگر مضاف تثنیہ یا جمع مذکر سالم ہو تو اس کے آخر سے نون گر جاتا ہے، مثلاً رسولا ان الرب کو رسولا الرب لکھا اور پڑھا جائے گا۔ مسلمون باکستان مسلموا باکستان بن جائے گا۔

۴۔ بعض اسماء بیک وقت مضاف بھی ہوتے ہیں اور مضاف الیہ بھی۔ ان پر مضاف اور مضاف الیہ دونوں کے قواعد لاگو (apply) ہوں گے۔ مثلاً بنات رسول اللہ، مالك يوم الدين، باب بيت طبيب الملك۔ یہاں رسول، یوم، بیت اور طبیب پر دونوں قواعد لاگو ہیں۔

۵۔ مضاف اور مضاف الیہ کو الگ الگ نہیں کر سکتے، اس لیے مضاف کی صفت مضاف الیہ کے بعد آتی ہے، مثلاً رب العرش الکریمُ (عزت والے رب کا عرش)

۶۔ دیگر اسماء کی طرح اسم ضمیر (pronoun) کو بھی مضاف الیہ بنایا جا سکتا ہے، مثلاً کتابہ، بلدکم

۷۔ الفاظ أب، أخ، حم، ذو اور فم جب ضمیر واحد متکلم کے علاوہ اور کسی ضمیر یا اسم ظاہر کی طرف مضاف ہوں گے تو ان کی درج ذیل صورتیں ہوں گی:

حالت رفعی میں ابو، اخو، حمو، فو، ذو حالتِ نصبی میں ابا، اخا، حما، فا، ذا جبکہ حالتِ جری میں ابی، اخی، حمی، فی، اور ذی ہو جائیں گے۔ اور اگر یا ضمیر متکلم کی طرف مضاف ہوں تو رفعی، نصبی اور جری تینوں میں ظاہری الفاظ کے اعتبار سے یکساں رہتے ہیں۔ صرف تقدیری فرق ہوگا، مثلاً جاء ابی، رأیت ابی اور مررت بابی۔

۸۔ اگر منادی مرکب اضافی ہو تو مضاف کو مرفوع کی بجائے منصوب پڑھا جائے گا، مثلاً یا عبدَاللہ، یا رسولَ اللہ۔

۹۔ اگر ایک سے زیادہ اسموں کو ایک اسم کی طرف منسوب کرنا ہو تو ایک کو مضاف بنا کر مضاف الیہ سے پہلے رکھیں گے اور دوسرے اور تیسرے کو حرفِ عطف کے بعد لائیں گے جو مضاف الیہ کے بعد دیا جائے گا اور ان کے ساتھ ایک ایک ضمیر لگائیں گے جو مضاف الیہ کی طرف راجع ہوگی، جیسے قلم التلميذ و قرطاسه و كتابه۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

مرکب توصیفی (Adjective Compound)

ایسا مرکب جس میں ایک اسم کی اچھائی یا برائی بیان کی جا رہی ہو اور دوسرا اسم اچھائی یا برائی بیان کر رہا ہو، مثلاً کلمة طیبة، خلق عظیم، پہلے جز کو موصوف جبکہ دوسرے کو صفت کہتے ہیں، (اردو اور انگریزی کے برعکس عربی میں موصوف پہلے جبکہ صفت بعد میں آتی ہے) ان مثالوں میں کلمة اور خلق موصوف جبکہ طیبة اور عظیم صفت ہیں۔

قواعد

۱۔ موصوف اور صفت میں عدد، وسعت اور اعراب وغیرہ میں مطابقت (co-ordination) پائی جاتی ہے۔ جیسے الرسول الکریم یا رسول کریم، مسلم عاقل، مسلمة عاقلة، رجل صادق، رجلان صادقان، رجال صادقون، کتابٌ جدیدٌ، کتابٍ جدیدٍ، کتابا جدیدا وغیرہ

۲۔ جمع مکسر غیر عاقل کی صفت واحد مؤنث آتی ہے، جیسے انهار جارية، حيوانات كبيرة، براهين قاطعة، سرر مرفوعة، صحفا مطهرة، كتب قيمة، اذكار نافعة، اذكار كثيرة، اشجار طويلة، مساجد كبيرة، فوائد جليلة وغیرہ

۳۔ مضاف کی صفت لانا مقصود ہو تو وہ مضاف الیہ کے بعد آئے گی، جیسے غلام الملك العاقلُ، خادم الامير الصالح۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرکب تام یا جملہ (Sentence)

کلمات کے جس مجموعے سے پوری بات سمجھ آ جائے اسے مرکب تام یا جملہ کہا جاتا ہے، جملہ کی دو اقسام ہیں: جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ۔

جملہ اسمیہ

جملہ اسمیہ وہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو، اسے مبتدا کہا جاتا ہے، دوسرے حصے کو خبر (Predicate) کہتے ہیں، جیسے اللہ اکبر۔

قواعد

(۱) مبتدا عموماً معرفہ اور خبر عموماً نکرہ ہوتی ہے۔ (۲) مبتدا اور خبر دونوں عموماً مرفوع ہوتے ہیں۔ (۳) جنس اور عدد میں خبر اور مبتدا میں مطابقت پائی جاتی ہے۔ (۴) مبتدا جب کسی غیر عاقل کی جمع مکسر ہو تو عموماً واحد مؤنث آتی ہے۔

مثالیں

المسلمُ عالمٌ ، هذان عالمانِ ، الصلح خير ، الكتب جديدة وغيره

مبتدا کے نکرہ آنے کے مواقع

۱۔ اسم نکرہ سے پہلے حرف نفی یا استفہام آ جائے تو مبتدا نکرہ ہو سکتا ہے، جیسے ما احد غائب ، أ أله مع الله؟

۲۔ خبر ظرف یا مرکب جاری ہو اور وہ اپنے مبتدا سے پہلے آ جائے تو مبتدا نکرہ ہو سکتا ہے، جیسے عندی كتاب ، و لدينا مزيد

۳۔ مبتدا عموم بتائے تو نکرہ ہو سکتا ہے، جیسے كل له قانتون

۴۔ تنویع پر مشتمل ہو تو مبتدا نکرہ ہو سکتا ہے، جیسے يوم لك و يوم عليك

۵۔ دعا و بد دعا پر مشتمل ہو تو نکرہ آ سکتا ہے، جیسے ويل للمشركين

جملہ فعلیہ

جملہ فعلیہ اس جملے کو کہتے ہیں جس کا پہلا جز فعل ہو، جیسے كتب الله

جملہ فعلیہ کم از فعل اور فاعل پر مشتمل ہوتا ہے، تاہم کبھی اس کے ساتھ مفعول بھی آتا ہے جیسے قتل داوٗدُ جالوتَ

جملہ فعلیہ میں پہلے فعل پھر فاعل اور آخر میں مفعول آتا ہے، جیسا کہ اوپر بیان کردہ مثال میں ہے۔ تاہم کبھی مفعول فاعل سے پہلے بھی آ جاتا ہے، جیسے و اذ ابتلى ابراهيمَ ربُّه

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

اقسامِ جملہ

جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کے علاوہ بھی جملہ کی چند اقسام ہیں۔

(۱) جملہ ظرفیہ: یہ وہ جملہ ہوتا ہے جس کا پہلا جز وظرف ہو۔ جیسے: فَوْقَكَ السَّمَاءُ (تیرے اوپر آسمان ہے) مندرجہ ذیل حروف ظرف ہیں:

قَبْلَ (پہلے) بَعْدَ (بعد، ابھی) عِنْدَ (پاس) اَمَامَ یا قُدَّامَ (سامنے) خَلْفَ (پیچھے) فَوْقَ (اُوپر) تَحْتَ (نیچے) وغیرہ۔

جملہ ظرفیہ کا شمار بعض کے نزدیک جملہ اسمیہ میں ہوتا ہے اور بعض اسے جملہ فعلیہ سمجھتے ہیں۔

(۲) جملہ شرطیہ: یہ وہ جملہ ہے کہ حرف شرط سے شروع ہوتا ہے۔ حروف شرط چار ہیں۔ اِنْ، لَوْ، لَوْلَا، اَوْمَا

جملہ شرطیہ دو جملوں سے مرکب ہوا کرتا ہے۔ پہلے جملہ کو شرط کہتے ہیں اور دوسرے جملہ کو جزا کہتے ہیں۔ مثلاً: اِنْ تَشْتِمْنِیْ اَشْتِمْكَ (اگر تو مجھے گالی دے گا تو میں تجھے گالی دوں گا) اسی مرکب جملہ میں اِنْ تَشْتَمْنِیْ شرط ہے اور اَشْتِمْكَ جزا ہے۔ جملہ شرطیہ کے دونوں جملے یا تو فعلیہ ہوتے ہیں جیسا کہ اوپر کی مثال میں یا ایک فعلیہ اور دوسرا اسمیہ جیسے: اِنْ تَخْدِمْنِیْ فَاَنَا خَادِمُكَ (اگر تو میری خدمت کرے گا تو میں تیرا نوکر ہوں)

(۳) جملہ خبریہ و جملہ انشائیہ: مفہوم و معنی کے لحاظ سے جملہ دو قسم کا ہوتا ہے: (۱) جملہ خبریہ۔ (۲) جملہ انشائیہ۔

جملہ خبریہ: وہ جملہ ہے جس میں کوئی خبر دی گئی ہو اور جس کے کہنے والے کو ہم سچا یا جھوٹا کہہ سکیں۔ مثلاً عَالِمٌ قَائِمٌ کے کہنے والے کو ہم سچا کہہ سکتے ہیں۔ اگر عالم واقعی کھڑا ہو ورنہ اسے جھوٹا کہیں گے۔

یہی حال ضَرَبَ خَالِدٌ اور اس قسم کے دوسرے خبریہ جملوں کا ہے پس جملہ اسمیہ یا فعلیہ مفہوم کے اعتبار سے جملہ خبریہ بھی ہوتا ہے۔

جملہ انشائیہ: وہ جملہ ہے جس کے کہنے والے کو ہم سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔ اس جملہ میں کوئی خبر وغیرہ نہیں دی جاتی بلکہ اس میں یا تو کسی قسم کا کوئی حکم دیا جاتا ہے یا کسی کام سے منع کیا جاتا ہے وغیرہ وغیرہ، غرضیکہ جملہ انشائیہ کی بہت سی قسمیں ہوتی ہیں۔

جملہ انشائیہ کی اقسام: جملہ انشائیہ نو قسم کا ہو سکتا ہے۔

(۱) اَمر: یعنی وہ جملہ جس میں کسی کام وغیرہ کے کرنے کا حکم دیا جائے جیسے: اِذْهَبْ اِلَى الْمَدْرَسَةِ (تو سکول جا)

(۲) نہی: یہ وہ جملہ ہوتا ہے جس میں کسی کام سے روکا جاتا ہے، جیسے: لَا تَكْذِبْ (تو جھوٹ نہ بول)

(۳) نِدَا: یہ وہ جملہ ہے جس میں کسی سے خطاب کیا جائے یا کسی کو پکارا جائے، جیسے: یَا حَامِدُ اُنْصُرْ اَخَاكَ (اے حامد اپنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھائی کی مدد کر)

(۴) اِستفهام: یہ وہ جملہ ہے جس میں کوئی سوال پوچھا جائے جیسے: مَا اِسْمُكَ؟ (تیرا نام کیا ہے؟) هَلْ عِنْدَكَ حَلِيْبٌ؟ (کیا تیرے پاس کچھ دودھ ہے؟)

(۵) تَمَنَّا: یہ وہ جملہ ہوتا ہے جس میں کسی قسم کی خواہش وغیرہ کا اظہار ہو جیسے: لَيْتَ اَبِی حَیٌّ (کاش میرے والد زندہ ہوتے)

(۶) ترجّی: یہ وہ جملہ ہے جس میں کوئی امید وغیرہ کی جائے جیسے: لَعَلَّ السَّارِقَ مَظْلُوْمٌ (شاید کہ چور مظلوم ہو)

(۷) قسم: یہ وہ جملہ ہے جس میں کوئی قسم وغیرہ دکھائی جائے جیسے: وَاللّٰهِ مَا شَتَمْتُكَ (اللہ کی قسم میں نے تجھے گالی نہیں دی)

(۸) تَعَجّب: یہ وہ جملہ ہے جس میں حیرت و تعجب کا اظہار کیا جائے جیسے: مَا اَحْسَنَ الْوَلَدَ (لڑکا کتنا اچھا ہے)

(۹) عَرَضَ: یہ وہ جملہ ہے جس میں کوئی درخواست وغیرہ کی جائے۔ جیسے: اَلَا تُعْطِيْنَا حَقَّنَا؟ (کیا آپ ہمیں ہمارا حق نہ دیں گے؟)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معرب مبنی

آخر میں تبدیلی کے لحاظ سے اسم دو طرح کا ہے: (۱) معرب (۲) مبنی۔

معرب

جس اسم کے آخر میں ضرورت اور موقع کے لحاظ سے اعرابی تبدیلی ہوتی رہے، وہ معرب کہلاتا ہے۔ یہ تبدیلی خواہ حرکات کی ہو یا حروف کی۔ مثلاً: اَللّٰهُ، اَللّٰهَ، اَللّٰهِ، رَسُوْلٌ، رَسُوْلًا، رَسُوْلٍ، مُسْلِمَانِ، مُسْلِمَيْنِ، مُسْلِمُوْنَ، مُسْلِمِيْنَ.

مبنی

جو کلمہ مختلف حالتوں اور موقعوں کے باوجود ایک ہی شکل پر قائم رہے اور اعرابی تبدیلیاں قبول نہ کرے اسے مبنی کہتے ہیں۔ عربی زبان میں ایسے الفاظ تقریباً پندرہ فی صد ہیں اور وہ درج ذیل ہیں:

۱: تمام حروف جیسے: اِنَّ، فِيْ، بِ، وَ

۲: تمام ضمائر۔ جیسے: هُوَ، اَنْتَ، نَحْنُ، هُ، كَ

۳: تثنیہ کے سوا تمام اسمائے اشارہ۔ مثلاً: هٰذَا، هٰؤُلَاءِ، تِلْكَ، اُولٰٓئِكَ

۴: تثنیہ کے سوا تمام اسمائے موصولہ۔ مثلاً: اَلَّذِيْ، اَلَّتِيْ وغیرہ

۵: ایسے اسماء جن کے آخر میں کھڑی زبر یا الف ہو۔ مثلاً: طُوْبٰى، كُبْرٰى، اَلصَّفَا، اَلدُّنْيَا

۶: ایسے اسماء جن کے آخر میں متکلم کی ضمیر "ی" ہو۔ مثلاً: رَبِّيْ، اٰيَاتِيْ.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

منصرف، غیر منصرف

جو الفاظ اعرابی تبدیلیاں قبول کرتے ہیں (یعنی معرب) وہ دو طرح کے ہوتے ہیں۔ بعض تو ہر قسم کی تبدیلی کرتے ہیں اور بعض تمام کی بجائے چند تبدیلیاں اختیار کرتے ہیں۔ چنانچہ معرب الفاظ کی دو اقسام ہیں: (۱) منصرف، (۲) غیر منصرف۔

منصرف

وہ اسماء جو تنوین اور دوسری تمام قسم کی تبدیلیاں قبول کرلیں۔ مثلاً: مُحَمَّدٌ، اَلْكِتٰبُ، رِجَالٌ. ان الفاظ کی رفعی حالت ضمہ، نصبی حالت میں فتحہ اور جری حالت میں کسرہ آئے گا۔

غیر منصرف

جن اسماء کے آخر میں نہ تنوین آئے اور نہ حالتِ جر میں کسرہ آئے بلکہ نصب و جر دونوں حالتوں میں فتحہ ہی آئے، انہیں غیر منصرف کہا جاتا ہے۔ وہ اسماء درج ذیل ہیں:

(۱) اسم علم: بشرطیکہ:

(ا)..... عجمی (غیر عربی) نام ہو۔ مثلاً: اِبْرَاهِيْمُ، اِسْمٰعِيْلُ، اِسْحٰقُ، يَعْقُوْبُ.

(ب)..... مؤنث ہو۔ مثلاً: خَدِيْجَةُ، عَائِشَةُ، مَكَّةُ.

(ج)..... جس کے آخر میں الف نون (ان) ہو۔ مثلاً: عُثْمَانُ، سَلْمَانُ، سُفْيَانُ، عِمْرَانُ.

(۲) اسم صفت کے وہ الفاظ جو:

(ا)..... "فَعْلَانُ" کے وزن پر ہوں۔ مثلاً: غَضْبَانُ، حَيْرَانُ

(ب)..... "اَفْعَلُ" کے وزن پر ہوں۔ جیسے: اَحْسَنُ، اَعْلَمُ، اَكْبَرُ، اَصْغَرُ

(ج)..... "فَعْلَاءُ" کے وزن پر ہوں۔ جیسے: صَفْرَآءُ، بَيْضَآءُ

(۳) جمع مکسر کے وہ الفاظ:

(ا)..... جن میں الف جمع کے بعد کم از کم دو حروف ہوں۔ مثلاً: مَنَافِعُ، مَصَابِيْحُ، حَدَآئِقُ، اَحَادِيْثُ

(ب)..... جن کے آخر میں الف ممدودہ ہو۔ مثلاً: عُلَمَآءُ، اَنْبِيَآءُ، اَشْيَآءُ، شُرَكَآءُ :

فائدہ:

اگر کسی غیر منصرف اسم کے شروع میں لام تعریف (اَل) آجائے یا وہ مضاف واقع ہو تو اس کی جری حالت میں کسرہ آئے گا۔ مثلاً: مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ، عَنِ الْمَضَاجِعِ، لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ، وَالْعَامِلِيْنَ.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل (Verb)

فعل کے معنی کام کے ہیں۔ گرامر کی رُو سے فعل اُس کلمے کو کہتے ہیں جو اکیلا ہی اپنا مفہوم و معنیٰ بتائے اور اُس میں کسی نہ کسی زمانے کا مفہوم بھی پایا جائے۔ جیسے:

حَفِظْتُ.....(میں نے یاد کیا) کَتَبَ .....(اُس نے لکھا) سَأُسَافِرُ.....(میں سفر کروں گا)

مذکورہ تمام کلمات فعل ہیں کیوں کہ وہ (کام کے کرنے اور ہونے کے حوالے سے) اپنے معانی خوب واضح کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ زمانے کا مفہوم بھی شامل ہے۔ عربی میں افعال کی چار قسمیں ہیں:

ماضی	مضارع	امر	نہی
گزرا ہوا	حال یا مستقبل	حکم یا التجا	منع کرنا یا نہ کرنے کی التجا

عربی افعال کی مکمل طور پر پہچان کے لیے تو بہت سے قواعد اور مشق کی ضرورت ہے، جو ابھی ابتدائی طور پر ممکن نہیں۔ البتہ اس کی بہت سی علامات ہیں، اُن میں سے چند لفظی علامات بتائی جاتی ہیں، ان سے آپ کو قرآنِ مجید، احادیث مبارکہ اور عام عربی بول چال میں بہت سے افعال کی پہچان ہونے لگ جائے گی۔

فعل کی علامتیں

① .....قَدْ (تحقیق یقیناً/ بلاشبہ) جس کسی لفظ سے پہلے آئے وہ لازماً فعل ہوگا، جیسے قَدْ فَهِمْتُ الدَّرْسَ (یقیناً میں نے درس/سبق سمجھ لیا) اس مثال میں فَهِمْتُ فعل ہے۔

② .....لَمْ (نہیں) جس لفظ سے پہلے آئے وہ بھی فعل ہوگا۔ جیسے:

لَمْ يَسْرِقْ شَيْئًا (اُس نے کچھ نہیں چرایا).....

اس مثال میں يَسْرِقْ فعل ہے۔

③ .....لَنْ (ہرگز نہیں) یہ کلمہ جس کسی لفظ سے پہلے آئے گا وہ بھی فعل ہوگا۔ مثلاً:

لَنْ يَنْصُرَ اللّٰهَ الظَّالِمِيْنَ (اللہ ظالموں کی ہرگز مدد نہیں کرے گا۔)

اس مثال میں يَنْصُرَ فعل ہے۔

④ .....تا ساکن (جزم والی تا رتْ) جس لفظ کے آخر میں ہوگی وہ بھی فعل ہی ہوگا۔ جیسے:

جَاءَتْ فَاطِمَةُ (فاطمہ آئی).....فَهِمَتْ خَوْلَةُ الدَّرْسَ (خولہ نے سبق سمجھ لیا)۔

پہلی مثال میں جَاءَتْ اور دوسری میں فَهِمَتْ فعل ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق

(۱)..... درج ذیل قرآنی قطعات کا اردو ترجمہ کریں، ان میں سے اسم اور فعل کی پہچان کریں نیز زمانوں کے لحاظ سے فعلوں کو پہچانیں!

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۔ [البقرة ٢ : ٢٨٦]

.....

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۔ [آل عمران ٣ : ٩٢]

.....

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ [آل عمران ٣ : ١٦٤]

.....

وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۔ [النور ٢٤ : ٤٠]

.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل ماضی

جس کلمے سے پتا چلے کہ کام گزشتہ زمانے میں ہو چکا ہے، اسے فعل ماضی کہتے ہیں، ضمیروں کی طرح عربی زبان میں فعل کے الفاظ (صیغے) بھی چودہ ہی ہوتے ہیں جو درج ذیل ہیں:

گردان فعل ماضی

گردان		صیغہ			قاعدہ
ف ع ل	فَعَلَ	واحد			کسی علامت اور اضافے کے بغیر (آخر میں فتحہ/زبر)
ف ع ل + ا	فَعَلَا	تثنیہ	مذکر	غائب	واحد مذکر غائب کے آخر میں تثنیہ کا الف بڑھا دیا۔
ف ع ل + وا	فَعَلُوا	جمع			واحد مذکر غائب کے آخر میں جمع کا واؤ بڑھا دیا۔
ف ع ل + تْ	فَعَلَتْ	واحد			واحد مذکر غائب کے آخر میں تائے تانیث ساکنہ کا اضافہ
ف ع ل + تَا	فَعَلَتَا	تثنیہ	مؤنث	غائب	کر دیا۔
ف ع ل + نَ	فَعَلْنَ	جمع			واحد مذکر غائب کے آخر میں "تَا" بڑھا دیا۔
					واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "نَ" لگا دیا۔
ف ع ل + تَ	فَعَلْتَ	واحد			واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تَ" لگا دیا۔
ف ع ل + تُمَا	فَعَلْتُمَا	تثنیہ	مذکر	مخاطب	واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تُمَا" لگا دیا۔
ف ع ل + تُمْ	فَعَلْتُمْ	جمع			واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تُمْ" لگا دیا۔
ف ع ل + تِ	فَعَلْتِ	واحد			واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تِ" لگا دیا۔
ف ع ل + تُمَا	فَعَلْتُمَا	تثنیہ	مؤنث	مخاطب	واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تُمَا" لگا دیا۔
ف ع ل + تُنَّ	فَعَلْتُنَّ	جمع			واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تُنَّ" لگا دیا۔
ف ع ل + تُ	فَعَلْتُ	واحد	مذکر		واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "تُ" لگا دیا۔
ف ع ل + نَا	فَعَلْنَا	تثنیہ و جمع	و مؤنث	متکلم	واحد مذکر غائب کے آخری حرف کو ساکن کر کے "نَا" لگا دیا۔
					// // // // //

☆..... عربی زبان کا فعل ماضی تین، چار، پانچ اور چھ حرفی ہو سکتا ہے، مثلاً: صَدَقَ، عَمِلَ، أَطْعَمَ، عَلَّمَ، إِجْتَهَدَ، إِسْتَغْفَرَ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ تمام فعل ماضی ہیں، ان تمام صورتوں میں صیغے اور گردان ایک ہی طریقے پر بنیں گے، البتہ تین حرفی فعل ماضی کے درمیانے حرف پر حرکات بدلتی رہتی ہیں۔ زبر، زیر اور پیش میں سے کوئی بھی حرکت آ سکتی ہے۔

☆.....فعل ماضی کو مثبت سے منفی بنانے کے لیے شروع میں [مَا] لگایا جاتا ہے، جیسے: ظَلَمَ (اُس نے ظلم کیا۔) سے مَا ظَلَمَ (اُس نے ظلم نہیں کیا۔)

مشق

1.....درج ذیل کلمات سے مکمل گردانیں بنائیں!

سَمِعَ ، نَصَرَ ، ذَهَبَ ، شَرِبَ ، عَبَدَ ، فَرِحَ

2.....نیچے دیے گئے قرآنی الفاظ کے صیغے تحریر کریں اور ترجمہ بھی تحریر کریں!

الفاظ	صیغہ	ترجمہ
خَلَقْتَ		
عَرَضْنَا		
تَرَكَ		
كَسَبْتُمْ		
رَضِيَ		
كَفَرْتُ		
قَتَلُوْا		
تَرَكْتُ		
رَكِبَا		
قَالَتَا		

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل مضارع

مضارع وہ فعل ہے جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں، جیسے: يَنْصُرُ (وہ مدد کرتا ہے یا کرے گا۔) يَعْلَمُ (وہ جانتا ہے یا جانے گا۔)

فعل مضارع فعل ماضی سے بنایا جاتا ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ماضی کے پہلے حرف کو ساکن کر کے شروع میں چار حروف (ي ، ت ، أ ، ن) میں سے کسی حرف کا حسبِ ضرورت اضافہ کر دیا جاتا ہے، ان حروف کو "علاماتِ مضارع" کہا جاتا ہے ان کا مجموعہ أتين ہے۔

فعل مضارع کی گردان (Inflection)

يَفْعَلُ	يَفْعَلُ	واحد			آخر میں کسی اضافے کے بغیر (آخری حرف پر پیش)
يَفْعَلَ + انِ	يَفْعَلَانِ	تثنیہ	مذکر	غائب	واحد کے آخر میں "انِ" کا اضافہ
يَفْعَلُ + وْنَ	يَفْعَلُونَ	جمع			واحد کے آخر میں "وْنَ" کا اضافہ
تَفْعَلُ	تَفْعَلُ	واحد			واحد میں کسی اضافے کے بغیر (آخری حرف پر پیش)
تَفْعَلَ + انِ	تَفْعَلَانِ	تثنیہ	مؤنث	غائب	واحد کے آخر میں "انِ" کا اضافہ
يَفْعَلُ + نَ	يَفْعَلْنَ	جمع			واحد کے آخر میں "نَ" کا اضافہ
تَفْعَلُ	تَفْعَلُ	واحد			آخر میں کسی اضافے کے بغیر (آخری حرف پر پیش)
تَفْعَلَ + انِ	تَفْعَلَانِ	تثنیہ	مذکر	مخاطب	واحد کے آخر میں "انِ" کا اضافہ
تَفْعَلُ + وْنَ	تَفْعَلُونَ	جمع			واحد کے آخر میں "وْنَ" کا اضافہ
تَفْعَلِ + ينَ	تَفْعَلِينَ	واحد			واحد کے آخر میں "ينَ" کا اضافہ
تَفْعَلَ + انِ	تَفْعَلَانِ	تثنیہ	مؤنث	مخاطب	واحد کے آخر میں "انِ" کا اضافہ
تَفْعَلُ + نَ	تَفْعَلْنَ	جمع			واحد کے آخر میں "نَ" کا اضافہ
أَفْعَلُ	أَفْعَلُ	واحد	مذکر و		آخر میں کسی اضافے کے بغیر (آخری حرف پر پیش)
نَفْعَلُ	نَفْعَلُ	تثنیہ	مؤنث	متکلم	آخر میں کسی اضافے کے بغیر (آخری حرف پر پیش)
		وجمع			

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قواعد

1: ماضی کی طرح فعل مضارع میں بھی علامت مضارع کے بعد دوسرے حرف تینوں حرکات (ضمہ، فتحہ، کسرہ) میں سے کوئی ایک حرکت ہوسکتی ہے: يَفْعَلُ ، يَفْعِلُ ، يَفْعُلُ

2: فعل مضارع کے بھی چودہ (14) صیغے ہوتے ہیں جن میں علاماتِ مضارع حسب ذیل طریقے سے آتی ہیں:

- ی : غائب کے چار صیغوں میں (3 مذکر غائب کے اور ایک جمع مؤنث غائب کا)
- ت : آٹھ صیغوں میں (دو مؤنث غائب کے اور چھ حاضر کے)
- أ : ایک ہی صیغے (واحد متکلم) میں
- ن : دو صیغوں (تثنیہ وجمع متکلم) میں

3: فعل مضارع کے پانچ صیغوں کے آخر میں ضمہ (ـُ) آتا ہے۔

4: باقی نو صیغوں کے آخر میں نون آتا ہے جن میں سے جمع مؤنث غائب (يَفْعَلْنَ) اور جمع مؤنث حاضر (تَفْعَلْنَ) کے نون کو نونِ ضمیر اور باقی تمام کو نون اعرابی کہتے ہیں۔

5: فعل مضارع کو مثبت سے منفی بنانے کے لیے شروع میں [لَا] لگایا جاتا ہے، مثلاً: يَفْعَلُ سے لَا يَفْعَلُ

مشق

1.....درج ذیل افعال کی گردانیں مکمل کریں!

يَعْلَمُ: .....

.....

.....

يَنْصُرُ: .....

.....

.....

يَصْبِرُ: .....

.....

.....

يَشْهَدُ: .....

.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

.....

يَشْكُرُ: .....

.....

.....

2.....درج ذیل الفاظ کے صیغے بتائیں اور ترجمہ کریں!

الفاظ	صیغہ	ترجمہ
يَشْفَعُ		
تَعْجَبِينَ		
يَنْفَعُونَ		
تَحْرُثُونَ		
يَسْجُدَانِ		
لَا أَمْلِكُ		
نَعْبُدُ		
أَعْلَمُ		
يَسْرِقْنَ		

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل مضارع کی اعرابی حالتیں

اس کی اصلی حالت رفعی ہے، جبکہ بعض حروف کے شروع میں آنے سے مضارع کی حالت نصبی یا جزمی ہو جاتی ہے۔

نواصب فعل مضارع

فعل مضارع کو درجِ ذیل حروف نصب دیتے ہیں:

۱۔ اَنْ (کہ): جیسے امرتُ ان اعبدَ الله

۲۔ لَنْ (ہرگز نہیں): یہ حرف فعل مضارع میں تاکیدی نفی کا مفہوم پیدا کرتا ہے، جیسے لن یّغفرَ الله لهم

۳۔ کَی (تاکہ): کسی سابقہ فعل کا سبب بیان کرتا ہے، جیسے فرجعنٰك الی امك کی تقرَّ عینها ولاتحزنَ

۴۔ اِذَنْ (تب): کسی کام کا نتیجہ ظاہر کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے، جیسے، اذن لا یضیعَنا الله

۵۔ حتّٰی (یہاں تک کہ): جیسے حتی یسمعَ کلام الله ، لایؤمن احدکم حتی یحبَّ لاخیه ما یحب لنفسه

۶۔ لِ (کَی) (تاکہ): جیسے وما جعلنا القبلة التی کنت علیها الا لنعلمَ

قواعد

(۱) جن پانچ صیغوں کے آخر میں ضمہ آتا ہے ان پر فتحہ آ جائے گا۔ (۲) جن سات صیغوں میں نون اعرابی آتا ہے ان کا نون حذف ہو جاتا ہے۔ (۳) جمع مؤنث میں کوئی تبدیلی نہیں آتی۔

جوازم فعل مضارع

فعل مضارع کو جزم دینے والے حروف درجِ ذیل ہیں:

۱۔ لم (نہیں): یہ حرف عمومی نفی کا معنی دیتا ہے اور فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے، جیسے لم یلدْ و لم یولد

۲۔ لمَّا (ابھی تک نہیں): یہ لفظ زمانہ گفتگو تک کی نفی کرتا ہے، جیسے لما یدخلِ الایمان فی قلوبکم

۳۔ لِ: لام امر (چاہیے کہ): اس لام کو لام امر بھی کہتے ہیں، جیسے فلینظرِ الانسان الی طعامه

۴۔ لا (نہی) (نہیں): فعل مضارع میں کسی کام سے روکنے کا مفہوم پیدا کرتا ہے، جیسے لاتحزنْ ، لاتشرك بالله

۵۔ حروف شرط: اِنْ (اگر) ، ما (جو/غیر عاقل کے لیے) ، مَن (جو/عاقل کے لیے)، اینما (): یہ حروف فعل مضارع کو جزم دیتے ہیں، خواہ وہ جوابِ شرط میں ہی کیوں نہ استعمال ہوا ہو، جیسے ان تعذبْهم فانهم عبادك ، ان تُنعمْ تنعمْ علی شاکرٍ ، وما تفعلوا من خیر یعلمْه الله ، فمن یعملْ مثقالَ ذرة خیرا یره ، اینما تکونوا یدرکْکم الموت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

فعل امر

(Imperative Verb)

فعل امر، مضارع سے بنتا ہے۔ غائب کے صیغوں سے فعل امر غائب اور حاضر کے صیغوں سے فعل امر حاضر۔ غائب کے صیغوں کے شروع میں "لامِ امر" کا اضافہ کیا جاتا ہے البتہ فعل امر حاضر کا قاعدہ اس سے مختلف ہے جس کا ذکر سطورِ ذیل میں کیا جاتا ہے۔

فعل امر حاضر بنانے کا قاعدہ

۱: فعل امر حاضر مضارع کے حاضر کے صیغوں سے بنتا ہے۔

۲: علامتِ مضارع حذف کر کے واحد مذکر کے آخر میں جزم دی جاتی ہے۔ اگر آخر میں حرفِ علت ہو تو وہ گر جاتا ہے۔

۳: علامتِ مضارع حذف کرنے کے بعد اگر پہلا حرف ساکن ہو تو شروع میں ہمزہ کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

(ا):..... اگر عینِ کلمہ مضموم ہو تو ہمزہ پر بھی ضمہ آئے گا۔ مثلاً: تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ۔ تَعْبُدُ سے اُعْبُدْ۔

(ب):..... عین کلمہ اگر مضموم نہ ہو تو ہمزہ پر کسرہ آئے گا۔ مثلاً: تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ۔ تَسْمَعُ سے اِسْمَعْ۔

(ج):..... بابِ اِفعال کے فعل امر میں ہمزہ پر فتحہ آئے گا۔ مثلاً: تُحْسِنُ سے اَحْسِنْ۔ تُبْلِغُ سے اَبْلِغْ۔

۴: جن صیغوں میں نون اعرابی ہو، وہ حذف ہو جائے گا۔

فعل امر غائب اور فعل امر حاضر کی علیحدہ علیحدہ گردانیں ملاحظہ کیجیے:

جنس/عدد	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	لِيَنْصُرْ	لِيَنْصُرَا	لِيَنْصُرُوْا
مؤنث	لِتَنْصُرْ	لِتَنْصُرَا	لِيَنْصُرْنَ

فعل امر حاضر

اِعْلَمْ	جان لے تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
اِعْلَمَا	جان لو تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
اِعْلَمُوا	جان لو تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
اِعْلَمِيْ	جان لے تُو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
اِعْلَمَا	جان لو تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
اِعْلَمْنَ	جان لو تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثالیں:..... انصر ، احفظ ، اکتب ، اطلب ، اسمع ، اخرج ، اشرب ، افتح ، اعرف ، امنع

فائدہ:

۱: باب اِفعال کے فعل امر کا ہمزہ ''ہمزۃ القطع'' کہلاتا ہے جب کہ بقیہ تمام افعال کا ہمزہ ''ہمزۃ الوصل'' کہلاتا ہے۔ ہمزہ القطع ہر صورت میں پڑھا جاتا ہے۔ مگر ہمزۃ الوصل پچھلے کلمے سے ملا کر پڑھنے کی صورت میں پڑھنے میں نہیں آتا (Silent ہوجاتا ہے۔) مثلاً: ﴿فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ﴾ (الحجر : ۹٤)

۲: باب تَـفْـعِيْلٌ ، مُفَاعَلَةٌ ، تَفَعُّلٌ اور تَـفَاعُلٌ سے فعل امر بناتے ہوئے ہمزہ کا اضافہ کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں ہوتی کیونکہ علامتِ مضارع ہٹانے کے بعد پہلا حرف ساکن نہیں ہوتا۔ مثلاً

تُبَلِّغُ سے بَلِّغْ ..... تُجَاهِدُ سے جَاهِدْ ..... تَتَقَبَّلُ سے تَقَبَّلْ ..... تَتَجَاوَزُ سے تَجَاوَزْ

مشق

۱: کلمات ذیل سے فعل امر غائب بنائیں اور گردان مکمل کریں!

يَضْرِبُ ، يَشْرَبُ ، يَتَوَكَّلُ ، يَعْبُدُ

.....

۲: درج ذیل کلمات سے فعل امر حاضر بنائیں اور گردان مکمل کریں!

تَسْتَغْفِرُ ، تَعْلَمُ ، تَجْتَنِبُ ، تَجْتَنِبُ ، تُسَبِّحُ

.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل نہی

(Imperative Nagative Verb)

جس فعل سے کسی کام کی ممانعت معلوم ہو یعنی اس میں کام سے روکنے کا حکم پایا جائے یا نہ کرنے کی التجا پائی جائے اُسے فعل نہی کہتے ہیں۔ مثلاً: لا تَضرِبْ (تو نہ مار!) لا یَظْلِمْ (وہ ظلم نہ کرے!)

قواعد

فعل امر کی طرح فعل نہی بھی فعل مضارع سے ہی بنتا ہے، فعل مضارع کے شروع میں لائے نہی (لا) کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جس سے فعل مضارع میں چند تبدیلیاں ہوتی ہیں۔

فعل نہی غائب اور فعل نہی حاضر کی گردانیں ملاحظہ فرمائیں!

جنس/عدد	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	لا یَظْلِمْ	لا یَظْلِمَا	لا یَظْلِمُوْا
مؤنث	لا تَظْلِمْ	لا تَظْلِمَا	لا یَظْلِمْنَ

فعل نہی حاضر:

لاتکْذِبْ	مت جھوٹ بول تُو ایک مرد	صیغہ واحد مذکر حاضر
لاتکْذِبَا	مت جھوٹ بولو تم دو مرد	صیغہ تثنیہ مذکر حاضر
لاتکْذِبُوْا	مت جھوٹ بولو تم سب مرد	صیغہ جمع مذکر حاضر
لاتکْذِبِیْ	مت جھوٹ بول تُو ایک عورت	صیغہ واحد مؤنث حاضر
لاتکْذِبَا	مت جھوٹ بولو تم دو عورتیں	صیغہ تثنیہ مؤنث حاضر
لاتکْذِبْنَ	مت جھوٹ بولو تم سب عورتیں	صیغہ جمع مؤنث حاضر

مثالیں:..... لاتنصر، لاتحفظ، لاتکتب، لاتطلب، لاتسمع، لاتخرج، لاتشرب، لاتفتح، لاتمنع

مشق

درج ذیل کلمات سے فعل نہی کی گردانیں مکمل کریں!

فعل نہی غائب: لا یَسْرِقْ، لا یَکْذِبْ، لا یَسْخَرْ

.....

فعل نہی حاضر: لا تَقْرَبْ، لا تَحْزَنْ، لا تَسْتَعْجِلْ

.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابواب اور ان کی خصوصیات

کسی بھی فعل کا مادہ(root) کم از کم تین حروف پر مشتمل ہوتا ہے جسے ثلاثی کہتے ہیں، جس کی دو اقسام ہیں؛ ثلاثی مجرد اور ثلاثی مزید فیہ۔

اگر کسی فعل ماضی کے پہلے صیغے میں صرف تین حرف ہوں تو ایسے فعل کو ثلاثی مجرد کہتے ہیں، مثلاً خرج بروزن فعَل۔ یہاں 'خ' کو فا کلمہ، 'ر' کو عین کلمہ اور 'ج' کو لام کلمہ کہا جاتا ہے۔ ثلاثی مجرد کے چھ گروپ (باب) ہیں، ماضی اور مضارع کے عین کلمہ کی حرکت سے باب متعین ہوتا ہے۔

۱۔ فعَل یفعِل جیسے ضرب یضرب

۲۔ فعَل یفعُل جیسے نصر ینصر

۳۔ فعِل یفعَل جیسے سمع یسمع

۴۔ فعَل یفعَل جیسے فتح یفتح

۵۔ فعِل یفعِل جیسے حسب یحسب

۶۔ فعُل یفعُل جیسے کرم یکرم۔

اگر پہلے صیغے میں تین حروف سے کوئی زائد حرف آ جائے تو ایسے فعل کو ثلاثی مزید فیہ کہا جاتا ہے۔ مثلاً نزل سے انزل، صرف سے انصرف، قطع سے قطّع، غفر سے استغفر وغیرہ۔ کسی میں ایک، کسی میں دو اور کسی میں تین حروف کا اضافہ ہوتا ہے، ایک حرف کے اضافے سے تین، دو حرف کے اضافے سے پانچ اور تین حروف کے اضافے سے چار ابواب بنتے ہیں، یہ کل بارہ ابواب ہیں۔ یہ ابواب اپنے لغوی معنیٰ سے زائد معنیٰ بھی دیتے ہیں، اس زائد معنیٰ کو خاصہ کہا جاتا ہے، ذیل میں ان ابواب کی چند اہم خصوصیات بھی ذکر کی جاتی ہیں:

۱۔ ایک حرف کے اضافے سے بننے والے ابواب

(۱) اِفعال: لبِس سے البس، خرج سے اخرج

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

تعدیہ یعنی متعدی بنانا جیسے شرِب (پیا) سے اشرب (پلایا)

تصییر یعنی کسی چیز کو صاحب ماخذ بنانا جیسے قفل سے اقفلتُ الباب (میں نے دروازے کو قفل والا بنا دیا)

صیرورت کسی چیز کا صاحب ماخذ بننا جیسے قفر (ویرانہ) سے اقفر البلد (شہر ویران ہو گیا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

بلوغ یعنی ماخذ میں پہنچنا جیسے اصبح عالم (عالم صبح کے وقت آیا)

سلب یعنی کسی چیز سے ماخذ کو دُور کرنا جیسے شکی زاهد فاشکیته (زاہد نے شکایت کی تو میں نے اس کی شکایت دُور کردی)

وجدان یعنی کسی کو ماخذ کے ساتھ متصف پانا جیسے ابخلتُ رجلا (میں نے آدمی کو بخیل پایا)۔

نوٹ: ..... ماخذ سے مراد وہ اسم ہے جس سے فعل بنایا جائے جیسے شراك سے اشركتُ

(۲) تفعیل: نزل سے نزّل، بلغ سے بلّغ

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

تعدیہ جیسے نزل (اترا) سے نزّل (اتارا)

تکثیر و مبالغہ جیسے قتل سے قتّل (بہت بری طرح قتل کیا)

تدریج یعنی فعل کو تدریج کے ساتھ وقوع میں لانا جیسے نزّل (بتدریج اتارا)

قصر یعنی مرکب کلمہ یا جملہ کو مختصر کرنا جیسے کبّر (اس نے اللہ اکبر کہا)

بلوغ جیسے خیّم طفل (بچہ خیمے میں آیا)

(۳) مفاعلہ: دفع سے دافع، قتل سے قاتل

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

اشتراک یعنی کسی کام میں ایک سے زیادہ افراد یا گروہوں کا اس طرح شرکت کرنا کہ ان میں ہر دو فاعل بھی ہوں اور مفعول بھی، جیسے خاصم طالب کاتبا (طالب علم اور کاتب نے باہم لڑائی کی)۔

موافقتِ مجرد یعنی ثلاثی مجرد کے معنی میں آنا جیسے سافر علیّ (علی نے سفر کیا)، یہاں سافر سفَر کے معنی میں ہے۔

(ب) دو حرف کے اضافے سے بننے والے ابواب

(۱) انفعال: کسر سے انکسر، قلب سے انقلب

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

لزوم یعنی فعل لازم کے طور پر استعمال ہونا جیسے فتَح (کھولنا) سے انفتح (کھلنا)

ابتداء یعنی مجرد کے معنی سے مختلف معنی میں استعمال ہونا جیسے طلق (جدا کرنا) سے انطلق (وہ چلا گیا)

(۲) افتعال: رفع سے ارتفع، نشر سے انتشر

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

اتّخاذ: یعنی کسی چیز کو ماخذ بنالینا یا ماخذ میں لینا جیسے جحر سے اجتحر الفأر (چوہے نے بل بنالیا)

تصرف یعنی تحصیل ماخذ میں کوشش کرنا جیسے اکتسب العلم (اس نے کوشش سے علم حاصل کیا)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطاوعت فعّل یعنی باب تفعیل کے فعل کے بعد اس غرض کے لیے آنا کہ مفعول نے فاعل کا اثر قبول کرلیا ہے، جیسے حمّلتُه فاحتمل (میں نے اس پر بوجھ لادا تو اس نے بوجھ اٹھالیا۔)

(۳) افعلال: حمِر سے احمرّ، سوِد سے اسودّ

یہ باب ہمیشہ لازم آتا ہے جیسے احمرّ (وہ سرخ ہوا)، اعولّ (وہ بھینگا ہوا)

(۴) تفاعل: رحم سے تراحم، نزع سے تنازع

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

اشتراک یعنی کسی کام میں ایک سے زیادہ افراد یا گروہوں کا اس طرح شرکت کرنا کہ ان میں ہر دو لفظاً فاعل بھی ہوں (بذریعہ عطف مرفوع ہوں) اور مفعول بھی، جیسے تخاصم طالب و کاتب (طالب علم اور کاتب نے باہم لڑائی کی)

تخییل یعنی دوسرے کو دھوکہ دینے کے لیے ظاہر کرنا کہ اسے ماخذ کا حصول ہوا ہے جیسے تمارض طالب (طالب علم نے دکھاوے کے لیے اپنے آپ کو بیمار بنایا۔)

ابتداء جیسے تبارك (وہ بابرکت ہوا) جبکہ اس کا مجرد برَك (اونٹ بیٹھنا) ہے۔

(۵) تفعّل: علم سے تعلّم، نزل سے تنزل

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

تکلف یعنی ماخذ میں تکلف کا اظہار کرنا جیسے تشجّع الرجل (آدمی بہ تکلف بہادر بنا)

تجنّب یعنی ماخذ سے بچنا، جیسے تأثم (وہ گناہ سے بچا)

صیرورت جیسے تموّل الطفل (بچہ مالدار بن گیا)

تدریج جیسے تجرع الشارب (پینے والے نے گھونٹ گھونٹ کر کے پیا۔)

ابتداء جیسے تکلم (اس نے کلام کیا)، مجرد میں کلَم سے مراد زخمی کرنا ہے۔

(ج) تین حروف کے اضافے سے بننے والے ابواب

(۱) استفعال: خرج سے استخرج، نصر سے استنصر

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

طلب ماخذ جیسے استغفر (اس نے مغفرت طلب کی)

حسبان یعنی کسی کو ماخذ سے متصف گمان کرنا جیسے حسن سے استحسنتُه (میں نے اسے اچھا سمجھا)

وجدان یعنی ماخذ سے متصف پانا جیسے استکرمتُه (میں نے اسے عزت والا پایا۔)

اتخاذ جیسے استوطن انجَلترا (اس نے برطانیہ کو وطن بنالیا۔)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قصر جیسے استرجع (اس نے انا للہ و انا الیہ رٰجعون پڑھا۔)

(۲) افعیعال: ملُح سے املولح، خشُن سے اخشوشن

یہ باب ہمیشہ لازم آتا ہے۔

مبالغہ اس کی ایک اہم خصوصیت ہے جیسے اعشوشبت الارض (زمین بہت گھاس والی ہوگئی۔)

(۳) افعوّال: جیسے جلذ سے اجلوّذ (تیز تیز چلنا)، خرط سے اخروط (لکڑی تراشنا)

یہ باب اکثر لازم آتا ہے۔

اس کی اہم خصوصیت مبالغہ ہے جیسے اجلوّذ (بہت تیز چلنا)

(۴) افعیلال: جیسے دھِم سے ادھامّ (بہت سیاہ رنگ کا ہونا)، دھِس سے ادھاسّ (پودے اور زمین وغیرہ کا سیاہی مائل ہونا)

یہ باب بھی اکثر لازم آتا ہے۔ اس میں بھی مبالغہ پایا جاتا ہے جیسے ادھامّ کے معنی سے ظاہر ہو رہا ہے۔

رباعی کے ابواب

اگر کسی فعل کا مادہ چار حروف پر مشتمل ہو تو اسے رباعی کہتے ہیں، اس کے چار ابواب ہیں، ان میں سے ایک رباعی مجرد جبکہ تین رباعی مزید فیہ کے ابواب ہیں:

(۱) فعلَلَۃ (رباعی مجرد): جیسے دحرج، زلزل، وسوس

اس باب کی اہم خصوصیات یہ ہیں:

قصر جیسے بسمَل (بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا)

الباس ماخذ جیسے برقعتہ (میں نے اسے برقع پہنایا۔)

مطاوعت خود جیسے غطرش اللیل بصرہ فغطرش (رات نے اس کی نگاہ کو پوشیدہ کیا تو وہ پوشیدہ ہوگئی۔)

(۲) تفعلُل: جیسے دحرج سے تدحرج

اس باب کی اہم خصوصیت مطاوعت فعلل ہے، جیسے دحرجتہ فتدحرج (میں نے اسے لڑھکایا تو وہ لڑھک گیا۔)

(۳) افعنلال: جیسے احرنجم (جمع ہونا)

(۴) افعلّال: جیسے اقشعرّ

ملحق بہ رباعی

ثلاثی مجرد میں اگر حرف یا حروف کے اضافے سے وہ رباعی کے کسی باب کا ہم وزن ہو جائے اور اس ثلاثی مزید فیہ کے مصدر کا وزن بھی ہم وزن رباعی کے وزن پر ہو تو اسے باب ملحق بہ رباعی کہا جاتا ہے۔ ملحق بہ رباعی کے کل سولہ ابواب ہیں۔ ان میں سے سات باب فعللۃ، سات تفعلل اور دو افعنلال سے ملحق ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہفت اقسام

اسماء وافعال اپنے حروفِ اصلی کے اعتبار سے سات اقسام میں تقسیم ہوتے ہیں، جنھیں ہفت اقسام کہا جاتا ہے، یہ ہفت اس شعر میں جمع ہیں ۔

صحیح است و مَثال است و مُضاعف لفیفُ ناقصُ مهموزُ اجوف

(۱) **صحیح**: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی میں حرفِ علت (واو)، ہمزہ اور دو ہم جنس حروف نہ ہوں، جیسے نصر، بعثر، رجل وغیرہ۔

(۲) **مَثال**: وہ کلمہ ہے جس میں 'ف' کلمہ حرفِ علت ہو، جیسے وعَد، وزَن وغیرہ۔ اسے معتلّ الفاء بھی کہتے ہیں۔

(۳) **اجوف**: وہ کلمہ ہے جس میں 'ع' کلمہ حرفِ علت ہو، جیسے قال، باع، لیل، ثور وغیرہ۔ اسے معتلّ العین بھی کہتے ہیں۔

(۴) **ناقص**: وہ کلمہ ہے جس میں 'ل' کلمہ حرفِ علت ہو، جیسے رضی، خشی، رمٰی، دلو وغیرہ۔ اسے معتلّ العین بھی کہتے ہیں۔

(۵) **لفیف**: وہ کلمہ ہے جس میں دو حرفِ علت ہوں، لفیف دو قسم کا ہوتا ہے؛ اگر دو حرف علت جدا جدا ہوں تو اسے لفیف مفروق کہتے ہیں، اس میں عین کلمہ حرفِ صحیح ہوتا ہے، جیسے وقٰی، وفٰی، وحی وغیرہ۔

البتہ اگر دو حرف علت متصل ہوں تو اسے لفیف مقرون کہتے ہیں، اس میں صرف فاء کلمہ یا صرف لام کلمہ حرف صحیح ہوتا ہے، جیسے طوٰی، یوم وغیرہ۔

(۶) **مهموز**: وہ کلمہ ہے جس کے حروفِ اصلی میں ہمزہ ہو، مہموز تین قسم کا ہوتا ہے؛

اگر 'ف' کلمہ کی جگہ پر ہمزہ ہو تو اسے مہموز الفاء کہتے ہیں، جیسے أمر، أکل، ابل وغیرہ

اگر 'ع' کلمہ کی جگہ پر ہمزہ ہو تو اسے مہموز العین کہتے ہیں، جیسے سال، رأس، فأس وغیرہ

اور اگر 'ل' کلمہ کی جگہ پر ہمزہ ہو تو اسے مہموز اللام کہتے ہیں، جیسے قرأ، برأ وغیرہ

(۷) **مضاعف**: وہ کلمہ جس میں دو حرف ایک جنس کے ہوں مضاعف کہلاتا ہیں، مضاعف دو قسم کا ہوتا ہے؛

اگر عین اور لام کلمہ ایک جنس کے ہوں تو اسے مضاعف ثلاثی کہتے ہیں، جیسے مدّ، شدّ، ردّ، حُبّ وغیرہ

اور اگر فاء اور لام اول اور عین اور لام ثانی ایک جنس کے ہوں تو اسے مضاعف رباعی کہتے ہیں، جیسے زلزلة، قلقلة وغیرہ

نوٹ: بعض کلمات مخلوط ہوتے ہیں، ہفت اقسام کی ایک سے زیادہ اقسام ایک ہی کلمہ میں جمع ہو جاتی ہیں، جیسے اوبٌ مہموز ہے اور اجوف بھی۔ اسی طرح ایدٌ ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرف

عربی زبان میں حرف ''کنارے'' کو کہتے ہیں۔ یہاں قواعدِ گرامر میں حرف سے مراد وہ کلمہ ہے جو اکیلا کوئی معنیٰ نہ دیتا ہو۔ بلکہ اپنا مطلب بتانے کے لیے کسی اسم یا فعل کا محتاج ہو۔ جیسے: تک، طرف، پر، میں، نہیں، ہاں، ساتھ، اور۔

عربی زبان میں حروف کی بہت سی قسمیں ہیں۔

☆.....بعض اسم کے ساتھ آتے ہیں۔

☆.....بعض فعل کے ساتھ آتے ہیں۔

☆.....بعض دونوں کے ساتھ۔

ذیل میں چند حروف بہ طور مثال دیے جا رہے ہیں انہیں ترجمے سمیت اچھی طرح یاد کر لیں۔

حروف	معانی	حروف	معانی	حروف	معانی	حروف	معانی
وَ	اور/قسم سے	لَا	نہیں/مت			أَ	کیا؟
بِ	ساتھ	فَ	پس	اِنَّ	بے شک	اِنْ	اگر
اَنْ	یہ کہ	لِ	کے لیے/واسطے	لَوْ	اگر	عَنْ	سے/کے متعلق
فِيْ	میں	نَعَمْ	جی ہاں	مِنْ	سے	ثُمَّ	پھر
عَلٰى	پر	اِلٰى	طرف/تک	اِلَّا	مگر/سوا	كَ.....	مانند/کی طرح
قَدْ	تحقیق، یقیناً، بے شک	لَمْ	نہیں	لَمَّا	جب/ابھی تک نہیں	اِنَّمَا	بس/صرف/اس کے سوا نہیں
لَعَلَّ	شاید/تا کہ/امید ہے	أَنَّ	کہ بے شک	لٰكِنَّ	لیکن	حَتّٰى	حتی کہ/یہاں تک کہ

مشق

1 .....درج ذیل فقروں کو خود تحریر کریں اور سامنے خالی جگہ پر ان کا ترجمہ تحریر کریں۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ .....

بِاللّٰهِ .....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِالْغَيْبِ .....

مِنَ الشَّيْطٰنِ .....

مِنَ الظُّلُمٰتِ .....

اِنَّ الدِّيْنَ .....

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ .....

عَلٰى قُلُوْبِهِمْ .....

اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ .....

2.....درج ذیل عربی فقروں کا ترجمہ کریں اور ان میں سے اسم، فعل، حرف کی شناخت کریں!

❀ ..... اِسْمِيْ مَكْتُوْبٌ عَلَى الْكِتَابِ .....

.....

.....

❀ ..... حَفِظْتُ سُوْرَةً مِنَ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ .....

.....

❀ ..... ذَهَبَ أَبِيْ اِلَى الْمَسْجِدِ .....

.....

❀ ..... ءَ أَنْتَ مُدَرِّسٌ ؟ .....

.....

.....

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

جُمَلٌ شَائِعَةٌ مَشْهُورَةٌ

Commonly used famous sentences

عام طور پر استعمال ہونے والے مشہور جملے

اِسرَعْ اِلَیَّ	میرے پاس جلدی آؤ۔
لستُ اَستَغنی عنه	اس کے بغیر میرا کام نہیں چل سکتا۔
انا مَشغول جدا بِفرضی	میں اپنے کام میں مصروف ہوں۔
علی ایِّ شیء تُفَتِّشُ	آپ کیا ڈھونڈتے ہیں؟
کَثُرَ المصروف	خرچ زیادہ ہوگیا۔
انا مُتَاَسِّف علیه	مجھے اس پر افسوس ہے۔
اَنَا راضٍ عنك	مَیں تم سے خوش ہوں۔
هو ساخِط منك	وہ تم سے ناراض ہے۔
هذا لایَلیق لِشانِکم	یہ کام آپ کے لائق نہیں ہے۔
هذا لایَصْلُحُ اِلَّا لَك	یہ آپ ہی کے لیے مناسب ہے۔
لیس لی به علم	مجھے اس کا علم نہیں۔
ان سلوکه غیرُ جید	اس کا چال چلن اچھا نہیں۔
یجِبُ ان تُعامِلَه بِالرقّة	اس کے ساتھ نرمی سے معاملہ کیجیے۔
هذا ما کنا نَبغِی	ہم یہی چاہتے تھے۔
انی اُحسِنُ الظن بکم	میں آپ کے ساتھ نیک گمان رکھتا ہوں۔
اتقوا مَوَاضِعَ التُّهَم	تہمت کی جگہ سے بچو۔
یالیتنی کنتُ معهم	کاش! میں ان کے ساتھ ہوتا۔
لقد سرَّنی رُؤیتُکم	میں آپ کی ملاقات سے خوش ہوا ہوں۔
ارجو ان تعفُوَ عنی	مجھے امید ہے کہ آپ مجھے معاف کردیں گے۔
أنت مُخطِی و انا مُصِیب	آپ غلطی پر ہیں اور میں راستی پر ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دَعْنِی وَحدی	مجھے اکیلا چھوڑ دیجیے۔
دعنی و شَانی	مجھے میرے حال پر رہنے دیجیے۔
لا اظنُّ انك تَفُوزُ به	میرا نہیں خیال کہ تم اس میں کامیاب ہو۔
لایُهِمُّنی ذٰلك	مجھے اس کا کچھ غم نہیں۔
هذا لایَتَعَلَّقُ بی	یہ میرے متعلق نہیں۔
لیس هذا شُغلی	یہ میرا کام نہیں۔
هذا لایَصلح لشیء	یہ کسی کام کی نہیں۔
الاحسنُ ان تَرُدَّه	بہتر یہ ہے کہ اسے واپس کر دو۔
عَلَیَّ به	اسے میرے پاس لاؤ۔
هذا عارٌ عَلَیك	یہ بڑے شرم کی بات ہے۔
بِکَم اشتریتَ هذا الکتاب	یہ کتاب آپ نے کتنے کی خریدی ہے؟
بِمِاتَین رُوبیة	دوسو روپے میں۔
هذا وعد غیرُمَکذُوب	یہ جھوٹا وعدہ نہیں۔
لاتُخجِلنی بین ایدِی الناس	لوگوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کیجیے۔
لیس هذا جید	یہ اچھا نہیں ہے۔
من ایِّ دکّان جئتَ به	آپ یہ کس دکان سے لائے ہیں؟
حَمِّمِ الادَام لِئَلَّایَتَسَنَّه	سالن گرم کر لیجیے تا کہ خراب نہ ہو۔
مِن فضلِك اَصلِح کلامی	براہِ کرم میرے کلام کی تصحیح کر دیجیے۔
الاتَنتَهِی عن صَنِیعِك؟	آپ اپنی حرکت سے باز نہیں آتے؟
الاتقبَل امری؟	کیا آپ میرا حکم نہیں مانتے؟
اَرِنِی ما جِئتَ به	جو آپ لائے ہیں مجھے دکھایے۔
قلتُ لك عَشرَ مرّات	میں نے تجھے دس دفعہ کہا ہے۔
ما علینا الا البلاغ	ہمارا کام تو تمھیں آگاہ کر دینا ہے۔
و الخِیارُ فی یدك	باقی تمھیں اختیار ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لایمکِنُ ذلك ابدا	یہ کبھی ممکن نہیں۔
ما احلٰی کلامُه	اس کا کیسا شیریں کلام ہے۔
حضرتُ فی خِدمتِکم	مَیں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔
اِجتَنِبُوا سوءَ الظن	بدگمانی سے پرہیز کرو۔
ایاك و سوءَ الادب	بے ادبی سے گریز کرو۔
مُحسنُ الادب سَعِید و مُسِیءُ الادبِ شَقِیّ	باادب بانصیب بے ادب بے نصیب
علیکم بالجِدّ و الاجتِهَاد و المقصودُ اَمَامَکم	محنت کیے جاؤ، منزلِ مقصود آپ کے سامنے ہے۔
الاصدِقَاء کلُّهم بالسَّلامة	سب دوست خیریت سے ہیں۔
عجَّلَ الله تعالٰی شفاءَ ہ	اللہ تعالیٰ اسے جلد شفا عطا کرے۔
اِجتهِدُوا علی قَدَر الهِمَم	اپنی ہمت کے مطابق محنت کرو۔
لاتقفُ ما لیس لكَ به عِلم	جس چیز کا آپ کو علم نہیں اس کے پیچھے مت پڑیں۔
الیوم اعمَلُ ما شئتَ لاتَدری مایَحدُثُ غدًا	جو کرنا ہے آج کر لیں، معلوم نہیں کل کیا ہو۔
قَیِّدْ ذٰلك لِکیلاتَنسٰی	اسے نوٹ کر لیجیے کہ کہیں بھول نہ جائیں۔
لِمَ فَتَحتَ صَنْدُوقِی بِغَیرِ اِذْنی؟	آپ نے میرا صندوق (باکس) میرے اجازت کے بغیر کیوں کھولا؟
الیومَ عندی شُغل مهم	آج مجھے ضروری کام ہے۔
عندی اشغالٌ کثیرة و لستُ فارغا فی وقت	مجھے بہت کام ہیں، کسی وقت بھی فرصت نہیں۔
لاتُحادثوا فی المسجد	مسجد میں باتیں مت کریں۔
صادَفَنی فی اثناءِ الطریق	وہ مجھے راستے میں اتفاقاً مل گیا۔
متٰی جِئت؟	آپ کب آئے ہیں؟
خجِلتُ مِنك و لا ادری ما اَقول	میں آپ سے شرمندہ ہوں اور کچھ نہیں سمجھتا کہ کیا کہوں۔
صَبِّرْ نفسَك عندَ کلِ مُصیبة	ہر مصیبت کے وقت اپنے آپ کو صبر دلاؤ۔
لاافهَمُ کلامَك و لاتَفقَه کلامی	آپ میری بات نہیں سمجھتے اور نہ مَیں آپ کی بات سمجھتا ہوں۔
هذا کلُّه لك	یہ سب کچھ آپ کا ہے۔
اِسمَع قِصَّتِی ثم اصنَعْ ما شئت	میرا حال سن لو، پھر جو چاہو کرو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضاقتْ عليهم الارضُ بِمَا رَحُبَت	زمین باوجود کشادگی کے ان پر تنگ ہوگئی۔
ذكّرْنِي، أُخبِرُكَ عنِ الكتابِ، ان شاء الله	مجھے یاد کروانا میں، ان شاء اللہ، آپ کو کتاب کے بارے میں بتاؤں گا۔
ما احوَجَنِي الى ذلك	مجھے اس کی بہت ضرورت ہے۔
اِنْصَرِفْ	چلے جایئے۔
لستُ حاملا مَعِي فُلُوسا	میں اپنے ساتھ پیسے نہیں لایا۔
مالِي اَرَاكَ سَاكتا؟	کیا بات ہے کہ میں آپ کو خاموش دیکھتا ہوں؟
قد اصَبتُم ما عَمِلتُم	تم نے جو کچھ کیا ٹھیک کیا ہے۔
انْ اَحْسَنتُم احسنتم لانفسِكُم وان اسأتم فلها	اگر تم اچھا کرو گے تو اپنے لیے۔ برا کرو گے تو اپنے لیے۔
انْ اَحْبَبْتَ فَنَذهَب الَى السُّوقِ الاردى	آپ کا ارادہ ہو تو اردو بازار چلیں۔
خيرُ الناسِ مَن يَنفعُ الناس	بہترین شخص وہ ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔
كنتُ أُصلّي في المسجد	میں مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا۔
صِفْ لَنَا صَاحِبَكم هذا	اپنے اس ہمراہی کا تعارف کرایے۔
لايعرِفُ قَدْرَك	وہ آپ کا مقام و مرتبہ نہیں پہچانتا۔
كُلْ مااشْتَهَيْتَ مِن السَّمَكِ و الدَّجَاجَة	مچھلی اور مرغی میں سے جس چیز کو آپ کا دل چاہے تناول کیجیے۔
لاتجْهَر بِالصّوت	زیادہ بلند آواز سے نہ بولو۔
ليستْ قِرَائَتُك جَيّدة	آپ اچھا نہیں پڑھتے۔
اِجْلِس مُسْتَرِيحا	آرام سے بیٹھیں۔
اَتَسْمَحُ لِي؟	کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں؟
اياك و الجُلُوسَ عَلَى الطُّرُقات	راستوں میں نہ بیٹھو۔
ليس احد يَجْتَرِى ان يَّتَكلَّم بين يَدَيه	کسی کو جرأت نہیں ہوتی کہ اس کے سامنے بات کرے۔
كيفَ صِحَّتُك؟	آپ کا مزاج کیسا ہے؟
انى فى غايَةِ مايكونُ مِنَ الِانْشِرَاح	میں نہایت ہی خوش ہوں؟
سعيد بِرُؤيَتِك	آپ کی ملاقات سے بہت خوشی ہوئی۔
أستَاذِنُ حَضْرَتَكم	میں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جُمَلٌ شَائِعَةٌ

أَنَا أَعْرِفُ	میں جانتا ہوں	I know
أَنَا لَا أَعْرِفُ	میں نہیں جانتا	I don't know
أَنَا لَا أَعْرِفُ حَتَّى الآنَ	مجھے اب تک معلوم نہیں ہے	I don't know till now
أَنَا أُدْرِكُ	میں سمجھتا ہوں	I understand it
أَنَا أَفْهَمُكَ	میں آپ کی بات سمجھتا ہوں	I understand you
أَنَا أُحِبُّكَ	میں آپ سے محبت کرتا ہوں	I love you
إِنِّي أَرْغَبُ فِي الدَّفْعِ	میں ادائیگی کرنا چاہتا ہوں	I want to pay
أُرِيدُ شَيْئاً كَهَذَا	میں اس جیسی کوئی چیز چاہتا ہوں	I want something like this
أَنَا آسِفٌ لِإِزْعَاجِكَ	مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ کو پریشان کیا	I am sorry to disturb you
أَنَا مُسْتَعْجِلٌ	میں جلدی میں ہوں	I am in a hurry
أَنَا سَعِيدٌ	میں خوش نصیب ہوں	I am lucky
أَنَا فَرِحٌ	میں خوش ہوں	I am happy
أَنَا مَرِيضٌ	میں بیمار ہوں	I am sick
أَنَا جَائِعٌ	مجھے بھوک لگی ہے۔	I am hungry
أَنَا غَاضِبٌ	میں غصے میں ہوں	I am angry
أَنَا عَطْشَانٌ	میں پیاسا ہوں	I am thirsty
أَنَا نَعْسَانٌ	مجھے نیند آ رہی ہے	I am sleepy (drowsy)
أَنَا تَعْبَانٌ	میں تھکا ہوا ہوں	I am tired
أَنَا مَشْغُولٌ	میں مصروف ہوں	I am busy
أَنَا تَائِهٌ	میں بھٹک گیا ہوں	I am lost
أَنَا مُتَأَخِّرٌ	مجھے دیر ہو گئی ہے	I am late
يَنْبَغِي أَنْ أَذْهَبَ	مجھے جانا چاہیے	I should go
دَعْنِي لِوَحْدِي	مجھے تنہا چھوڑ دو	Leave me alone
دَعْنَا نَذْهَبْ	آؤ چلیں	Let us go

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَزَالُ الْوَقْتُ بَاكِراً	ابھی تو سویرا ہے	It's still early
إِنَّهُ لَيْسَ خَطَئِي	یہ میری غلطی نہیں ہے	It's not my mistake
إِنَّهُ أَمْرٌ مُهِمٌّ	یہ اہم بات ہے	It is an imprtant matter
إِنَّهُ أَمْرٌ طَارِئٌ	یہ ناگہانی بات ہے۔	It's an accidental occurrence
هَذَا كُلُّ الَّذِي مَعِي	میرے پاس یہی سب کچھ ہے	This is all what I have
هَذَا مَا أُرِيْدُهُ فِعْلاً	میں یہی چاہتا ہوں	This is what I want.
لَقَدْ فَاتَهُمُ الْقِطَارُ	ان کی ٹرین چھوٹ گئی ہے۔	They missed the train
أَشْكُرُكَ	میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں	I thank you
مِنْ فَضْلِكَ	براہ کرم	Please
أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ	معذرت چاہتا ہوں	I apologize
طَيِّبٌ	ٹھیک ہے	Good/ Okay
حَسَناً	بہتر ہے	Well/ All right
أَهْلاً بِكَ	خوش آمدید	You are welcome
آسِفٌ	مجھے افسوس ہے	I am sorry
رُبَّمَا	شاید	Perhaps
أَسْتَمِيْحُكَ عُذْراً	معافی چاہتا ہوں	I beg your pardon
آمَلُ ذٰلِكَ	مجھے اس کی امید ہے	I hope so
بِالطَّبْعِ	بیشک	Of course/ No doubt
بِالتَّأْكِيْدِ	یقیناً	Definitely
حَالاً	ابھی اسی وقت	Immediately
كَالْمُعْتَادِ	حسب معمول	As usual
عَلَى الْعُمُوْمِ	عموماً	Generally
عَلَى الْأَقَلِّ	کم از کم	At least
إِطْلَاقاً	بالکل نہیں	Absolutely not, not at all
لِفَتْرَةٍ مَا	کچھ عرصے کے لیے	For some time

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي أَيِّ حَالٍ	بہر حال ۔ بہر طور	Any way , in any case
دَقِيقَةً وَاحِدَةً	بس ایک منٹ	Just a minute
قَلِيلًا	تھوڑا سا	A little (rarely)
إِذَا كَانَ ضَرُورِيًّا	اگر ضروری ہوا	If necessary
لَيْسَ بِهَذِهِ السُّرْعَةِ	اتنی جلدی نہیں	Not so fast
لَيْسَ مِنْ زَمَنٍ	زیادہ عرصہ نہیں ہوا	Not since a long time
بَعِيدٍ	دور	Side by side
جَنْبًا إِلَى جَنْبٍ	پہلو بہ پہلو	More and more
أَكْثَرَ فَأَكْثَرَ	زیادہ سے زیادہ	No one else
مَا مِنْ أَحَدٍ آخَرَ	اور کوئی نہیں	This and that
هَذَا وَ ذَاكَ	یہ اور وہ	Very bad
سَيِّءٌ لِلْغَايَةِ	بہت ہی برا	(Extremely bad)
أَخِيرًا	آخر کار	At last (finally)
فِي طَرِيقِهِ	اپنے راستے میں	On his way
فِي طَرِيقِ الْعَوْدَةِ	واپسی میں	On his way from
لِبَعْضِهِمُ الْبَعْضِ	ایک دوسرے کے لیے	For each other
لِلشَّخْصِ الْوَاحِدِ	فی کس	Per person
الْإِيجَارِ	کرائے کے لیے	To let
لِلْبَيْعِ	برائے فروخت	For sale
لَا مُشْكِلَةَ	کوئی پریشانی کی بات نہیں	No problem
الطِّرَازُ السَّائِدُ	مروّجہ اسٹائل	In fashion
كَمْ هَذَا مُدْهِشٌ!	کتنا تعجب خیز ہے!	How surprising is this?
إِنْتَبِهْ	خبردار رہو	Take notice
إِحْذَرْ	محتاط رہو	Beware
لَاتَنْسَى	مت بھولو	Don't forget

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Do good	اچھا کام کرو	اِعْمَلْ مَعْرُوْفًا
Sit down, please	تشریف رکھیے	تَفَضَّلْ بِالْجُلُوْسِ
Help me	میری مدد کیجیے	سَاعِدْنِي
Wait for me	میرا انتظار کیجیے	اِنْتَظِرْنِيْ
Hurry up	جلدی کیجیے	أَسْرِعْ
Follow me	میرے پیچھے آیئے	اِتْبَعْنِي
Guide me	میرے آگے چلیے (راستہ بتایئے)	تَقَدَّمْنِي
Come in	اندر آجاؤ	أُدْخُلْ
Go ! / proceed !	چلے جاؤ	اِرْحَلْ
Give me	مجھے دو	أَعْطِنِي
Talk to me	مجھ سے بات کرو	حَدِّثْنِي
Show me	مجھے دکھاؤ	أَرِنِي
This will be fine	اچھا رہے گا	سَيَكُوْنُ ذَلِكَ
What	کیا	مَاذَا
When	کب	مَتَى
Where	کہاں	أَيْنَ
Who	کون	مَنْ
Why	کیوں	لِمَاذَا
Which	کون سا	أَيٌّ
How	کیسے	كَيْفَ
How much (How many)	کتنا	كَمْ
What is this?	یہ کیا ہے؟	مَاهَذَا؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الاوقات (Times)

اَللَّيْلُ	رات	Night
اَلصَّبَاحُ	صبح	Morning
اَلْمَسَاءُ	شام	Evening
نِصْفُ النَّهَارِ	آدھا دن	Midday
نِصْفُ اللَّيْلِ	آدھی رات	Midnight
أَوَّلُ أَمْسِ	پرسوں (گذشتہ)	Day before yesterday
بَعْدَ غَدٍ	پرسوں (آئندہ)	Day after tomorrow
قَرْنٌ	صدی	Century
كُلَّ يَوْمٍ	ہر روز	Every day
كُلَّ أُسْبُوْعٍ	ہر ہفتہ	Every week
كُلَّ شَهْرٍ	ہر مہینہ	Every month
كُلَّ سَنَةٍ	ہر سال	Every year
يَوْمِيٌّ	روزانہ	Daily
أُسْبُوْعِيٌّ	ہفتہ وار	Weekly
شَهْرِيٌّ	ماہانہ	Monthly
سَنَوِيٌّ	سالانہ	Yearly
نِصْفُ شَهْرِيٍّ	پندرہ روزہ	Bimonthly
نِصْفُ سَنَوِيٍّ	ششماہی	Half- Yearly

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَیَّامُ الْأُسْبُوْعِ ہفتہ کے دن Days of the Week

یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ	پیر	Monday
یَوْمُ الثُّلَاثَاءِ	منگل	Tuesday
یَوْمُ الْأَرْبِعَاءِ	بدھ	Wednesday
یَوْمُ الْخَمِیْسِ	جمعرات	Thursday
یَوْمُ الْجُمُعَةِ	جمعہ	Friday
یَوْمُ السَّبْتِ	سنیچر، بار	Saturday
یَوْمُ الْأَحَدِ	اتوار	Sunday
فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ	پیر کے روز	On Monday
فِی یَوْمِ الثُّلَاثَاءِ	منگل کے روز	On Tuesday
فِی یَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ	بدھ کے روز	On Wednesday
فِی یَوْمِ الْخَمِیْسِ	جمعرات کے روز	On Thursday
فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ	جمعہ کے روز	On Friday
فِی یَوْمِ السَّبْتِ	ہفتہ کے روز	On Saturday
فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ	اتوار کے روز	On Sunday
فِیْ الصَّبَاحِ	صبح کو	In the morning
خِلَالَ الْیَوْمِ	دن میں	During the day
بَعْدَ الظُّهْرِ	دوپہر بعد	Afternoon
فِیْ الْمَسَاءِ	شام کو	In the evening
فِی اللَّیْلِ	رات کو	At night
بِالْأَمْسِ	کل (گذشتہ)	Yesterday
اَلْیَوْمَ	آج	Today
غَدًا	کل (آئندہ)	Tomorrow
مُنْذُ یَوْمَیْنِ	دو دن ہوئے	Two days ago

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

After three days	تین دن کے بعد	بَعْدَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ
Last week	گزشتہ ہفتہ	فِي الْأُسْبُوعِ الْمَاضِي
Next week	آئندہ ہفتہ	فِي الْأُسْبُوعِ الْقَادِمِ
In the current year	رواں سال میں	فِي السَّنَةِ الْحَالِيَّةِ
Last year	گزشتہ سال	فِي السَّنَةِ الْمَاضِيَّةِ
Next year	آئندہ سال	فِي السَّنَةِ الْقَادِمَةِ
Day	دن	يَوْمٌ
Holiday	چھٹی کا دن	يَوْمُ إِجَازَةٍ
Working day	کام کا دن	يَوْمُ عَمَلٍ
Birthday	یوم پیدائش	عِيدُ مِيلَادٍ
Hour	گھنٹہ	سَاعَةٌ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَشْهُرُ السَّنَةِ سال کے مہینے Months of the Year

January	جنوری	يَنَايِر (كَانُوْن الثَّانِي)
February	فروری	فَبْرَايِر (شُبَاط)
March	مارچ	مَارِسَ
April	اپریل	أَبْرِيْلَ (نَيْسَان)
May	مئی	مَايُو (اَيَار)
June	جون	يُوْنِيُو (حَزِيْرَان)
July	جولائی	يُوْلِيُو (تَمُوْز)
August	اگست	أَغُسْطُسَ (آب)
September	ستمبر	سِبْتِمْبر (اَيْلُوْل)
October	اکتوبر	أُكْتُوْبَر (تِشْرِيْن الأَوَّل)
November	نومبر	نُوْفَمْبَر (تِشْرِيْن الثَّانِي)
December	دسمبر	دِيْسَمْبَر (كَانُون الأَوَّل)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

اَلإِشَارَاتُ وَالتَّحْذِيرَاتُ علامات اور نوٹس Signs and Notices

Caution! Beware!	ہوشیار، خبردار	اِحْتَرِسْ ، إِحْذَرْ
Beware of the dog!	کتے سے ہوشیار	اِحْتَرِسْ مِنَ الْكَلْبِ
Push	دھکا دیجیے	اِدْفَعْ
Information/ Enquiry	انکوائری	اِسْتِعْلَامَاتٌ
Private	پرائیویٹ	خَاصٌّ
To the right	دائیں جانب	إِلَى الْيَمِيْنِ
To the left	بائیں جانب	إِلَى الْيَسَارِ
Road is closed	راستہ بند ہے۔	اَلشَّارِعُ مُغْلَقٌ
Danger	خطرہ	خَطَرٌ
Mortal danger	موت کا خطرہ	خَطَرُ الْمَوْتِ
Exit	باہر (آنے کا راستہ)	خُرُوْجٌ
Entrance	اندر (جانے کا راستہ)	دُخُولٌ
Pedestrians only	پیدل چلنے والوں کے لیے	لِلْمُشَاةِ
Wrong way	غلط راستہ	طَرِيْقٌ خَطَأٌ
Closed for repair work	مرمت کی وجہ سے بند ہے۔	مُغْلَقٌ لِلتَّحْسِيْنِ
Admission free	داخلہ مفت ہے۔	اَلدُّخُوْلُ مَجَّانًا
Please ring the bell	براہ کرم گھنٹی بجائیے	دُقَّ الْجَرَسَ مِنْ فَضْلِكَ
Gentlemen	مرد	رِجَالٌ
Ladies	عورتیں	سَيِّدَاتٌ
For rent / To let	کرائے کے لیے	لِلإِيْجَارِ
Sold out	فروخت شدہ	مُبَاعٌ
Keep away from the grass	گھاس سے الگ چلیے	اِنْتَبِهْ لِلْحَشِيْشِ
Keep silence	خاموش رہیے۔	هُدُوْءٌ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

